Trillium آپ کی صحت کی نگہداشت کے اہداف کو پورا کرنے میں آپ مدد کے لیے موجود ہے۔ باہمی اشتراک کے ذریعے، ہم آپ کی مخصوص ضروریات کی بنیاد پر نگہداشت کو مربوط بنانے کے لیے کام کرتے ہیں۔ تندرستی اور بچاؤ کا ایک جامع منصوبہ تشکیل دینے کے لیے ہم آپ، آپ کے فراہم کنندگان اور آپ کی جانب سے نامزد کردہ کسی بھی دوسرے فرد کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ آپ کی ضروریات کو پورا کرنے کی یقین دہانی کے لیے ہم کمیونٹی میں موجود وسائل اور ہماری نگہداشت کی ٹیم کے ساتھ ایک مربوط طریقہ کار کو استعمال میں لاتے ہیں۔ اس طریقہ کار کے ذریعے آپ کو صحت کی نگہداشت کے نظام کے ذریعے ایک مکمل صحت مند انسان ہونے میں مدد ملتی ہے، جس میں جسمانی صحت، رویوں کی صحت کا علاج معالجہ اور منہ/ڈینٹل صحت اور اس کے علاوہ رکاوٹوں کو ہٹانے میں معاونت بھی شامل ہے۔

جب آپ کیئر کوآرڈی نیٹر، کیس مینجر یا انٹینسو کیئر کوآرڈی نیٹر سروسز پروگرام میں ہوتے ہیں تو آپ کے لیے ایک کیئر مینجر کو مقرر کیا جاتاہے۔ آپ کا کیئر مینجر آپ کے ساتھ مل کر نگہداشت کا ایک منصوبہ تیار کرتا ہے۔ اس منصوبے میں آپ کی ضروریات کو پورا کرنے والی سرگرمیاں ہوں گی۔ آپ کی صحت اور فلاح وبہبود میں بہتری لانے کے لیے آپ اور آپ کی ٹیم اہداف بنانے کے عمل میں مل کر شامل ہوں گے۔ نگہداشت کی اس ٹیم میں آپ کا ڈاکٹر، تھیراپسٹ، خاندان یا کوئی بھی دوسرا ایسا فرد شامل ہو سکتاہے جس کے لیے آپ کی صحت اہم ہے۔ نگہداشت کے منصوبوں کو سال میں کم از کم ایک مرتبہ اپڈیٹ کیا جائے گا،لیکن جب آپ اپنے اہداف حاصل کرلیتے ہیں یا آپ کی ضروریات میں کوئی تبدیلی آتی ہے تو ایسی صورت میں ان کو پہلے بھی اپڈیٹ کیا جاسکتا ہے۔ آپ کسی بھی وقت کیئر کوآرڈینیٹر کے بارے میں معلوم کرسکتے ہیں۔ یہاں پر میمبر سروسز سے رابطہ کریں (TTY: 711) 1-877-600-5472۔ کیئر کوآرڈینیٹر سے بات کرنے کا کہیں۔ ہم بھی آپ سے رابطہ کر سکتے ہیں اگر آپ کا فراہم کنندہ یا کمیونٹی کا کوئی دوسرا فرد ہم سے مدد طلب کرے گا۔

کلچر کے لحاظ سے حساس صحت کی تعلیم

ہم اپنے ارکان کے وقار اور تنوع کا احترام کرتے ہیں اور ہم ان کمیونتیز کا بھی احترام کرتے ہیں جہاں وہ رہائش پزیر ہیں۔ ہم تمام کلچرز، زبانوں، قومیتوں، نسلی تناظر رکھنے والوں، صلاحیتوں، مذاہب، جنسوں، جنسی سمت بندی رکھنے والوں، جنسی شناخت رکھنے والوں اور دیگر خصوصی ضروریات رکھنے والے اپنے تمام ارکان کی ضروریات کو پورا کرنے کے خواہش مند ہیں۔ ہماری خواہش ہے کہ ہمارے منصوبے میں تمام افراد پُرسکون اور بہتر خدمت وصول کرنے والا محسوس کریں۔

صحت مندانہ زندگی گزارنے کے لیے ہمارے پاس آپ کے استعمال کے لیے کئی پروگرام اور سرگرمیاں ہیں۔ ہمارے صحت کے تعلیمی پروگراموں میں خود سے نگہداشت، بچاؤ اور خود سے بیماری کی دیکھ بھال شامل ہیں۔ ان خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ مہربانی یہاں پر میمبر سروسز سے رابطہ کریں 1-877-600-5472؛ TTY 711۔

کمیونٹی ایڈوائزری کاؤنسل

Trillium کے پاس دو کمیونٹی ایڈوائزری کاؤنسل (CACs) ہیں۔ ایک CAC جنوب میں لین کاؤنٹی کی نمائندگی کرتی ہے۔ ایک CAC شمال میں کلاکاماس، ملٹونوماہ اور واشنگٹن کاؤنٹیز کی نمائندگی کرتی ہے۔ CAC کے نصف سے زیادہ ارکان Trillium OHP کے بھی ارکان ہیں یا ان کے والدین/والدین کے والدین Trillium OHP کے ارکان ہیں۔ دیگر ارکان کا تعلق اداروں اور تنظیموں سے جو Trillium ارکان کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ CAC اپنے تجربات شیئر کرتے ہیں اور Trillium کے پروگراموں اور خدمات میں بہتری لانے کے لیے اپنا فیڈ بیک فراہم کرتے ہیں۔ یہ Trillium کو کمیونٹی کی بنیاد پر انیشئٹوز کے حوالے سے بھی مشورے فراہم کرتے ہیں۔ کمیونٹی کی صحت کی ضروریات کی تشخیص اور کمیونٹی کی صحت میں بہتری لانے کے منصوبے میں CAC ایک کلیدی شراکتدار ہے۔ اگر آپ CAC میں شمولیت حاصل کرنا چاہتے ہیں، مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں یا پھر اپنے خیالات ہم تک پہنچانا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی ہمیں کال کریں یا ہمیں وزٹ کریں https://www.trilliumohp.com/about-us/public-notices/community-advisory-council-public-notices.html

OHP کورج لیٹر

اوریگین ہیلتھ اتھارٹی کی جانب سے آپ کو ایک کورج لیٹر بھیجا جائے گا، جس میں OHP میمبر سروسز کے فون نمبر، آپ کے فوائد کا پیکج اور دیکھ بھال فراہم کردہ نگہداشت کے منصوبے کی تفصیلات ہوں گی۔ اس لیٹر میں آپ کے گھر میں رہنے والے ان تمام افراد کی معلومات بھی شامل ہوں گی جن کے پاس اوریگین ہیلتھ آئی ڈی ہوگی۔

شناختی کارڈ (آئی ڈی) اوریگین ہیلتھ آئی ڈی

DHS آپ کو ایک اوریگین ہیلتھ آئی ڈی بھیجے گی جس پر آپ کا نام، کلائینٹ نمبر اور اجراء کی تاریخ درج ہوگی۔ ہر وہ فرد جس کے پاس OHP ہوگا وہ اپنا ذاتی اوریگین ہیلتھ آئی ڈی کارڈ وصول کرے گا۔ براہِ مہربانی ہر اپائنٹمنٹ کے لیے اپنے ساتھ یہ کارڈ لے کر جائیں۔

Trillium آئی ڈی کارڈ

Trillium آپ کو ایک آئی ڈی کارڈ بھیجے گی جس میں کہا گیا ہوگا کہ آپ Trillium OHP کے رکن ہیں۔ اس پر آپ کا نام، آپ کے PCP کا نام، آپ کی ڈینٹل نگہداشت کا ادارہ، اور میمبر سروسز کا فون نمبر، پیشگی منظوری، ہنگامی صورتحال، ٹرانسپورٹیشن (سواریوں) اور فارمیسی کے حوالے سے سوالات ہوں گے۔ براہِ مہربانی ہر اپائنٹمنٹ کے لیے اپنے ساتھ اوریگین ہیلتھ آئی ڈی کارڈ لے کر جائیں۔

اس صورت میں کیا ہوگا کہ اگر میرے پاس Medicare اور OHP ہوں؟

اگر آپ کے پاس OHP ہے اور آپ Medicare کے لیے اہل ہیں تو Trillium آپ کی خدمات کو مربوط بنائے گی۔ آپ کو مشترکہ بیمہ اور قابلِ منہائی ادا کرنے کی ضرورت نہیں، تاوقتیکہ کہ آپ نے:

- کسی غیرTrillium فراہم کنندہ سے خدمات وصول کیں اور یہ خدمات ہنگامی نوعیت کی نہیں تھیں؛
- ایسی خدمات وصول کیں جو خدمات کی وصولی کے وقت آپ کے Medicare اور OHP کے فوائد کے تحت شامل نہیں تھیں۔

اس کا انحصار اس پر ہے کہ آپ کے Medicare صحت کا منصوبہ اور کورج کی سطح کیا ہے، آپ کی مختلف بیمہ کمپنیوں کو ضم کرنے یا ان کے درمیان نگہداشت کے سلسلے میں تعاون کرنے میں معاونت کے لیے ہم آپ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ جب آپ کے پاس Medicare ہے تو یہ کورج میں سب سے آگے ہے۔ آپ کو تمام ضروری اور مطلوبہ نگہداشت فراہم کرنے کی یقین دہانی کے لیے Trillium آپ، آپ کے فراہم کنندہ اور آپ کے Medicare بیمہ کمپنی کے ساتھ مل کر کام کرے گی۔

اگر Trillium Medicare اور Trillium Medicare کورج میں آپ دہری خصوصی ضروریات رکھنے والے میمبر ہیں، تو آپ کو ہمیشہ ایک کیس مینجر فراہم کیا جاتا ہے، جو آپ کی مکمل شخصی ضروریات کو باقاعدگی سے پورا کرنے میں مدد کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔ یہ مدد اس بات کی یقین دہانی کے لیے دستیاب ہے کہ آپ اعلیٰ نگہداشت وصول کرتے رہیں اور بغیر کسی تاخیر کے آپ کے فراہم کنندہ کی جانب سے طے کردہ علاج معالجے کے منصوبے پر عمل کرتے رہیں۔ اگر آپ محسوس کریں کہ اس سلسلے میں آپ کو مدد کی ضرورت ہے تو براہِ مہربانی اس نمبر پر Trillium کیئر مینجر یا پھر کیس مینجر سے رابطہ کریں 1-877-600-5472۔

میں مترجم کیسے حاصل کریں؟

اگر آپ چاہیں گے تو آپ کو آپ کی اپائنٹمنٹ کے وقت صوتی یا پھر اشاروں کی زبان والے والا مترجم فراہم کیا جائے گا۔ جب آپ اپائنٹمنٹ کے لیے کال کریں تو اپنے فراہم کنندہ کے دفتر میں بتائیں کہ آپ کو ایک مترجم کی ضرورت ہے اور کس زبان میں ضرورت ہے۔ یہ خدمت آپ کو مفت فراہم کی جاتی ہے۔ اگر آپ کو صحت کی نگہداشت کے وزٹس کے لیے زبان یا اشاروں کی زبان کے مترجم کی ضرورت ہے تو آپ کر سکتے ہیں:

1. Trillium کو کال کریں۔
2. اپنے ڈاکٹر کے دفتر میں کال کریں اور ان سے کہیں کہ وہ آپ کے وزٹ کے لیےمترجم کا انتظام کریں۔ صحت کی نگہداشت کے مترجمین کے بارے میں یہاں پر معلومات دستیاب ہے www.Oregon.gov/oha/oei.

ایک میمبر کے طور پر میرے حقوق اور ذمہ داریاں کیا ہیں؟

یہ بیان بطور Trillium Community Health Plan (Trillium) رکن کے آپ کے حقوق اور ذمہ داریوں کی وضاحت کرتا ہے۔
بطور Trillium Community Health Plan کے رکن کے طور پر، آپ کے بعض حقوق ہیں۔ ایسی بعض چیزیں ہیں جو آپ کی ذمہ داری ہیں۔ یہاں پر درج حقوق اور ذمہ داریوں کے حوالے سے اگر آپ کو کوئی سوال پوچھنا ہو، تو براہِ مہربانی اس نمبر 1-877-600-5472 پر میمبر سروسز سے رابطہ کریں۔ کیئر مینجمنٹ سے بات کرنے کا کہیں۔

آپ کو بغیر کسی مخالفت یا امتیازی سلوک کے ایک میمبر کے طور پر اپنے حقوق کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے حقوق کی پاسداری نہیں کی جا رہی ہے تو آپ اپنی شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ آپ اوریگین ہیلتھ اتھارٹی کے ذریعے اس نمبر ان نمبروں 1-877-642-0450 یا TTY 711 پر محتسب اعلیٰ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

آپ Trillium کے نان ڈسکریمینشن کو آرڈی نیٹرس سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔
جینو ایلن، نان ڈسکریمینشن کوآرڈی نیٹر،
gilbert.e.allen@trilliumchp.com.
555 International Way, Building B,
Springfield, OR 97477
فون: 541-650-3618، ٹال فری 877-600-5472
یا TTY 711

ایسا وقت بھی ہوتا ہے کہ جب 18 برس سے کم عمر افراد (صغیر سن) بھی خود سے نگہداشت کی خدمات حاصل کرنے کی خواہش کا اظہار کرسکتے ہیں یا ان کو ضرورت پڑ سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے پڑھیں، "صغیر سن حقوق: رسائی اور رضامندی برائے صحت کی نگہداشت۔" اس کتابچہ میں آپ کو ان خدمات کی نوعت کے بارے میں بتایا جائے گا جو صغیر سن خود سے حاصل کر سکتے ہیں۔ اس میں آپ کو یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ صغیر سن افراد کی صحت کی نگہداشت کی معلومات کو کس طرح سے شیئر کیا جا سکتا ہے۔ آپ یہاں پر اس کتابچہ کو آن لائن پڑھ سکتے ہیں: https://www.oregon.gov/oha/PH/HEALTHYPEOPLEFAMILIES/YOUTH/Documents/minor-rights.pdf

میمبر کے حقوق

TRILLIUM کے رکن کے طور پر آپ کو حق حاصل ہے کہ:

- اپنا علاج معالجہ وقار، عزت اور پوری رازداری سے کروائیں۔
- آپ فراہم کنندہ کی ڈائریکٹری میں دیکھ کر یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا فراہم کنندہ نئے ارکان کو قبول کر رہا ہے یا نہیں۔
- فراہم کنندگان سے بالکل اسی طرح سے علاج معالجہ کروائیں جس طرح سے دیگر افراد صحت کی نگہداشت حاصل کرتے ہیں۔
- اپنے فراہم کنندگان کا انتخاب کریں اور اپنے انتخابات کو تبدیل کریں۔
- اپنے PCP یا کسی دوسرے فراہم کنندہ سے ریفرل حاصل کئے بغیر رویوں کی صحت یا فیملی پلاننگ کی خدمات کے لیے خود کو براہِ راست ریفر کریں۔
- اپنی اپائنٹمنٹ پر اپنے کسی دوست، خاندان کے فرد یا دوسرے کسی مدد گار کو لائیں۔
- اپنے علاج معالجے کا منصوبہ بنانے میں شامل ہوں۔
- اپنے عارضوں، جو کچھ شامل ہے، اور جو کچھ شامل نہیں کے بارے میں معلومات وصول کریں، تاکہ آپ اپنے علاج معالجے کے بارے میں بہتر فیصلے کر پائیں۔ یہ معلومات اپنی زبان اور اس فارمیٹ میں حاصل کریں جو آپ کے لیے آسان ہو۔
- علاج معالجے قبول کریں یا ان کا انکار کردیں اور یہ معلوم کریں کہ آپ کے فیصلے کی بنیاد پر کیا ہوسکتا ہے۔ عدالتی حکم کی خدمت کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔
- ایسا تحریری مواد حاصل کریں جس میں آپ کے حقوق، ذمہ داریوں، فوائد اور کس طرح سے خدمات حاصل کرنی ہیں اور ہنگامی صورت میں کیا کرنا ہے کہ بارے میں بتایا گیا ہو۔
- مواد کی وضاحت ایسی صورت میں حاصل کریں جو آپ سمجھ پائیں اور جو آپ کی اپنی زبان میں ہو۔
- CCOs اور صحت کی نگہداشت کے نظام کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔
- ایسی خدمات حاصل کریں جن میں آپ کے کلچر اور آپ کی زبان کا خیال رکھا جائے اور یہ آپ کی رہائش سے بھی قریب ہوں۔ اگر دستیاب ہوں، تو آپ غیرروایتی مقامات پر بھی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔
- مربوط نگہداشت، کمیونٹی کی بنیاد پر نگہداشت حاصل کریں اور نگہداشت کی منقلی اس طرح سے حاصل کریں کہ جو آپ کی زبان اور کلچر کے لحاظ سے موزوں ہو تاکہ آپ کو اسپتال یا نرسنگ کے مراکز میں وزٹ کم سے کم کرنے پڑیں۔

- آپ کی صحت کی حالت کی تشخیص کرنے کے لیے مطلوبہ خدمات حاصل کریں۔
- فرد پر مرکوز نگہداشت اور خدمات حاصل کریں جو آپ کو انتخاب، آزادی اور وقار دیتی ہے۔ یہ نگہداشت آپ کی صحت کی ضروریات کے لحاظ سے ہوگی اور اس میں عمومی طور پر تسلیم شدہ معیارت کو پورا کیا جاتاہے۔
- آپ کی عمومی نگہداشت کی دیکھ بھال کرنے والی نگہداشت ٹیم کے ساتھ مستحکم رشتہ رکھیں۔
- صحت کی نگہداشت کے نظام کو استعمال کرنے اور مطلوبہ وسائل کے حصول کے لیے مدد حاصل کریں۔ اس میں شامل ہوسکتے ہیں:
  1. سندیافتہ اور اہل صحت کی نگہداشت کے مترجمین
  2. سندیافتہ روایتی صحت کے کارکنان
  3. کمیونٹی ہیلتھ ورکرز
  4. ہم عمر تندرستی کے ماہرین
  5. ہم عمر معاونت کے ماہرین
  6. ڈولاز
  7. ذاتی صحت کا نیوی گیٹر
- بچاؤ کی شامل کردہ خدمات حاصل کریں۔
- پیشگی منظوری کے بغیر ہفتے کے ساتوں دن، دن کے 24 گھنٹے فوری اور ہنگامی خدمات حاصل کریں۔
- آپ کی صحت کی بنیاد پر شامل شدہ مربوط کردہ خدمات کے لیے خصوصی فراہم کنندگان کے ریفرل حاصل کریں۔
- کلینکل ریکارڈ رکھوائیں جس میں آپ کے عارضوں، آپ جو خدمات حاصل کرتے ہیں وہ اور ریفرل شامل ہیں۔
- اپنے کلینکل ریکارڈ تک رسائی حاصل کریں۔ ایسی صورتیں بھی ہو سکتی ہیں کہ جب قانون کی جانب سے آپ کی رسائی کو محدود کر دیا جائے۔
- ایک دوسرے فراہم کنندہ کو اپنا کلینکل ریکارڈ منتقل کریں۔
- غلطیوں سے پاک ہونے کے لیے اپنے کلینکل ریکارڈ کو درست یا تبدیل کریں۔
- علاج معالجے کے سلسلے میں اپنی خواہشات کا بیان دیں۔ اس میں آپ کے طبی، جراحتی یا پھر رویوں کی صحت کے علاج معالجے کو قبول کرنے یا اس کا انکار کرنے کی خواہشات کا اظہار ہو سکتا ہے۔ اس میں آپ کی نگہداشت کے حوالے سے ہدایات اور مختیار نامہ بھی ہوسکتا ہے۔
- فوائد کے انکار یا ان میں آنے والی تبدیلی پر عمل سے پہلے اس کا تحریری نوٹس وصول کریں۔ اگر وفاقی یا ریاست کے قوانین میں لازمی نہ ہو تو لازمی نہیں ہے کہ آپ کو نوٹس وصول ہو۔
- شکایت یا اپیل دائر کریں۔
- Trillium Community Health Plan یا OHP کی جانب سے کئے جانے والے فیصلے سے اگر آپ متفق نہیں ہیں تو سماعت کا کہیں۔
- سندیافتہ یا اہل صحت کی نگہداشت کی ترجمے کی خدمات حاصل کریں، بشمول سائن لینگوچ کے مترجمین۔
- کسی اپائنمنٹ کی منسوخی کا نوٹس بروقت حاصل کریں۔
- لوگوں کو اپنے ساتھ ایسا کوئی کام مت کرنے دیں جو آپ نہیں کرنا چاہتے، ہو سکتاہے کہ وہ آپ کو سزا دینے کے لیے یا پھر آپ کی نگہداشت کو اپنے لئے آسان بنانے کے لیے آپ کو اس طرح کے کام کرنے پر مجبور کریں۔
- اپنے ساتھ اچھا برتاؤ کروائیں اور اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے ساتھ اچھا برتاؤ نہیں کیا جا رہاہے اور مندرجہ ذیل اسباب کے باعث آپ کے ساتھ امتیازی سلوک کیا جا رہاہے تو شکایت کروائیں:
  1. عمر
  2. رنگ
  3. معذوری
  4. جنسی شناخت
  5. شادی کی حیثیت
  6. نسل
  7. مذہب
  8. جنس
  9. جنسی سمت بندی
- Trillium Community Health Plan کے ساتھ برقی طور پر معلومات شیئر کریں۔ آپ اس کو کرنے یا نہ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

میمبر کی ذمہ داریاں

TRILLIUM کے رکن کے طور پر آپ کو حق حاصل ہے کہ:

- بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ اور بنیادی نگہداشت ڈینٹسٹ کا انتخاب کریں یا انتخاب میں مدد حاصل کریں۔
- Trillium Community Health Plan کے عملے، فراہم کنندگان اور کلینکل عملے کے ساتھ عزت سے پیش آئیں۔
- اپائنٹمنٹس پر وقت پر پہنچیں۔
- اگر آپ کو اپائنٹمنٹ پر آنے میں تاخیر ہوجائے یا پھر آپ آ نہ پائیں تو پیشگی کال کرکے مطلع کر دیں۔
- اپنے آپ کو صحت مند رکھنے کے لیے سالانہ چیک اَپ کروائیں، تندرستی کے دورے کریں اور بچاؤ کی نگہداشت حاصل کریں۔
- ہنگامی صورتحال تک اپنی صحت کی نگہداشت کی ضروریات کے سلسلے میں اپنے PCP کو استعمال کریں۔
- فوری اور ہنگامی نگہداشت کو مناسب انداز میں استعمال کریں۔
- اگر آپ نے ہنگامی خدمات استعمال کی ہیں تو اس بارے میں 72 گھنٹوں کے اندر اپنے PCP کو مطلع کردیں۔

- اگر آپ کو کسی ماہر کو دکھانے کی ضرورت محسوس ہو تو، PCP سے ریفرل حاصل کریں۔ بعض ایسی صورتیں بھی ہیں کہ جن میں آپ کو ریفرل کی ضرورت نہیں ہے۔
- اپنے فراہم کنندگان کے ساتھ مخلص رہیں تاکہ وہ آپ کو بہترین نگہداشت فراہم کر پائیں۔
- اپنی صحت کا ریکارڈ حاصل کرنے کے لیے اپنے فراہم کنندگان کی مدد کریں۔ آپ کو اپنے ریکارڈ کے اجراء کے لے اجازت نامے پر دستخط کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- اگر کوئی چیز واضح نہ ہو تو سوال پوچھیں۔
- اپنی صحت کے بارے میں بہترین انتخابات کرنے کے لیے، Trillium Community Health Plan، اپنے فراہم کنندگان اور نگہداشت کی ٹیم سے حاصل ہونے والی معلومات استعمال کریں۔
- اپنے علاج معالجے کا منصوبہ تشکیل دینے میں اپنے فراہم کنندے کی مدد کریں۔
- اپنے فراہم کنندگان کی ہدایات پر عمل کریں یا دیگر آپشن کے بارے میں معلوم کریں۔
- اپنے فراہم کنندہ کوبتائیں کہ آپ کے پاس OHP ہے اور اپنا طبی آئی ڈی کارڈ اپائنٹمنٹس پر لے کر جائیں۔
- اوریگین ہیلتھ پلان (OHP) کو بتائیں:
  1. اگر اپنا فون نمبر تبدیل کریں۔
  2. اگر اپنا پتہ تبدیل کریں۔
  3. اگر آپ حاملہ ہو گئی ہیں یا جب آپ بچہ پیدا کریں۔
  4. اگر آپ کے گھر سے کوئی خاندان جائے یا گھر میں آئے۔
  5. اگر آپ کے پاس کوئی دوسرا بیمہ ہے۔
- جو خدمات شامل نہیں ہیں ان کی ادائیگی کریں۔
- زخمی ہونے کی صورت میں اگر آپ کو پیسے ملیں تو Trillium Community Health Plan کی پیسے واپس لینے میں مدد کریں۔ یہ رقم صرف اتنی ہی ہوگی جو ہم نے زخمی ہونے کے فوائد کے طور پر ادا کی تھی۔
- کسی بھی قسم کا مسئلہ، شکایت وغیرہ ہو تو Trillium Community Health Plan کی اس جانب توجہ مبذول کروائیں۔

اگر آپ اپنی اپائنٹمنٹس کے لیے نان امیگرینٹ ٹرانسپورٹیشن (سواریاں) حاصل کرتے ہیں تو بطور ایک مسافر کے آپ کے مندرجہ ذیل حقوق اور ذمہ داریاں ہیں۔

مسافر کے حقوق

OHP کے رکن کے طور پر آپ کوحق حاصل ہے کہ:

سال کے 365 دن، دن کے 24 گھنٹے محفوظ، بروقت اور موزوں سواریوں تک رسائی حاصل کریں؛

- اپنی ضروریات، اپائنٹمنٹ کی جگہ اور لاگت کے لحاظ سے موزوں ترین گاڑی میں سواری کریں؛
- Trillium کی جانب سے NEMT خدمات کا بل وصول نہ کیا جائے؛
- ٹرانسپورٹیشن فراہم کنندگان کے ذیلی کانٹریکٹر کی جانب سے NEMT خدمات کا بل وصول نہ کیا جائے؛
- Trillium کی NEMT کی پالیسیاں اور طریقہ کار تک رسائی؛
- فیصلے کے 72 گھنٹوں کے اندر آپ کی سواری کی درخواست کے انکار کے بارے میں تحریری نوٹس وصول کریں۔ انکار کرنے سے قبل اس بات کی یقین دہانی کے لیے کہ یہ موزوں ہے عملے کے دو ارکان درخواست کا جائزہ لیتے ہیں۔
- انکار کی ایک نقل اس فراہم کنندہ کے پاس جائے گی جس کے پاس آپ کے دکھانے کے لیے شیڈول طے تھا۔ یہ اس صورت میں ہوگا کہ اگر فراہم کنندہ بھی Trillium کے نیٹ ورک کا حصہ ہو اور انہوں نے آپ کی طرف سے سواری کی درخواست بھی کی ہو۔
- جب آپ کی سواری کا وقت طے ہو چکا ہو تو نوٹس وصول کریں؛
- جب تک آپ کی جانب سے درخواست نہ کی جائے یا آپ کے سرپرست، والدین یا نمائندے کی جانب سے اس کا اطلاق نہ کیا گیا ہو، آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ سے 15 منٹ پہلے یا عمارت کھلنے سے پہلے وہاں پر نہ چھوڑا جائے؛ اور
- آپ کی اپائنٹمنٹ والی عمارت کے بند ہونے کے 15 منٹوں کے وقت سے زیادہ وقت کے بعد آپ کو اٹھانے کے لیے نہ آئے یا آپ نے جس وقت اٹھانے کی درخواست کی تھی اس کے بعد سے ایک گھنٹے سے زیادہ تاخیر نہ کی جائے، تاوقتیکہ آپ نے اس کی درخواست نہ کی ہو یا اس کے بند ہونے کے بعد آپ کی اپائنٹمنٹ ختم ہوجائے گی یا میمبر کی جانب سے درخواست کی گئی ہے یا میمبر کے سرپرست، والدین یا نمائندے کی جانب سے یہ قابلِ اطلاق ہے۔
- ایک گاڑی میں سواری:
  - کچرے وغیرہ سے صاف ہو اور اس میں آپ آرامدہ طریقے سے سواری کر پائیں؛
  - قانونی طور پر گاڑی میں اگر حفاظتی بیلٹ ہونا لازم ہیں، تو اس میں حفاظتی بیلٹ موزوں انداز میں لگے ہوئے ہوں۔
  - اس میں ابتدائی طبی امداد کا بکس، آگ بجھانے کا آلہ، روڈسائیڈ رفلیکٹرز یا وارننگ دینے کے آلات، فلیش لائیٹ، خراب میں موسم میں ٹائر کو برف میں جکڑنے کے آلات، اور ڈسپوزبل دستانے موجود ہوں؛
  - اگر موزوں ہو تو اس میں ویل چیئر یا اسٹریچر کو جکڑ کر رکھنے کے لیے تمام ضروری چیزیں موجود ہوں۔
  - یہ چلانے کی اچھی حالت میں ہو اور اس میں دونوں جانب کے اور پیچھے دیکھنے والا آئینہ اور ہارن لگے ہوئے ہوں اور موڑنے کا اشارہ دینے والی بتی، ہیڈلائیٹ، ٹیل لائیٹ اور ونڈشیلڈ کے وائپرز بھی کام کر رہے ہوں۔
- اس کو چلانے والا ڈرائیور NEMT ڈرائیور کی ریاستی شرائط کو پورا کرے۔
  - اس کی رجسٹریشن درست ہو اور اس کے پاس ریاست کا ڈرائیور لائسنس ہو

- اس کے ماضی کی جانچ کی گئی ہے، جس میں مجرمانہ ماضی، ڈرائیور کے طور پر ماضی، جنسی حملہ کرنے والے کے طور پر حیثیت اور منشیات کی ٹیسٹنگ کی جانچ شامل ہیں
- اس کے پاس گاڑی چلانے اور معذور اور خصوصی ضروریات رکھنے والے افراد کی معاونت کرنے کی دستاویزی تربیت ہو۔

- وفاقی اور ریاستی قوانین کے تحت اپنی سواری کی درخواست میں موزوں تبدیلی کریں۔ اس میں شامل ہیں جب:
  - ڈرائیور آپ کو یا گاڑی میں موجود دیگر افراد کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دیتا ہے،
  - گاڑی اس طرح سے چلاتا ہے یا کوئی دوسرا ایسا رویہ کرتا ہے جس کے باعث آپ کو یا گاڑی میں بیٹھے ہوئے دوسرے لوگوں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے، یا
  - یا پھر وہ آپ کے لیے یا گارڑی موجود دیگر افراد کے لیے خطرہ ہے۔
- امیریکنز وِتھ ڈس ایبلٹیز ایکٹ اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین اور قواعد کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنی سواری یا سفر میں تبدیلیوں کی درخواست کریں؛
- Trillium کے پاس شکایت کرنے یا سواری کے انکار کرنے کے خلاف اپیل کرنے کے اہل ہوں اور جواب بھی موصول کریں؛
- Trillium کی مسافر کے حقوق اور ذمہ داریوں کی پالیسی کے لیے سفارشات دے پائیں؛
- شکایت درج کروائیں اور اپیل یا نظرثانی کی درخواست کریں۔
- شامل خدمات کی باز ادائیگیاں وصول کریں۔

مسافر کی ذمہ داریاں

OHP رکن کے طور پر آپ اتفاق کرتے ہیں:

- سواری کی درخواست کرتے وقت اپنی ٹرانسپورٹیشن (سواریوں) کی ضروریات کی مکمل تشخیص کریں؛
- اگر آپ کی صحت کی کیفیت میں کوئی ایسی تبدیلی آتی ہے کہ جس کی وجہ سے آپ کے لیے جس گاڑی کا آنا ہے اس پر بھی اس کا اثر پڑ سکتاہے تو اس بارے میں MTM کو مطلع کردیں؛
- جتنا پہلے ممکن ہو سکے سواری کا وقت طے کرلیں۔ آپ یا آپ کا نمائندہ وقت طے کر سکتے ہیں:
  - ایک مرتبہ کی اپائنٹمینٹس- 90 دن پیشگی؛
  - بار بار ہونے والی اپائنٹمینٹس- ایک ہی وقت میں تمام مطلوبہ سواریوں کا وقت مقرر کرلیں، 90 دن پیشگی؛
  - اسی دن کی اپائنٹمینٹس - جلد از جلد کال کریں
- گاڑی میں کسی بھی وقت تمباکو نوشی، ایروسال یا ویپ استعمال نہ کیا جائے؛
- گاڑی کو چھوڑتے وقت وہ تمام چیزیں اپنے ساتھ بھی لے کر جائیں جو آپ اپنے ساتھ لائے تھے؛
- مسافر کے تحفظ کے معیارات کے حوالے سے تمام مقامی، ریاستی اور وفاقی ٹرانسپورٹیشن (سواریوں) کے قوانین مطابق عمل کیا جائے؛
- اگر آپ کی عمر 12 برس یا اس سے کم ہے یا پھر آپ کو اگر سفر میں کسی کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے تو اپنی اپائنٹمنٹ پر کسی معاون کو اپنے ساتھ لے جائیں۔
  - یہ معاون کوئی والدین، سرپرست، سوتیلے والدین، دادا، دادی یا نانا، نانی یا پھر کوئی نمائندہ۔ اگر ان میں سے کوئی موجود نہ ہو، تو آپ کے والدین یا سرپرست کو لازمی طور پر کسی 18 برس کے بالغ فرد یا اس سے بڑی عمر کے فرد کو آپ کا معاون ہونےکا تحریری جازت نامہ دینا ہوگا۔ معاون 18 برس سے کم عمر نہیں ہوسکتا؛
- محفوظ ٹرانسپورٹیشن (سواریوں) کے حوالے سے اوریگین کے قانون کے تحت حفاظتی سیٹیں مہیا اور نصب کریں؛
- آپ کے سفر کے لیے درکار دیگر سامان جیسا کہ آکسیجن، ویل چیئرز یا کینز وغیرہ بھی فراہم کرے؛
- آپ کی سواری یا سفر میں موزوں تبدیلیاں کرنے کے حوالے سے Trillium اور MTM کے ساتھ مل کر کام کریں اگر:
  - آپ نے ڈرائیور یا گاڑی میں موجود دیگر مسافروں کو نقصان پہنچانے کی دھمکی دی ہے،
  - ڈرائیور اور گاڑی میں موجود دیگر افراد کے لیے براہِ راست خطرہ ہیں،
  - کوئی ایسا رویہ اختیار کرتے یا حالات پیدا کرتے ہیں کہ جس کی وجہ سے ڈرائیور یا گاڑی میں موجود دیگر افراد کے لیے خطرہ بڑھ جاتا ہے۔
  - کوئی ایسا رویہ اختیار کرتے ہیں کہ جس کے باعث Trillium کی رائے میں مقامی ڈاکٹر یا صحت کے مراکز بغیر کسی تبدیلی کے مزید خدمات فراہم کرنے سے انکار کر دیتے ہیں۔
  - طے شدہ سواری کے وقت پر اکثر اوقات نہ پہنچنا، یا
  - سواری کے دن اکثر سواری منسوخ کر دینا؛
- باز ادائیگی کی درخواستوں کے لیے تمام درخواست کردہ معلومات فراہم کریں؛
- اگر آپ کو بازادائیگی کے ضمن زائد ادائیگی کی گئی ہے تو ریاستی قوانین کے تحت وہ واپس کردیں؛
- مسائل اور شکایات کی جانب Trillium کی توجہ مبذول کروائیں؛

جب آپ کو طبی نگہداشت کی ضرورت پڑے تو اس کو کیسے حاصل کریں

میں ڈاکٹر یا فراہم کنندہ کیسے تلاش کروں؟

Trillium کی فراہم کنندگان کی ڈائریکٹری اس ہینڈ بُک میں شامل نہیں ہے۔ آپ نے جب پہلی مرتبہ داخلہ لیا تھا تو اس وقت اس ہینڈ بُک کے ساتھ ایک کاپی آپ کو بھی ڈاک کے ذریعے بھیجی گئی تھی۔ اگر آپ کو دوسری کاپی کی ضرورت ہے تو ہمیں کال کریں۔ اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ کی سہولت ہے تو آپ فراہم کنندہ تلاش کر سکتے ہیں یا فراہم کنندہ کی ڈائریکٹری کا یہاں سے پرنٹ حاصل کر سکتے ہیں: https://findaprovider.trilliumhealthplan.com/location

Trillium کے بعض فراہم کنندگان نئے مریضوں کو قبول نہیں کر رہے ہیں۔ اگر آپ کو کسی ایسے فراہم کنندہ کی تلاش ہے جو نئے مریضوں کو قبول کر رہا ہے یا ایسا فراہم کنندہ جو انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان بھی بولتا ہو، تو Trillium کو کال کریں۔ اسپتال کی معمول کی نگہداشت کے لیے آپ کو لازمی طور پر Trillium کی فراہم کنندہ کی ڈائریکٹری میں موجود اسپتال کا انتخاب کرنا ہوگا:

Legacy Meridian Park Hospital
19300 SW 65th Ave., Tualatin, OR 97062
503-692-1212 TTY users call 711
https://www.legacyhealth.org/locations/hospitals/legacy-meridian-park-medical-center.aspx

Legacy Mt Hood Medical Center
24800 SE Stark St., Gresham, OR 97030
503-674-1122 TTY users call 711
https://www.legacyhealth.org/locations/hospitals/legacy-mount-hood-medical-center.aspx

Legacy Emanuel Medical Center
2801 North Gantenbein Ave., Portland, OR 97227
503-413-2200 TTY users call 71
https://www.legacyhealth.org/doctors-and-locations/hospitals/legacy-emanuel-medical-center

Legacy Good Samaritan Hospital and Medical Cente
1015 NW 22nd Ave., Portland, OR 97210
(503) 413-7711 TTY Users Call 711
https://www.legacyhealth.org/doctors-and-locations/hospitals/legacy-good-samaritan-medical-center

Oregon Health & Science University
3181 SW Sam Jackson Park Rd., Portland, OR 97239
503-494-8311 TTY users call 711
https://www.ohsu.edu/visit/ohsu-hospital-portland

Adventist Health Portland
10123 SE Market St., Portland, OR 97216
503-257-2500 TTY users call 711
www.adventisthealth.org/portland/

بنیادی نگہداشت کیا ہے؟

بنیادی نگہداشت عمومی طبی نگہداشت اور علاج معالجہ ہے جو بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ (PCP) کی جانب سے فراہم کیا جاتاہے۔ اس میں شامل ہے:

- بچاؤ کی صحت کی نگہداشت کی خدمات جو صحت کے مسئلہ کا شروع میں ہی پتہ لگا لیتی ہیں یا اس کو ہونے سے روکتی ہیں۔ مثال کے طور پر، میموگرام (چھاتی کا ایکس رے)، پیپ سمیرز یا حفاظتی ٹیکے؛
- جاری شدید عارضوں کی نگہداشت، جیسا کہ: زیابیطس یا دمہ؛
- نسخے پر لکھی گئی ادویات
- خصوصی نگہداشت کے ریفرل؛ اور
- اگر ضرورت پڑے تو اسپتال میں داخلہ۔

میں بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ کا انتخاب کیسے کروں گا؟

آپ کے PCP کو جاننا بہت ضروری ہے۔ Trillium کے ارکان کے پاس لازمی طور پر PCP ہونا چاہیئے۔ آپ Trillium سے منسلک کسی PCP کا انتخاب کرسکتے ہیں، یا ہم آپ کے لیے کوئی مقرر کرسکتے ہیں۔ PCP کا انتخاب کرنے کے لیے ہمیں کال کریں اور ہمیں بتائیں کہ آپ کس PCP کو دکھانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ نے 30 دنوں کے اندر ہم کو کال کرکے یہ نہیں بتایا کہ آپ کسPCP کو دکھانا چاہتے ہیں، تو ہم آپ کے لیے ایک مقرر کر دیں گے۔ جب تک آپ اپنے PCP کا انتخاب نہیں کرتے، اس وقت تک آپ کو ہماری جانب سے فراہم کنندہ استعمال کرنا ہوگا۔ ایک مرتبہ جب آپ اپنے PCP کو تبدیل کرنے کے لیے Trillium کو کال کریں گے، تو اس کے بعد آنے والے مہینے کی پہلی تاریخ پر اس پر عمل درآمد ہوگا۔ آپ یہ معلوم کرنے کے لیے بھی Trillium کو کال کر سکتے ہیں کہ آپ کے لیے کون سے PCP کو مقرر کیا گیا ہے۔ اگر آپ کوئی مختلف PCP منتخب کرنا چاہتے ہیں، تو Trillium سے رابطہ کریں۔

Trillium کے PCP کی فہرست ہماری فراہم کنندہ کی ڈائریکٹری میں موجود ہے۔ اس فہرست میں شامل بعض فراہم کنندگان ہوسکتا ہے کہ نئے مریضوں کو قبول نہ کر رہے ہوں۔ براہِ مہربانی Trillium سے رابطہ کرکے ان موجودہ فراہم کنندوں کی فہرست معلوم کریں جو نئے مریضوں کو قبول کر رہے ہیں اور یہ بھی معلوم کریں کہ فراہم کنندہ کون سی زبان استعمال کرتا ہے۔

آپ کو مطلع کرنے کے لیے کہ آپ کے PCP کو تبدیل کر دیا گیا ہے، Trillium آپ کو ایک نیا آئی ڈی کارڈ بھیجے گا۔ اگر آپ کو اپنا PCP منتخب کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے تو، اس نمبر پر Trillium کی میمبر سروس کو کال کریں: 1-877-600-5472، TTY: 711 پیر سے جمعہ، صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک۔

امریکن انڈینز اور الاسکا کے اصل باشندے انڈین ہیلتھ سروسز (IHS) کے کلینکس یا نیٹو امیریکن ریہیبلی ٹیشن ایسوسیئشن آف دی نارتھ ویسٹ (NARA) دونوں سے نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ درست ہے چاہے آپ CCO میں ہیں یا آپ کے OHP کی فی فار سروس (FFS) ہے۔ کلینک کو بھی لازماً اس

طرح سے بل وصول کرنا چاہیئے جس طرح سے نیٹ ورک کے فراہم کنندگان کرتے ہیں۔ اگر CCO میں داخل شدہ ایک قبائل رکن I/T/U میں خدمات حاصل کرتا ہے، تو اگر ضرورت محسوس کی جائے تو I/T/U قبائلی رکن کو NARA میں بھی ریفر کر سکتا ہے۔ I/T/U کا سرنامیہ تین طرح کے نیٹو امریکن ہیلتھ سروسز کی نشاندہی کرتا ہے:

- انڈین ہیلتھ سروسز (IHS)
- قبائلی صحت کے فراہم کنندگان
- شہری انڈین صحت کے فراہم کنندگان

میں اپنے PCP کے ساتھ اپائنٹمنٹ کس طرح سے طے کروں گا؟

ایک مرتبہ جب آپ اپنا PCP منتخب کرلیں یا آپ کے لیے کسی کو مقرر کر دیا جائے تو جلد از جلد اس کے ساتھ اپائنٹمنٹ طے کریں۔ اس طرح سے کوئی طبی مسئلہ پیدا ہونے سے پہلے ہی آپ کو اور آپ کے PCP کو ایک دوسرے کے بارے میں جاننے کا موقع ملے گا۔ براہِ مہربانی معمول کی، غیر ہنگامی اپائنٹمینٹس کے لیے اپنے PCP کو پیشگی کال کریں۔ سالانہ معائنے کے لیے کئے ہفتے پہلے کال کریں۔ اپنے PCP اس وقت کال کریں جب آپ کو چیک اپ کروانا ہو یا جب آپ کی طبیعت خراب ہو۔

آپ کا PCP

- اس کو آپ کی میڈیکل ہسٹری کے بارے میں علم ہوتا ہے اور وہ طبی نگہداشت کی ہدایات دیتا ہے۔
- آپ کو بہتر خدمت فراہم کرنے کے لیے وہ طبی ریکارڈ کو ایک ہی جگہ پر رکھتا ہے۔
- اس بات کی یقین دہانی کرے کہ آپ کو دن یا رات میں کسی بھی وقت ہفتے کے 7 دن، طبی نگہداشت ملے۔
- آپ کے لیے ماہرین یا اسپتال کی نگہداشت کے انتظامات کرے۔

آپ کے PCP کے پاس اپائنٹمینٹس:

- اپنے PCP سے بات چیت کرنے کے لیے اگر آپ کے ذہن میں سوالات یا طبی خدشات ہوں تو ان کی بھی ایک فہرست اپنے ساتھ لائیں۔
- آپ نسخے پر لکھی جانے والی جو ادویات اور ویٹامنز استعمال کرتے ہیں ان کی بھی ایک فہرست اپنے ساتھ لے جائیں اور PCP کو دیں۔

میں اپنا PCP کس طرح سے تبدیل کروں؟

اگر آپ اپنا PCP تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو Trillium میمبر سروسز کو کال کریں۔ ہمارے نیٹ ورک میں شامل اگر کوئی دوسرا فراہم کنندہ نئے مریضوں کو قبول کر رہا ہے تو آپ اپنا PCP تبدیل کرسکتے ہیں۔ آپ سال میں دو مرتبہ اپنا PCP تبدیل کر سکتے ہیں۔

آپ کے PCP کے ساتھ بہتر تعلقات کے لیے یہ چند مشورے ہیں:

1. اپنے مقرر کردہ PCP کے ساتھ اپائنٹمینٹس طے کریں اور ان پر جائیں۔ آپ جو تمام علاج معالجے بھی کرواتے، بشمول ماہرین کے پاس ریفرل اس کی تمام ذمہ داری آپ کے PCP پر ہے۔
2. اگر آپ Trillium پر نئے مریض ہیں، تو جلد از جلد کال کریں اور چیک اَپ کروانے کے PCP کے ساتھ وقت مقرر کریں۔ اس طرح سے آپ کے PCP کو آپ کے بارے میں جاننے اور آپ کی مخصوص صحت کی نگہداشت کی ضروریات کے بارے میں علم ہوگا۔ یاد رکھیں۔ چیک اَپ اور صحت کو بحال رکھنے کے معائنے معمول کی نگہداشت کا حصہ ہیں اور اپائنٹمنٹ حاصل کرنے کے لیے کئی ہفتے لگ سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ہنگامی نگہداشت کی ضرورت ہے تو اپنے کلینک کو بتائیں۔
3. بعض کلینکس یہ لازم قرار دیتے ہیں کہ آپ اپنے پہلے وزٹ کے وقت اپنے سابقہ میڈیکل آفس سے رابطہ کریں اور ان سے کہیں کہ وہ آپ کا طبی ریکارڈ آپ کے نئے PCP کو منتقل کریں۔ اس ریکارڈ سے آپ کی صحت کی مکمل ہسٹری معلوم کرنے میں مدد ملتی ہے اور اس سے نئے PCP کو آپ کی طبی نگہداشت کو جاری رکھنے میں بھی مدد ملتی ہے۔

روایتی صحت کے کارکن کیا ہوتے ہیں؟

ایک روایتی صحت کا کارکن (THW) ایسا فرد ہوتا ہے جو نگہداشت کے لیے کمیونٹی یا کلینک کے اندر باہمی تعاون، سمت کے تعین اور وسائل کے سلسلے میں ارکان کے ساتھ مل کر کام کرتاہے۔ لائسنس یافتہ صحت کے فراہم کنندگان ان کی نگرانی کرتے ہیں اور اوریگین ریاست کے ذریعے ان کو سند دی جاتی ہے۔ Trillium میں روایتی صحت کے کارکنوں کی کئی خدمات شامل ہیں۔ Trillium اپنی خدمات تک رسائی حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرسکتی ہے۔

پانچ طرح کے مختلف روایتی صحت کے کارکن ہوتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک THW کو مخصوص میدان میں مہارت ہوتی ہے۔

1. ایک (پیدائش والی) ڈولا خواتین کے حمل کے دوران، بچے کی پیدائش اور بچے کی پیدائش کے بعد خواتین اور ان کے خاندان والوں کو غیر طبی معاونت فراہم کرتی ہے۔
2. ہم عمر معاونت کا ماہر (PSS) رویوں کی صحت یا منشیات کی علت کا علاج معالجہ کروانے یا کروا چکنے والے افراد کو معاونت فراہم کرتاہے۔
3. ہم عمر تندرستی کا ماہر (PWS) ایک ایسا فرد ہوتاہے جو خود نفسیاتی (ذہنی صحت) کے عارضے سے گزرا ہوتا ہے، ساتھ ہی اس نے تربیت حاصل کی ہوتی ہے۔ PWS ذاتی طور پر، گھر کی صحت کی ٹیم میں کام کرتا ہے۔ یہ اپنی تندرستی کے خواہاں افراد کی وکالت کرنے اور ان کی مدد کرنے کے لیے رویوں کی صحت اور بنیادی نگہداشت کو استعمال کرتے ہیں۔
4. ذاتی صحت کا نیویگیٹر(PHN) مریضوں کو صحت کے حوالے سے بہترین فیصلے کرنے کے لیے معلومات، مدد، ٹولز اور معاونت فراہم کرتا ہے۔
5. کمیونٹی ہیلتھ ورکر (CHW) عوامی صحت کا کارکن ایک ایسا بااعتماد فرد ہوتا ہے جو سب سے پیش پیش ہوتاہے، جس کمیونٹی میں یہ اپنی خدمات انجام دیتا ہے اس کے بارے میں اس کو بہت اچھی معلومات ہوتی ہے۔

Trillium کے پاس THW لیئزاں (متعلقہ فرد) ہوتا ہے جو آپ کو موزوں THW خدمات سے منسلک کرنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ THW خدمات کے بارے میں سوالات کے جوابات بھی دے سکتے ہیں۔ THW لیئزاں سے بات کرنے کے لیے براہِ مہربانی اس نمبر پر کال کریں 1-877-600-5472۔ آپ اس ای میل کے ذریعے بھی درخواست بھیج سکتے ہیں:

THW@TrilliumCHP.com. آپ یہ معلومات اور THW سے رابطے کی معلومات میں ہونے والی کسی بھی قسم کی اپڈیٹ کے بارے میں ہماری ویب سائیٹ پر دیکھ سکتے ہیں: https://www.trilliumohp.com/members/oregon-health-plan/wellness/traditional-health-workers.html

ہم ثانوی آرا کو بھی شامل کرتے ہیں

آپ کے لیے یہ مفت ہے اگر آپ اپنے علاج معالجے کے حوالے موجود آپشنس کے بارے میں ثانوے رائے چاہتے ہیں تو اپنے PCP سے کہیں کہ وہ آپ کو ایک دوسرے رائے کے لیے ریفر کرے یا ہم بھی آپ کے لیے اس کا انتظام کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ہمارے نیٹ ورک سے باہر کسی فراہم کنندہ کو دکھانا چاہتے ہیں، Trillium اس کا بھی انتظام کرے گا۔

اگر میں اپائنٹمنٹ پر نہ آ پایا تو ایسے صورت میں کیا ہوگا؟

Trillium کے میمبر کے طور پر یہ آپ کی ذمہ داریوں میں سے ہے کہ آپ اپنی طبی، رویوں کی صحت اور ڈینٹل اپائنٹمنٹس پر وقت پر پہنچیں۔ آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ اگر کسی سبب سے لازمی طور پر منسوخ کرنی ہے، تو براہِ مہربانی اپنی طے شدہ اپائنٹمنٹ سے کم از کم 1 دن پہلے اپنے فراہم کنندہ کو جلد از جلد کال کرکے مطلع کردیں، ۔ اگر آپ اپنی اپائنٹمنٹس پر نہ پہنچے اور آپ نے اپنے PCP کے دفتر میں کال کر کے مطلع بھی نہیں کیا، تو ایسی صورت میں وہ آپ کو کہ سکتے ہیں کہ آپ اپنے لیے کسی دوسرے PCP کا انتخاب کریں۔ آپ جن اپائنٹمنٹس پر نہیں پہنچے فراہم کنندہ آپ سے ان کی رقم وصول نہیں کر سکتا۔

ایسی صورت میں کیا ہوگا کہ مجھے نگہداشت کی فوری ضرورت؟

اگر آپ Trillium میں نئے ہیں اور آپ کو فوری طور پر نگہداشت یا نسخے پر لکھی ادویات کی ضرورت ہو تو، براہِ مہربانی ہمیں کال کریں اور کہیں کہ آپ کو کیئر کوآرڈینیٹر سے بات کرنی ہے۔ ہم مطلوبہ نگہداشت اور دیگر ضروریات مثلاً ضروری چیزوں اور منسخلہ پر لکھی ادویات تک رسائی حاصل کرنے میں مدد کرسکتے ہیں۔ مطلوبہ نگہداشت وصول کرنے کی یقین دہانی کے لیے جلد از جلد PCP کے ساتھ اپنی اپائنٹمنٹ طے کریں۔

ایسی صورت میں کیا ہوگا کہ اگر مجھے دفتری اوقات کے علاوہ نگہداشت کی ضرورت پڑے (شام میں، ہفتہ وار چھٹیوں یا دیگر چھٹیوں میں)؟

آپ کا PCP آپ ہفتے کے ساتوں دن اور دن کے 24 گھنٹے آپ کی نگہداشت کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ چاہے آپ کے PCP کا دفتر بند ہی کیوں نہ ہو، پھر بھی PCP کے دفتر کے فون نمبر پر کال کریں۔ آپ سے کوئی نہ کوئی شخص بات کرے گا جو آپ کو PCP سے منسلک کر دے گا یا پھر آپ مشورہ دے گا کہ آپ کو کیا کرنا چاہیئے۔ بعض مرتبہ آپ کا PCP دستیاب نہیں ہوتا۔ وہ اس بات کی یقین دہانی کریں گے کہ کوئی دوسرا فراہم کنندہ آپ کی مدد کے لیے ہمیشہ دستیاب رہے۔

ایسی صورت میں کیا ہوگا کہ مجھے کسی ماہر یا دوسرے فراہم کنندہ کی ضرورت ہے؟

اپنے عارضے کے موزوں طبی علاج معالجے کے لیے آپ خود سے ہی کسی جسمانی یا رویوں کے ماہر کی نگہداشت حاصل کرنے کے لیے اپنے آپ کو ریفر کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنے PCP سے پوچھے بغیر اپنی موزوں طبی نگہداشت کے لیے کسی فراہم کنندہ کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ تاہم، اس کے لے یہ ضروری ہے کہ جس سبب (عارضہ یا تشخیص) سے وزٹ کر رہے ہوں وہ لازمی طور پر شامل ہو اور فراہم کنندہ بھی لازمی طور پر نیٹ ورک کا حصہ ہو۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو کسی ماہر یا کسی دوسرے فراہم کنندہ کو دکھانے کی ضرورت ہے، تو پہلے اپنے PCP سے بات کر لیں۔ آپ کا PCP آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کر سکتا ہے کہ آپ کس قسم کی خدمات کی ضرورت ہے۔

ایسی صورت میں کیا ہوگا کہ اگر مجھے خصوصی صحت کی نگہداشت کی ضروریات ہیں؟

اگر آپ کو خصوصی صحت کی نگہداشت کی ضروریات ہیں، تو ایسی صورت میں آپ کو اپنے عارضوں کے موزوں طبی علاج معالجے کے سلسلے میں جسمانی اور رویوں کے صحت کے ماہرین تک براہِ راست رسائی حاصل ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنے PCP سے پوچھے بغیر اپنی موزوں طبی نگہداشت کے لیے کسی فراہم کنندہ کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ تاہم، اس کے لے یہ ضروری ہے کہ جس سبب (عارضہ یا تشخیص) سے وزٹ کر رہے ہوں وہ لازمی طور پر شامل ہو اور فراہم کنندہ بھی لازمی طور پر نیٹ ورک
اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو کسی ماہر یا کسی دوسرے فراہم کنندہ کو دکھانے کی ضرورت ہے، تو پہلے اپنے PCP سے بات کر لیں۔ آپ کا PCP آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کر سکتا ہے کہ آپ کس قسم کی خدمات کی ضرورت ہے۔
اس کے علاوہ آپ کی خصوصی صحت کی نگہداشت کی ضروریات میں معاونت کے لیے کوآرڈی نیٹرز اور کیس مینجرز بھی موجود ہوتے ہیں۔ یہاں پر میمبر سروسز سے رابطہ کریں 1-877-600-5472۔ کیئر کوآرڈینٹر سے بات کرنے کا کہیں۔

ایسی صورت میں کیا ہوگا کہ میں طویل مدتی خدمات اور معاونتیں حاصل کر رہا ہوں؟

اگر آپ طویل مدتی خدمات اور معاونت (LTSS) حاصل کر رہے ہیں، تو ایسی صورت میں آپ کو اپنے عارضوں کے موزوں طبی علاج معالجے کے سلسلے میں جسمانی اور رویوں کے صحت کے ماہرین تک براہِ راست رسائی حاصل ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنے PCP سے پوچھے بغیر اپنی موزوں طبی نگہداشت کے لیے کسی فراہم کنندہ کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ اس کے لے یہ ضروری ہے کہ جس سبب (عارضہ یا تشخیص) سے وزٹ کر رہے ہوں وہ لازمی طور پر شامل اکثر صورتوں میں آپ کو لازمی طور پر نیٹ ورک میں شامل فراہم کنندہ دکھانا پڑتا ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو کسی ماہر یا کسی دوسرے فراہم کنندہ کو دکھانے کی ضرورت ہے، تو پہلے اپنے PCP سے بات کر لیں۔ آپ کا PCP آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کر سکتا ہے کہ آپ کس قسم کی خدمات کی ضرورت ہے۔

اس کے علاوہ آپ میمبر سروسز کے اس نمبر 1-877-600-5472 پر کال کرکے Trillium سے انٹینسو کیئر کوآرڈی نیشن (ICC) سروسز بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ ICC کوآرڈینیٹر یا کیس مینجر سے بات کرنے کا کہیں۔

مندرجہ ذیل ان خدمات کی فہرست ہے جو آپ اپنے PCP کے ریفرل کے بغیر بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

ان خدمات کے سسلسلے میں اگر آپ اپنے آپ کو ریفر کرتے ہیں تو ایسی صورت میں آپ کو لازمی طور پر نیٹ ورک کے اندر موجود فراہم کنندہ کے پاس جانا ہوگا۔ فراہم کنندہ کو کال کرکے معلوم کرلیں کہ آیا وہ نیٹ ورک میں موجود ہیں یا نہیں۔ اس کے بعد آپ اپنی ذاتی اپائنٹمنٹ طے کر سکتے ہیں۔

- اوپیڈز کی علت کا ادویات کی مدد سے علاج معالجہ؛ (علاج معالجے کے پہلے 30 دن)۔ فراہم کنندہ منتخب کرنے کے لیے ہمارا فائنڈ اے پرووائیڈر استعمال کریں۔
- روایتی صحت کے کارکن کی خدمات۔ فراہم کنندہ منتخب کرنے کے لیے ہمارا فائنڈ اے پرووائیڈر استعمال کریں یا Trillium میمبر سروسز پر کال کریں۔
- منشیات اور الکوحل کا علاج معالجہ۔ فراہم کنندہ منتخب کرنے کے لیے ہمارا فائنڈ اے پرووائیڈر استعمال کریں۔
- خواتین کے معمول کے معائنے اور خواتین کے بچاؤ کی صحت کی نگہداشت کی خدمات کی فراہمی کے لیے،میمبر خواتین فراہم کنندہ کے نیٹ ورک میں موجود خواتین کی صحت کے ماہرین کے پاس براہِ راست رسائی حاصل کر سکتی ہیں۔ اس میں جو چیزیں شامل ہیں، تاہم صرف ان تک ہی محدود نہیں ان میں بچے کی پیدائش سے قبل کی نگہداشت، چھاتی کا معائنہ، میموگرام اور پیپ ٹیسٹس شامل ہیں
- حمل کی نگہداشت۔ فراہم کنندہ منتخب کرنے کے لیے ہمارا فائنڈ اے پرووائیڈر استعمال کریں۔
- جنسی استحصال کا معائنہ۔ فراہم کنندہ کو کال کریں۔
- خاندانی منصوبہ بندی اور پیدائش میں وقفے کی خدمات۔ اوریگن ہیلتھ اتھارٹی کے ساتھ کانٹریکٹ شدہ کوئی بھی فراہم کنندہ جس کے پاس ان خدمات کو انجام دینے کا لائسنس ہو، آپ ان سے یہ خدمات حاصل کر سکتی ہیں۔
- رویوں کی صحت کی خدمات۔ فراہم کنندہ منتخب کرنے کے لیے ہمارا فائنڈ اے پرووائیڈر استعمال کریں۔
- تمباکو نوشی ترک کرنے میں مدد۔ Trillium کی میمبر سروسز۔
- گردوں کے ڈائلاسس کی خدمات۔ فراہم کنندہ منتخب کرنے کے لیے ہمارا فائنڈ اے پرووائیڈر استعمال کریں۔
- حفاظتی ٹیکے۔ فراہم کنندہ منتخب کرنے کے لیے ہمارا فائنڈ اے پرووائیڈر استعمال کریں۔
- انٹینسو کیئر کوآرڈی نیشن (ICC) خدمات
- اگر انٹینسو کیئر کوآرڈی نیشن (ICC) خدمات، LTSS یا خصوصی صحت کی نگہداشت کی ضروریات حاصل کر رہے ہیں، تو ایسی صورت میں میمبران کو اپنے عارضوں کے موزوں طبی علاج معالجے اور نشاندہی کردہ ضروریات کے سلسلے میں ماہرین اور موزوں جسمانی اور رویوں کی صحت کی نگہداشت کے علاج معالجے تک براہِ راست رسائی حاصل ہے۔

ایسی صورت میں کیا ہوگا کہ اگر فراہم کنندہ نیٹ ورک سے باہر ہو؟

اکثر صورتوں میں آپ کے لیے یہ لازم ہوتا ہے کہ آپ Trillium کے ماہر یا فراہم کنندہ کو دکھائیں۔ خدمت اگر Trillium فراہم کنندہ کے پاس موجود ہے تو ہم آپ سے کہیں گے کہ آپ Trillium کے فراہم کنندہ کو ہی استعمال کریں۔ خدمت اگر Trillium کے فراہم کنندگان کے پاس موجود نہیں ہے، تو ایسی صورت میں Trillium نیٹ ورک سے باہر فراہم کنندہ کی منظوری دے سکتی ہے۔ ہم ریاست سے باہر اپائنٹمنٹس کی منظوری صرف اس صورت میں دیتے ہیں کہ جب کوئی خدمت اوریگن میں دستیاب نہیں ہوتی۔ آپ اپنے آپ کو نیٹ ورک سے باہر فراہم کنندہ کے لیے ریفر کر سکتے ہیں۔

میں خدمات کی منظوری کس طرح سے حاصل کرسکتا ہوں؟

ریفرل کے علاوہ، بعض طبی خدمات کے حصول سے پہلے Trillium کی منظوری بھی درکار ہوتی ہے۔ خدمت کی اس منظوری کو اجازت نامہ کہا جاتاہے۔ آپ کو خدمت فراہم کرنے والا فراہم کنندہ Trillium سے منظوری حاصل کرتاہے اور جب خدمت کی منظور مل جاتی ہے تو آپ کو مطلع کر دیتاہے۔ اگر آپ کے پاس خدمت کا ریفرل یا اجازت نامہ نہیں ہے تو ممکنہ ہے کہ آپ کو خدمت فراہم کرنے سے انکار کر دیا جائے یا پھر آپ کو خدمت کی ادائیگی کرنی پڑے۔

OHP میں شامل دیگر فوائد

بعض خدمات ایسی بھی ہیں کہ جن کی ادائیگی Trillium Community Health Plan کی جانب سے نہیں کی جاتی، تاہم ان کی ادائیگی OHP کی جانب سے کی جاتی ہے۔ اگر آپ کو ان خدمات کے سلسلے میں مدد درکار ہو، تو براہِ مہربانی Trillium کی میمبر سروسز کے اس نمبر 1-877-600-5472 پر کال کریں۔ کیئر کوآرڈینٹر سے بات کرنے کا کہیں۔ اگر آپ کو ان خدمات کے حصول کے سلسلے میں مدد درکار ہو تو، براہِ مہربانی MTM کے اس ٹال فری نمبر 877-583-1552 (TTY: 711) پر کال کریں۔ ایسی چند خدمات کی مثالیں جو OHP کی جانب سے شامل کی جاتی ہیں لیکن Trillium کی جانب سے فراہم نہیں کی جاتیں:

CCO غیر شامل شدہ صحت کی خدمات	نگہداشت بابمی تعاون دستیاب CCO کی جانب سے	ٹرانسپورٹیشن دستیاب بذریعہ CCO	کس کو رابطہ
ڈاکٹر کی معاونت والی خود کشیاوریگین ڈیتھ وتھ ڈگنٹی ایکٹ، ORS 127.800-127.897 کے تحت - اوریگین ریاست میں مقیم شدید بیمار افراد کو اپنے ڈاکٹروں سے خود سے کھانے کی ادویات کے حصول اور استعمال کی اجازت، جو ادویات زندگی کا خاتمہ کرنے میں معاون ہوتی ہیں۔	جی نہیں	جی ہاں	KEPRO Care کوآرڈی نیشن ٹیم پر (800)562-4620
اسپتال کی خدماتان میمبران کے لیے جو اسکلڈ نرسنگ فیسلٹی میں مقیم ہیں؛ - میمبران کو طبی نگہداشت، خاندان کے لے معاونت، مریض کے لیے وکالت، روحانی مشاورت، درد کی تشخیص اور علاج معالجہ کرنے دینا اور اسکلڈ نرسنگ فیسلٹی میں زندگی کے اختتام کی تبدیلی میں معاونت کے لیے ادویات اور پائیدار طبی آلات تک رسائی میں معاونت۔	جی نہیں	جی ہاں	KEPRO Care کوآرڈی نیشن ٹیم پر (800)562-4620
اسکول کی بنیاد پر صحت کی سہولیاتیہ خدمات شامل ہیں اور انڈیویجوئل وِتھ ڈس ایبلٹیز ایجوکیشن ایکٹ کی ضروری شرائط کے تحت فراہم کی جاتی ہیں جن کی بازادائیگی تعلیمی خدمات کے پروگرام سے کی جاتی ہے؛ - معذوریوں کے شکار طلبہ کو رسائی دینے کے لیے، اسکولوں کو چاہیئے کہ وہ اپنے خصوصی تعلیمی منصوبوں کے حصے کے طور پر ان کو تعلیم حاصل کرنے کے لیے ضروری طبی خدمات فراہم کریں	جی نہیں	جی ہاں	KEPRO Care کوآرڈی نیشن ٹیم پر (800)562-4620
انتظامی معائنےدرخواست کردہ یا پھرOAR 410-130-0230 کے مطابق اجازت شدہ؛ - نگہداشت کی مخصوص حد کے تحت میمبران کو خصوصی معائنے کروانے دینا۔	جی نہیں	جی ہاں	KEPRO Care کوآرڈی نیشن ٹیم پر (800)562-4620
سٹیزن/ایلئن ویوڈ ایمرجنسی میڈیکل یا CAWEM Plus-CHIP والدین کی کورج برائے CAWEM کے وصول کنندوں کو فراہم کی جانے والی خدمات؛ - غیر سٹیزن/ایلئن ویوڈ ایمرجنسی میڈیکل میمبران کو ہنگامی طبی خدمات اور بچے کی پیدائش سے پہلے کی نگہداشت تک رسائی فراہم کرنا۔	جی نہیں	جی ہاں	KEPRO Care کوآرڈی نیشن ٹیم پر (800)562-4620
اسقاطِ حمل - ارکان کو حمل ضایع کرنے کی خدمات تک رسائی فراہم کرنا۔	جی ہاں	جی ہاں	KEPRO Care کوآرڈی نیشن ٹیم پر (800)562-4620

CCO غیر شامل شدہ صحت کی خدمات	نگہداشت باہمی تعاون دستیاب CCO کی جانب سے	ٹرانسپورٹیشن دستیاب بذریعہ CCO	کس کو رابطہ
اسپتال سے باہر بچے کی پیدائش(OOHB)اس میں بچے کی پیدائش سے پہلے اور بچے کی پیدائش کے بعد خواتین کو فراہم کی جانی ایسی خدمات شامل ہیں جو OAR 410-130-0240 میں تعریف کردہ معیارات کو پورا کرتی ہوں - اس میں بچے کی پیدائش سے پہلے، بچے کی پیدائش کے دوران اور بچے کی پیدائش کے بعد نگہداشت کی خدمات تک میمبران کو رسائی فراہم کی جاتی ہے۔	جی نہیں	جی ہاں	Trillium میمبر سروسز - 877-600-5472
CCO کی بازادائیگی سے باہر طویل مدتی خدمات اور معاونتیں ORS 114.631 کی پیروی میں؛ - LTSS خدمات وصول کرنے والے ارکان کو CCO اور طویل مدتی خدمات اور معاونتوں کے درمیاں مربوط کردہ خدمات کی فراہمی	جی ہاں	جی ہاں	Trillium میمبر سروسز - 877-600-5472
رویوں کی صحت کی بعض خدمات تک رسائی حاصل کرنے میں میمبران کو معاونت فراہم کرنا۔ اس طرح کی خدمات میں یہ شامل ہوسکتی ہیں، تاہم یہ صرف ان تک ہی محدود نہیں ہیں: ا) رویوں کی صحت کے بعض عارضوں کے لیے مخصوص ادویات؛ ب) رویوں کی صحت کے بعض عارضوں کے لیے معالجاتی ادویات؛ پ) 18 برس اور اس سے بڑی عمر کے ارکان کے لیے طویل مدتی نفسیاتی نگہداشت؛ اور ت) 18 برس اور اس سے بڑی عمر کے ارکان کے لیے بالغوں کے فاسٹرہومز میں ذاتی نگہداشت۔ مزید معلومات یا ان رویوں کی صحت کی مخصوص خدمات کی مکمل فہرست کے لیے،Trillium میمبر سروسز کو کال کریں۔	جی ہاں	جی ہاں	Trillium میمبر سروسز - 877-600-5472
فیملی کنیکٹس پروگرام نرسنگ ہومز میں نوزائیدہ بچوں کے پاس آنے کے لیے تمام خاندانوں شواہد کی بنیاد پر مفت خدمت کی فراہمی۔ - والدین کو نرسوں، کمیونٹی کے وسائل اور خاندانوں کے ملانے میں معاونت فراہم کرنے والا دی فیملی کنیکٹس پروگرام۔	جی ہاں	جی ہاں	Trillium میمبر سروسز - 877-600-5472

ان خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ مہربانی OHP کلائنٹ سروسز کے اس نمبر 1-800-273-0557 پر کال کریں۔ اگر آپ کو ٹرانسپورٹیشن میں مدد کی ضرورت ہے تو براہِ مہربانی "کیا میں اپنی اپائنٹمینٹس تک سواری حاصل کرسکتا ہوں؟" کا سیکشن ملاحظہ کریں۔

کیا نئی ٹیکنالاجی شامل ہے؟

اس کا فیصلہ OHP کرتی ہے کہ آیا آپ کے فوائد کے پیکج میں نئی ٹیکنالاجی یا پھر موجودہ ٹیکنالاجی کا نیا استعمال شامل ہے یا نہیں۔ اگر آپ کو اس بارے میں کوئی سوال کرنا ہو کہ آیا کوئی خدمت شامل ہے یا نہیں، تو براہِ مہربانی Trillium میمبر سروس کو کال کریں۔

ڈاکٹر کی ترغیبات

آپ کو صحت مند رکھنے کے لیے ہم اپنے فراہم کنندگان کو بونس یا معاوضہ بھی ادا کرتے ہیں۔ ہم اپنے فراہم کنندگان کو خدمات اور ریفرلز کو محدود کرنے پر نہ ادائیگی یا معاوضہ فراہم نہیں کرتے۔ آپ کی جانب سے خدمت کی درخواستوں پر فیصلہ سازی کی بنیاد صرف نگہداشت اور خدمت کی موزونیت اور موجودہ کورج ہیں۔ آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ ڈاکٹروں کی ترغیب اور Trillium کے ڈھانچے اور کام کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں معلومات کی درخواست کریں اور معلومات وصول کریں۔ ڈاکٹروں کی ترغیب کے بارے میں مزید معلومات کے لیے Trillium سے ان نمبروں (TTY 711) 1-877-600-5472 پرابطہ کریں۔

کیا مجھے اپنی اپائنٹمنٹ کے لیے سواری مل جائے گی؟

اگر آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ پر جانے کے لیے مدد کی ضرورت ہے، تو براہ مہربانی MTM کو اس ٹال فری نمبر پر کال کریں 877-583-1552۔ آپ کے ڈاکٹر ، ڈینٹسٹ یا کاؤنسلر کے پاس جانے کے لیے اگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے تو ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ OHP پر موجود افراد صحت کی نگہداشت کے دوروں پر جانے کے لیے سواریوں کی ادائیگی وصول کرتے ہیں۔ MTM آپ کو اپائنٹمنٹس پر جانے بشمول پیٹرول، کھانے اور رہائش کے لیے لاگت کی ادائیگی کر سکتی ہے۔ آپ کو اپنی صحت کی نگہداشت پر جانے سے قبل منضوری لینی ہوگی۔ منظوری لینے کے لیے اس نمبر پر کال کریں 877-583-1552۔ اتوار - ہفتہ صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک یا کسی فوری سواری کے لیے کسی بھی وقت یا پھر اسپتال چھوڑنے بعد کے لیے سواری۔ براہِ مہربانی ہنگامی ٹرانسپورٹ کے لیے 911 پر کال کریں۔ مفت سواریاں، یا نان امرجنٹ میڈیکل ٹرانسپورٹیشن (سواریاں) فراہم کی جاتی ہیں منجانب:

MTM (میڈیکل ٹرانسپورٹیشن مینجمنٹ)

ٹال فری: 877-583-1552 (TTY: 711)

آپ نے اگر MTM کے ذریعے سواری کا وقت مقرر کرنا ہے تو جلد از جلد کال کریں۔ یاد رکھیں اگر آپ اپنی اپائنٹمنٹ منسوخ یا تبدیل کرتے ہیں، تو سواری کی منسوخی یا تبدیلی کے بارے میں فوری طور پر MTM کو مطلع کریں۔ آپ ہماری ویب سائیٹ پر میڈیکل رائیڈ گائیڈ میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں https://www.trilliumohp.com/members/oregon-health-plan/Benefits-and-Services/transportation.html

میں اپائنٹمنٹ پر ترجمان کس طرح سے حاصل کرسکتاہوں؟

اگر آپ چاہیں گے تو آپ کو آپ کی اپائنٹمنٹ کے وقت صوتی یا پھر اشاروں کی زبان والے والا مترجم فراہم کیا جائے گا۔ جب آپ اپائنٹمنٹ کے لیے کال کریں تو اپنے فراہم کنندہ کے دفتر میں بتائیں کہ آپ کو ایک مترجم کی ضرورت ہے اور کس زبان میں ضرورت ہے۔ آپ سے اس کی کوئی لاگت وصول نہیں کی جائے گی۔

اگر آپ کو صحت کی نگہداشت کے وزٹس کے لیے زبان یا اشاروں کی زبان کے مترجم کی ضرورت ہے تو آپ کر سکتے ہیں:

1. Trillium کو کال کریں۔
2. اپنے ڈاکٹر کے دفتر میں کال کریں اور ان سے کہیں کہ وہ آپ کے وزٹ کے لیےمترجم کا انتظام کریں۔

صحت کی نگہداشت کے مترجمین کے بارے میں معلومات یہاں پر مل جائے گی www.Oregon.gov/oha/oei.

شامل فوائد اور خدمات

OHP میں کیا شامل ہے؟

OHP کی جانب سے چشمے، آلاتِ سماعت، طبی آلات اور گھر پر صحت کی نگہداشت اور صحت کی دیکھ بھال کی اپائنٹمنٹس کے لیے ٹرانسپورٹیشن (سواری) بھی فراہم کی جاتی ہے۔ OHP میں سب کچھ شامل نہیں ہوتا۔ ان بیماریوں اور عارضوں کی فہرست کو ترجیحی (ترتیبوار) صحت کی خدمات کی فہرست کہا جاتا ہے۔ آپ یہاں پر آن لائن پڑھ سکتے ہیں: https://www.oregon.gov/oha/hsd/ohp/pages/prioritized-list.aspx.

مخصوص حالات میں OHP کی جانب سے دیگر بیماریوں اور عارضوں کو بھی شامل کیا جا سکتاہے۔ مثال کے طور پر مریض کو کوئی ایسا عارضہ ہے کہ جو شامل ہے اور کوئی دوسرا ایسا عارضہ ہے کہ جو شامل نہیں ہے۔ جو عارضہ شامل نہیں ہے اس کو بھی اس صورت میں شامل کیا جاسکتا ہے کہ اگر وہ پہلے عارضے کو بہتر بنانے میں معاون ہو۔ فوائد کا مکمل خلاصہ دیکھنے کے لیے براہِ مہربانی "فوائد کی چیک لسٹ کا خلاصہ" ملاحظہ کریں۔

ٹیلی ہیلتھ خدمات

ٹیلی ہیلتھ خدمات صحت کی ایسی خدمات ہیں جو برقی مواصلات کے استعمال کے ذریعے حاصل کی جاتی ہیں۔ یہ ایک محفوظ ای میل ہوسکتی ہے۔ یہ میمبر کی پورٹل یا آن لائن آڈیو/وڈیو کانفرنسنگ ہو سکتی ہے۔ Trillium کے میمبران آڈیو، وڈیو اور ای وزٹس کر سکتے ہیں(اگر ان کے فراہم کنندے کی جانب سے پیش کئے جاتے ہوں)۔ Trillium فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر بامعنی خدمات تک رسائی کی یقین دہانی کے لیے کام کرے گی۔ ٹیلی ہیلتھ کی فراہمی کے بعض مخصوص منظور شدہ طریقہ کار کے استعمال کے حوالے سے ہم اپنے ارکان کی صلاحیتوں کی تشخیص کریں گے۔ ٹیلی ہیلتھ کی اپائنٹمنٹ کے لیے آپ کو کمپیوٹر استعمال کرنا پڑے گا۔ اس کے لیے آپ لیپ ٹاپ، ٹیبلیٹ یا فون بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ بعض مرتبہ آپ کو سمارٹ فون کی بھی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اپنے فراہم کنندہ سے اس کی ٹیلی ہیلتھ کی خدمات کے بارے میں معلوم کریں۔ آپ تمام کمیونٹی ہیلتھ سینٹرز پر ٹیلی ہیلتھ خدمات تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ 2022 میں Trillium اس بات کی یقین دہانی کر لے گی کہ ہمارے فائنڈ اے پرووائیڈر اور شایع شدہ پرووائیڈر ڈائریکٹری میں یہ دکھایا جائے کہ کون سے فراہم کنندگان ٹیلی ہیلتھ خدمات پیش کرتے ہیں۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو تو اس نمبر 1-877-600-5472 (TTY: 711) پر میمبر سروسز سے رابطہ کریں

آپ کو اگر ٹیلی ہیلتھ کے بارے میں کوئی سوال کرنا ہے، تو براہ مہربانی Trillium میمبر سروسز پر کال کریں۔ آپ اپنے کیس مینجر سے بھی مدد طلب کرسکتے ہیں۔

شامل ٹیلی ہیلتھ خدمات

ٹیلی ہیلتھ میں جسمانی، رویوں اور منہ کی صحت کے دورے شامل ہیں۔ آپ معمول کی ادویات لینے کے لیے بھی ٹیلی ہیلتھ کی اپائنٹمنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ ٹیلی ہیلتھ اپائنٹمنٹس پر سوالات بھی پوچھ سکتے ہیں۔ آپ رویوں کی صحت کے جاری دوروں کے لیے بھی ٹیلی ہیلتھ کا استعمال کر سکتے ہیں۔ ٹیلی ہیلتھ پیش کرنے والے فراہم کنندوں کے بارے میں معلوم کرنے کے لیے میمبر سروسز سے رابطہ کریں۔

Teladoc ٹیلی ہیلتھ سروسز

Trillium کی جانب سے Teladoc Health, Inc. کی ٹیلی ہیلتھ خدمات پیش کی جاتی ہیں۔Teladoc جسمانی، رویوں اور منہ کی صحت کے دوروں کے لیے ٹیلی ہیلتھ کی خدمات فراہم کر تی ہے۔ Teladoc ی خدمات کے لیے ریفرل کی ضرورت نہیں ہوتی۔ Teladoc کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی میمبر سروسز کو کال رکیں یا پھر وزٹ کریں https://www.trilliumohp.com/members/oregon-health-plan/Benefits-and-Services/telehealth.html

مریض کا انتخاب اور موافقت

ٹیلی ہیلتھ آپ کے فراہم کنندہ کو دکھانے کا ایک طریقہ ہے۔ بعض فراہم کنندوں کے لیے آپ کو روبرو دیکھنا ضروری ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور، آپ کے دل کے ڈاکٹر کے لے آپ کو روبرو دیکھنا ضروری ہوسکتاہے۔ آپ کا فراہم کنندہ آپ کو صرف ٹیلی ہیلتھ وزٹس تک ہی محدود نہیں رکھ سکتا۔ آپ کو بامعنی طریقے سے نگہداشت فراہم کرنے کے لیے Trillium ہمارے نیٹ ورک کے فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر آپ کو ٹیلی ہیلتھ کی خدمات پیش کرنے کے لیے کام کرتا ہے۔ ٹیلی ہیلتھ کی خدمات کلچر کے لحاظ سے موزوں ہوں گی۔ جن طریقوں سے Trillium ٹیلی ہیلتھ کی خدمات پیش کر سکتی ہے ان میں آپ کی ترجیحی زبان، بریل، بڑے پرنٹ، آڈیو اور کوئی بھی دوسرا ایسا طریقہ جو آپ کے لیے سہولت پیدا کرے۔ "زبان میں معاونت" کا سیکشن ملاحظہ کریں۔

ٹیلی ہیلتھ کے رازداری کے طریقہ کار

Trillium کی جانب سے Teladoc Health, Inc. کی ٹیلی ہیلتھ خدمات پیش کی جاتی ہیں۔ قانون کی جانب سے Teladoc Health, Inc. کو پابند بنایا جاتا ہے کہ وہ آپ کی صحت کی بارے میں نجی معلومات کو صیغہ راز میں رکھے۔ یہ آپ کی معلومات کو اسی طرح سے تحفظ فراہم کرتے ہیں جس طرح سے روبرو دکھانے پر آپ کا فراہم کنندہ کرتا ہے۔ Teladoc Health, Inc. کو چاہیئے کہ وہ آپ کو لازمی طور پر اپنی قانونی ذمہ داریوں اور صیغہ راز میں رکھنے کے طریقہ کار کے بارے میں آگاہی فراہم کرے۔

ایسی صورت میں کیا ہو کہ جب کوئی ایسی تبدیلی آئے کہ جس کی وجہ سے نگہداشت یا خدمات تک آپ کی رسائی پر اثرات پڑیں؟

Trillium متاثر ہونے والے ارکان کو کسی بھی تبدیلی سے کم از کم 30 دن پہلے تحریری نوٹس فراہم کرتا ہے۔ یہ تبدیلی فراہم کنندے، کسی پروگرام یا شامل کردہ خدمت میں ہوسکتی ہے۔ تحفظ کے نمایاں مسائل کے پیشِ نظر ہم یہ تبدیلیاں زیادہ تیزی سے بھی کر سکتے ہیں۔ متاثر ہونے والے میمبران کو ہم بعد میں نوٹس بھیج دیتے ہیں۔ آپ کے فراہم کنندے نے اگر تبدیلیاں کی ہیں اور فراہم کنندے نے 30 دنوں کے اندر تبدیلی کے حوالے سے کوئی مناسب اطلاع نہیں دی ہے، تو اس تبدیلی کے بارے میں ہم آپ کو 15 دنوں کے اندر مطلع کر دیں گے۔

عملی گائیڈ لائنز

عملی گائیڈ لائنز آپ کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے ایک سمت فراہم کرتی ہیں۔ اس میں نگہداشت کے کئے فوائد اور نقصانات کو شامل کیا گیا ہے۔ Trillium کے پاس کئی موضوعات پر عملی گائیڈ لائنز ہیں۔ اگر آپ کسی موضوع کے بارے میں عملی گائیڈ لائن چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی میمبر سروس پر کال کریں۔ ہماری ویب سائیٹ پر فراہم کنندہ کے وسائل کے ذیل میں عملی گائیڈ لائنز بھی فراہم کی گئی ہیں۔

بچاؤ کی خدمات

صحت کے مسائل کے پیدا ہونے سے پہلے ان کو روکنا بھی بہت اہم ہے۔ آپ کو صحت مند رکھنے کے لیے OHP میں بچاؤ کی خدمات کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ ان خدمات کے لیے اجازت نامے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بچاؤ کی خدمات میں چیک اَپس اور ٹیسٹیں شامل ہیں تاکہ مسئلہ کا پتہ لگایا جا سکے۔ چیک اَپس اور دیگر خدمات کا وقت طے کرنے کے لیے آپ کا PCP مشورہ دے گا

بچاؤ کی دیگر خدمات میں شامل ہیں:

- EPSDT
- بچوں اور بالغ افراد کے لیے حفاظتی ٹیکے (غیرملکی سفر یا پھر ملازمت کے مقصد کے لیے نہیں)؛
- معمول کی جسمانی؛
- لیب ٹیسٹس؛
- تمباکو نوشی ترک کرنے کے ٹولز؛
- زچگی اور نوزائیدہ بچے کی نگہداشت؛
- خواتین کا معائنہ اور پیپ سمیرز؛
- خواتین کے لیے میموگرام (چھاتی کا ایکسرے)؛
- مردوں کے لیے مثانے کے غدود کی اسکریننگ
- سرطان کی اسکریننگ؛ اور
- فلورائیڈ علاج معالجہ۔

میں تمباکو نوشی کا استعمال ترک کرنے کے سلسلے میں کس طرح سے مدد حاصل کرسکتا ہوں؟

ایک چیز جو آپ اپنی اور اپنے خاندان والوں کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے کر سکتے ہیں، وہ یہ ہے کہ آپ تمباکو کا استعمال ترک کردیں۔ آپ کو تمباکو نوشی ترک کرنے میں معاونت فراہم کرنے کے لیے Trillium ادویات کی ادائیگی کرتی ہے اور ٹیلی فون کے ذریعے کاؤنسلنگ فراہم کرتی ہے۔ اگر آپ تمباکو استعمال کرتے ہیں، تو کال کریں **Quit for Life** ٹال فری **1-866-784-8454.**

EPSDT کیا ہے؟

ابتدائی اور میعادی اسکریننگ، تشخیص اورعلاج معالجہ (EPSDT) 21 برس سے کم عمر میمبران کے لیے صحت کی نگہداشت کا ایک فائدہ ہے۔ EPSDT میں مکمل اسکریننگ، تشخیص اور علاج معالجہ کی خدمات شامل ہیں۔ ان اسکریننگز میں جسمانی، رویوں یا نشوونما کی صحت کی نگہداشت کے مسائل

کو تلاش کرنے میں مدد ملتی ہے، جن پر مزید تشخیص کرنے اور/یا علاج معالجہ کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ EPSDT میں جسمانی اور رویوں کی صحت کے عارضے کو ٹھیک کرنے یا اس میں بہتری لانے کے لیے کسی بھی قسم کی تشخیصی ٹیسٹنگ یا طبی طور پر ضروری علاج معالجہ شامل ہے۔

EPSDT میں نشوونما میں تاخیر کے شکار بچے کے لیے بھی مطلوبہ خدمات شامل ہیں۔ ان خدمات کے ذریعے عارضوں کو مزید خراب ہونے سے روکا جاسکتا ہے۔ ان خدمات کے ذریعے بچے کی صحت کی نگہداشت کو درپیش مسئلہ کے اثرات میں کمی لانے میں بھی مدد ملتی ہے۔ EPSDT کے بچوں اور نوجوانوں کو ابتدائی مرحلہ میں اور اکثر صحت کی نگہداشت کی خدمات تک رسائی حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔ EPSDT کی اسکریننگ کو بعض مرتبہ تندرست بچہ یا تندرست دیکھ بھال کے چیک بھی کہا جاتا ہے۔

EPSDT میں کیا شامل ہے؟

ایک تندرست بچہ چیک اَپ، یا EPSDT اسکریننگ میں شامل ہیں:

- صحت اور نشوونما کی مکمل ہسٹری
- مکمل جسمانی معائنہ
- عمر اور صحت کی تاریخ کی بنیاد پر صحت کی تعلیم اور کاؤنسلنگ
- بصارت کی ٹیسٹنگ
- سماعت کی ٹیسٹنگ
- لیبارٹری کے ٹیسٹ
- خون کے ٹیسٹ
- کھانے اور نیند کے مسائل کا جائزہ
- غذائی حیثیت
- ABC Dental (ABCD) کے اہل PCP کی جانب سے منہ کی صحت کی اسکریننگ اور منہ کی صحت کی خدمات
- حفاظتی ٹیکے
- ذہنی صحت کی اسکریننگ
- موادوں کے استعمال کے علاج معالجے کی اسکریننگ
- شدید، فروعی یا پرانے بیماریوں یا عارضوں کے لیے ڈاکٹروں کی مطلوبہ خدمات

بچے کے طبی فراہم کنندہ کی جانب سے جب صحت کے کسی عارضے کی تشخیص ہوتی ہے تو بچے کا فراہم کنندہ کرتا ہے:

- بچے کا علاج معالجہ کرتاہے، اگر یہ فراہم کنندہ کے عملی کام کے دائرہ کار میں ہو تو؛ یا
- علاج معالجے کے لیے بچے کو کسی موزوں ماہر کے پاس ریفر کرتا ہے۔ اس میں اضافی ٹیسٹنگز یا پھر خصوصی جانچ شامل ہو سکتی ہے، جیسا کہ:
  - نشوونما کی تشخیص،
  - جامع ذہن صحت
  - منشیات کے استعمال کے عارضے کی تشخیص، یا
  - غذائی کاؤنسلنگ۔

EPSDT کی خدمات میں سپلیمنٹ نیوٹریشنل اسسٹنس پروگرام (SNAP) یا دیگر سماجی خدمات کے پروگرام شامل نہیں ہیں۔ ایسی خدمات اور علاج معالجے جو EPSDT کے تحت شامل نہیں ہیں، ان کے بارے میں معلومات اور ریفرل میں معاونت کے لیے، براہِ مہربانی میمبر سروس کے ٹال فری نمبر پر کال کریں: 1-877-600-5472 (TTY 711)۔

علاج معالجہ کرنے والے فراہم کنندگان اپنی خدمات کے نتائج EPSDT کے ریفر کرنے والے اسکریننگ فراہم کنندگان کو فراہم کریں گے اور اس میں صحت اور نشوونما دونوں کی جامع ہسٹری، بشمول جسمانی اور ذہنی صحت کی نشوونما کی تشخیصوں کو بحال رکھا جائے گا۔

مَیں EPSDT تک کیسے رسائی حاصل کروں؟

EPSDT کا پروگرام 21 برس تک کی عمر کے میمبران کو مفت میں فراہم کیا جاتا ہے۔ اہل میمبران اور ان کے خاندان کے افراد مفت میں ٹرانسپورٹیشن(سواریاں) بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ اہل میمبران یا ان کے خاندان والے وقت طے کرنے کے سلسلے میں مفت میں مدد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ **EPSDT پروگرام** سے رابطہ کرنے کے لیے، اس نمبر پر میمبر سروس کو کال کریں **1-877-600-5472 (TTY 711)** کیئر کوآرڈینٹر سے بات کرنے کا کہیں۔

21 برس تک کی عمر کے میمبران کوEPSDT کے پروگرام تک مفت رسائی فراہم کی جاتی ہے۔ اہل میمبران اور ان کے خاندان کے افراد مفت میں ٹرانسپورٹیشن(سواریاں) بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ اہل میمبران یا ان کے خاندان والے وقت طے کرنے کے سلسلے میں مفت میں مدد بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ EPSDT پروگرام سے رابطہ کرنے کے لیے، اس نمبر پر میمبر سروس کو کال کریں 1-877-600-5472 (TTY 711) کیئر کوآرڈینٹر سے بات کرنے کا کہیں۔

EPDST کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: Medicaid فیکٹ شیٹ: https://downloads.aap.org/AAP/PDF/CHIP%20Fact%20_Sheets/federaladvocacy_medicaidfactsheet_all_states.pdf
AAP Periodicity Schedule: https://downloads.aap.org/AAP/PDF/periodicity_schedule.pdf

EPSDT خدمات فراہم کرنے والے بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ (PCP) کے لیے Trillium لازم قرار دیتا ہے کہ وہ آپ اور آپ کے مجاز نمائندے کے ساتھ تحریری معاہدہ کریں۔ دونوں فریقین کو لازمی طور پر اس تحریری معاہدہ پر دستخط کرنے ہوں گے۔ اس تحریری معاہدے میں EPSDT کے تحت آپ کے فرائض کی عکاسی کی جائے گی۔ اس معاہدہ میں بتایا جائے گا کہ بیان کردہ وقت کے دوران EPSDT خدمات کے سلسلے میں فراہم کنندہ آپ کا باقاعدہ ذریعہ ہوگا۔ ایک موزوں ریفرل فراہم کنندہ تلاش کرنے میں Trillium آپ کی مدد کرے گی۔ Trillium اپائنٹمنٹس طے کرنے میں آپ کی مدد کرے گی۔ EPSDT کے حوالے سے ضروریات یا سوالات کے حوالے سے Trillium کا کیئر کوآرڈینیٹر آپ کی مدد کرسکتا ہے۔ اسکریننگ کی خدمات کی آپ کی درخواست کے 6 ماہ کے اندر آپ کو EPSDT کی خدمات کی فراہمی شروع ہوجانی چاہیئیں۔

فوائد کے خلاصے کی چیک لسٹ

بعض خدمات، طریقہ کار اور طبی آلات کے لیے پیشگی اجازت کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کی جانب سے عموماً آپ کا فراہم کنندہ پیشگی اجازت کی درخواست جمع کرواتا ہے۔ اس چارٹ میں تمام خدمات، طریقہ کار اور طبی آلات کی فہرست موجود ہے۔ اس میں کو یہ بتایا جاتا ہے کہ پیشگی اجازت ی ضرورت ہے یا نہیں۔ پیشگی خدمات کی اجازت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہِ مہربانی میمبر سروسز کے ٹال فری نمبر پر کال کریں: (TTY: 711) 1-877-600-5472۔

فوائد		آپ کی لاگت	پیشگی اجازت کی شرائط	TRILLIUM کے فراہم کنندہ سے حصول کے وقت دیکھ بھال کی حدود
ڈاکٹر کے وزٹ	بنیادی نگہداشت کیا ہے؟	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
	اسپیشلسٹ	$0	ڈینٹل، خواتین کی صحت یا رویوں کی صحت کے فراہم کنندگان کے لے ضروری نہیں۔ دو وزٹس کے بعد ہو سکتا ہے کہ دیگر خدمات کے لیے ضروری ہو۔	جس طرح سے سفارش کی گئی ہے یا OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
بچاؤ کی خدمات	چھوٹی عمر کے بچوں اور ٹینز کے لیے تندرست بچہ وزٹس	$0	ضروری نہیں	جس طرح سے سفارش کی گئی ہے
	معمول کی جسمانی	$0	ضروری نہیں	جس طرح سے سفارش کی گئی ہے
	تندرست خواتین وزٹس	$0	ضروری نہیں	جس طرح سے سفارش کی گئی ہے
	خواتین کے لیے میموگرام (چھاتی کا ایکسرے)	$0	ضروری نہیں	جس طرح سے سفارش کی گئی ہے
	مردوں کے لیے مثانے کے غدود کے معائنے	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
	خاندانی منصوبہ بندی	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
	جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں (STDs) کی اسکریننگ	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
	ٹیسٹنگ اور کاؤنسلنگ برائے ایڈز اور HIV	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
نسخہ پر لکھی گئی ادویات	فراہم کنندہ کے نسخہ پر تمام نہیں تاہم کئی ادویات دستیاب ہیں۔ اوریگین ہیلتھ پلان کی ترجیح کردہ ادویات کی فہرست میں مکمل فہرست دیکھی جا سکتی ہے۔	شامل شدہ ادویات کی کوئی لاگت نہیں۔ ذہنی صحت کی ادویات کی دیکھ بھال ریاست کی جانب سے کی جاتی ہے۔ ان ادویات کی کوپے مختلف ہوتی ہے۔	بعض ادویات کے لیے نسخے کے علاوہ اجازت کی بھی ضرورت ہو سکتی ہے۔	اگر کسی اجازت کی شرط والی دوا کا انکار کیا جاتا ہے، تو اس کو شامل نہیں کیا جائے گا۔

فوائد		آپ کی لاگت	پیشگی اجازت کی شرائط	TRILLIUM کے فراہم کنندہ سے حصول کے وقت دیکھ بھال کی حدود
لیبارٹری اور ایکس رے	خون نکالنا	$0	ریفرل ضروری ہیں	کوئی حد نہیں
	ایکسرے	$0	ریفرل ضروری ہیں	کوئی حد نہیں
	سی ٹی اسکین	$0	اجازت ضروری ہے	کوئی حد نہیں
	MRIs	$0	اجازت ضروری ہے	کوئی حد نہیں
حفاظتی ٹیکے/ٹیکے	ویکسینز	$0 برائے سفارش کردہ ویکسینز	ضروری نہیں	جس طرح سے سفارش کی گئی ہے
حمل کی نگہداشت	آپ کے فراہم کنندہ کے ساتھ والدین کے دورے	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
	بچے کی پیدائش کے بعد کی نگہداشت (وہ نگہداشت جو آپ کو بچہ پیدا ہونے کے بعد فراہم کی جاتی ہے)	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
	معمول کی بصارت کی خدمات	$0	ضروری نہیں	حاملہ خواتین اور 20 تک یا اس سے کم عمر بچوں کے لیے دستیاب
	چھاتی کا دودھ پلانے، بشمول چھاتی کے پمپ میں معاونت	$0	ضروری نہیں	مزید تفصیلات کے لیے Trillium سے رابطہ کریں
زچگی اور بچے کی پیدائش	حاملہ خواتین میمبران کو ہمارے والدین کے پروگرام بچہ پیدا کرنے کی تیاری میں مدد فراہم کرسکتے ہیں۔	$0	ضروری نہیں	براہِ مہربابی Trillium اور اوریگین ہیلتھ اتھارٹی کو اپنے حمل سے ہونے اور حمل کے ختم ہونے بارے میں مطلع کریں۔ آپ کو اپنے بچے کے لیے OHP کے لیے درخواست دینی ہوگی۔ بعض پیدائشوں کی ادائیگی Trillium کی جانب سے نہیں کی جاتی لیکن OHA کی جانب سے کی جاتی ہے۔ گھر پر بچہ پیدا کرنے کے آپشنس کے بارے میں براہِ مہربانی OHP کلائنٹ سروسز سے رابط کریں۔
اسپتال میں قیام	ہنگامی صورتحال	$0	ضروری نہیں	جب طبی طور پر لازمی ہو تو کوئی حد نہیں
	جراحت کا وقت طے کریں، بشمول ان پیشنٹ اور آؤٹ پیشنٹ دونوں طرح کی خدمات کے لیے	$0	اجازت ضروری ہے	جب طبی طور پر لازمی ہو تو کوئی حد نہیں
	بحالی	$0	اجازت ضروری ہے	جب طبی طور پر لازمی ہو تو کوئی حد نہیں

فوائد		آپ کی لاگت	پیشگی اجازت کی شرائط	TRILLIUM کے فراہم کنندہ سے حصول کے وقت دیکھ بھال کی حدود
	ان پیشنٹ اسپتال کی خدمات	$0	فوری یا ناگہانی، ضروری نہیں	جب طبی طور پر لازمی ہو تو کوئی حد نہیں
	ان پیشنٹ بحالی	$0	اجازت کی ضرورت ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت، تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	آؤٹ پیشنٹ اسپتال کی خدمات	$0	اجازت کی ضرورت ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت، تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
ہنگامی وزٹس، فوری نگہداشت یا دیگر مطلوبہ ہنگامی خدمات	ایمرجنسی روم وزٹس اور فوری نگہداشت	$0	ضروری نہیں	جب طبی طور پر لازمی ہو تو کوئی حد نہیں
	ہنگامی طبی ٹرانسپورٹیشن	$0	ضروری نہیں	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	فوری نگہداشت کی خدمات	$0	ضروری نہیں	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت، تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
تھیراپی	جسمانی تھیراپی (PT)	$0	اجازت ضروری ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	پیشہ ورانہ (روزانہ کے کام) کی تھیراپی (OT)	$0	اجازت ضروری ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	اسپیچ تھیراپی (ST)	$0	اجازت ضروری ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
بصارت	آنکھوں کا معائنہ	$0	ریفرل ضروری ہیں	حاملہ خواتین اور 20 تک یا اس سے کم عمر بچوں کے لیے دستیاب
	آنکھوں کا چشمہ	$0	ریفرل ضروری ہیں	حاملہ خواتین اور 20 تک یا اس سے کم عمر بچوں کے لیے دستیاب
	آنکھوں کا طبی معائنہ	$0	ریفرل ضروری ہیں	پلان کی منظوری کی بنیاد پر وزٹس کی تعداد
خصوصی خدمات	طبی آلات اور سازوسامان	$0	اجازت ضروری ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں

فوائد		آپ کی لاگت	پیشگی اجازت کی شرائط	TRILLIUM کے فراہم کنندہ سے حصول کے وقت دیکھ بھال کی حدود
	سماعت کے آلات اور معائنے	$0	اجازت ضروری ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	گھر پر صحت	$0	اجازت ضروری ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	مہارت رکھنے والے نرسنگ مراکز	$0	اجازت ضروری ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	پرسکون نگہداشت کی خدمت	$0	ضروری نہیں	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	کیرومعالج	$0	اجازت ضروری ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	آکیوپنکچر	$0	اجازت ضروری ہے	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	روایتی صحت کے کارکنان -ڈولا - ہم عمر معاونت کا ماہر* - ہم عمر تندرستی کا ماہر* - ذاتی صحت کا نیوی گیٹر - کمیونٹی صحت کا کارکن *رویوں کی صحت	$0	کسی ادارے کے ساتھ وابستہ ہم عمر معاون خصوصی (رویوں کی صحت) یا کوئی ایسا فرد جو آپ کی مخصوص ضروریات میں آپ کی معاونت کر سکتا ہو کے لیے Trillium سے رابطہ کریں۔	کوئی حد نہیں
	نام امیگرنٹ میڈیکل ٹرانسپورٹیشن (NEMT) خدمات	$0	ضروری نہیں	مزید تفصیلات کے لیے Trillium سے رابطہ کریں
	ٹیلی ہیلتھ خدمات	$0	ضروری نہیں	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	مترجم کی خدمات	$0	ضروری نہیں	مزید تفصیلات کے لیے Trillium سے رابطہ کریں

فوائد		آپ کی لاگت	پیشگی اجازت کی شرائط	TRILLIUM کے فراہم کنندہ سے حصول کے وقت دیکھ بھال کی حدود
رویوں کی صحت	منشیات کے استعمال کے عارضے کے سلسلے میں ادویات کی مدد سے علاج معالجہ	$0	ضروری نہیں	پہلے 30 دنوں کے بعد پیشگی اجازت ضروری ہے
	ریپ اراؤنڈ خدمات	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
	آؤٹ پیشنٹ رویوں کی صحت کی خدمات	$0	ضروری نہیں	پہلے 30 دنوں کے بعد پیشگی اجازت ضروری ہے
	ان پیشنٹ اور نفسیاتی خدمات	$0	اجازت کی ضرورت ہے	اجازت کی ضرورت ہے
	نیورولاجیکل (عصب اور عصابی نظام) اور خصوصی ٹیسٹنگ	$0	اجازت کی ضرورت ہے	اجازت کی ضرورت ہے
	تصریحی کمیونٹی علاج معالجے کی خدمات	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
	رویوں کی صحت کی جانچ اور تشخیص	$0	ضروری نہیں	کوئی حد نہیں
	اطلاقی رویوں کا جائزہ	$0	اجازت کی ضرورت ہے	اجازت کی ضرورت ہے
ہم آہنگی	کیئر کوآرڈی نیشن سروسز	$0	ضروری نہیں	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	کیس مینجمنٹ کی خدمات	$0	ضروری نہیں	OHP کی گائیڈلائنز کی بنیاد پر اجازت۔ تفصیلات کے لیے Trillium کو کال کریں
	انٹینسو کیئر کوآرڈی نیشن (ICC) خدمات	$0	اجازت کی ضرورت ہے	اجازت کی ضرورت ہے

خاندانی منصوبہ بندی اور پیدائش میں وقفے کی خدمات

خاندانی منصوبہ بندی اور متعلقہ خدمات خواتین، مردوں اور ٹینز کے لیے دستیاب ہیں۔ آپ کو خاندانی منصوبہ بندی اور متعلقہ خدمات حاصل کرنے کے لیے اپنے PCP سے ریفرل لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ اوریگین ہیلتھ اتھارٹی کے ساتھ کانٹریکٹ شدہ کوئی بھی فراہم کنندہ جس کے پاس ان خدمات کو انجام دینے کا لائسنس ہو، آپ ان سے یہ خدمات حاصل کر سکتی ہیں۔ خاندانی منصوبہ بندی اور متعلقہ خدمات جن کے لیے ریفرل کی ضرورت نہیں ہے ان میں شامل ہیں:

- خاندانی منصوبہ بندی کے وزٹس (جسمانی معائنے اور بچوں کی پیدائش پر قابو پانے کی تعلیم)
- پیدائش پر قابو رکھنے کے لیے درکار چیزیں، مثلاً پیدائش پر قابو رکھنے کی گولیاں اور کونڈوم؛
- بانجھ کاری کی خدمات (خواتین کی ٹیوبل لائیگیشن اور مردوں کی ویسکاٹامی)؛
- پیپ ٹیسٹ؛
- حمل کی ٹیسٹ؛ اور
- جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریاں (STDs) اور جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشن (STIs).

اسقاطِ حمل، ایڈز اور HIV کی ٹیسٹنگ اور کاؤنسلنگ کے حوالے سے معلومات کے لیے OHP کی ٹال فری کلائنٹ سروسز پر کال کریں 1-800-273-0557 (TTY 711)۔

اگر میں حاملہ ہوں تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

جس وقت آپ حمل سے ہیں اس وقت نگہداشت بہت اہم ہے۔ آپ اور آپ کے بچے کی صحت کے لیے بچے کی پیدائش سے قبل کی نگہداشت بہت اہم ہے۔

TRILLIUM کے دفاتر بند ہوتے ہیں

- بچے کی پیدائش سے پہلے کی نگہداشت (آپ کے بچے کی پیدائش سے پہلے آپ کی نگہداشت)
- زچگی اور بچے کی پیدائش
- بچے کی پیدائش کے بعد نگہداشت (آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد آپ کی نگہدات)؛ اور،
- آپ کے نومولود بچے کی نگہداشت

آپ کو جیسے ہی علم ہو کہ آپ حمل سے ہیں، تو OHP میمبر سروسز کو کال کریں۔ OHP میمبر سروسز اس بات کی یقین دہانی کرے گی کہ جب تک آپ حمل سے آپ اپنے OHP کے فوائد نہ کھوئیں۔

Trillium کے پاس حمل کا پروگرام ہے۔ ایک مرتبہ جب ہمیں DHS کی جانب سے آپ کے حمل کے بارے میں مطلع کیا جائے گا، تو ہم آپ کو کال کرکے اس پروگرام میں داخل کریں گے۔

آپ کے حمل کے دوران آپ کو مطلوبہ نگہداشت کی فراہمی کی یقین دہانی کرنے کے لیے Trillium کا اسٹارٹ سمارٹ فار بے بی ٹیم کے ارکان آپ سے رابطہ کریں گے۔ ہماری ٹیم آپ کو دیگر ایسی امداد کے بارے میں بھی آپ کو معلومات فراہم کرے گی جو آپ حاصل کر سکتے ہیں۔

اسپتال سے باہر بچے کی پیدائش:

اگر آپ اسپتال سے باہر بچہ پیدا کرنا چاہتی ہیں (گھر پر یا بچہ پیدا کرنے کے مراکز میں)، تو OHP کے ذریعے یہ خدمات دستیاب ہیں۔ اس میں حمل کا کم خطرہ رکھنے والی خواتین کے لیے بچے کی پیدائش سے پہلے اور بچے کی پیدائش کے بعد کی نگہداشت کی خدمات شامل ہیں۔

مزید معلومات کے لیے براہِ مہربانی اپنے فراہم کنندہ کے ساتھ کام کریں۔ آپ کو KEPRO کیئر کوآرڈینیشن ٹیم سے اس نمبر پر بھی رابطہ کرنا چاہیئے 1-800-562-4620۔ اگر آپ کو ہم آہنگی اور ٹرانسپورٹیشن میں مدد درکار ہو تو، Trillium کو اس نمبر پر کال کریں 1-877-600-5472۔

اہم: آپ کے بچے کی پیدائش کے بعد جلد از جلد:

- آپ OHP کی میمبر سروس پر کال کریں۔ وہ آپ کے بچے کو OHP میں داخل کریں گے۔
- اگر آپ نے حمل کے دوران اپنی تمام طبی نگہداشت اُمور زچگی کے ماہر طبیب یا بچے کی پیدائش سے قبل نگہداشت فراہم کنندہ سے حاصل کی ہے تو آپ کو ابھی PCP منتخب کرنا ہوگا۔ PCP منتخب کرنے میں معاونت کے لیے Trillium کو کال کریں۔
- آپ کی صحت کے بارے میں پوچھنے اور بچے کی پیدائش کے بعد کے لیے درکار اضافی معاونت کی فراہمی کے لیے آپ کو اسٹارٹ سمارٹ فار بے بی ٹیم کے ارکان کی جانب سے کال موصول ہوگی

آؤٹ پیشنٹ اور کمیونٹی کی بنیاد پر پروگرامز پر مندرجہ ذیل رویوں کی صحت کی خدمات قابل رسائی ہیں:

- علاج معالجے کی خدمات: روبروتھیراپی، گروپ تھیراپی (نفسیاتی معالجہ اور نفسیاتی تعلیم دونوں کے لیے)، فیملی تھیراپی
- موادوں کے استعمال کے علاج معالجے کی خدمات کا استعمال
- نفسیاتی اور ادویاتی کی نگرانی
- مہارتوں کی تربیت
- صحت کو فروغ دینا
- وقفے کی خدمات
- پیشہ ورانہ خدمات
- کیس مینجمنٹ
- ذاتی نگہداشت
- ہم عمر معاونت
- رہائشی
- معاونت فراہم کردہ رہائش
- ٹرانسپورٹیشن (سواریاں)
- بحرانی خدمات

کیا میں آنکھوں کا معائنہ کروا سکتا/سکتی ہوں اور چشمہ حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟

میمبران (پیدائش تا 20 سال کی عمر تک) کو مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہیں:

- بصارت کا معائنہ، لینز، فریمز، اور فٹنگز (بعض اوقات اس کو معمول کی بصارت کی خدمات کہا جاتاہے)۔
- آنکھوں کی بیماریوں، آنکھ کے زخمی ہونے اور ہنگامی صورتحال کا طبی معائنہ (بعض اوقات اس کو بصارت کی معمول کے علاوہ خدمات کہا جاتا ہے)۔
- اگر طبی اسباب کے باعث چشمہ نہیں پہنا جا سکتا تو ایسی صورت میں کانٹیکٹ لینسز کی ادائیگی OHP کی جانب سے کی جائے گی۔ بصارت کی معمول کے علاوہ خدمات میں کسی ماہر کو دکھانے کے لیے پیشگی اجازت کی ضرورت ہوتی ہے۔

حاملہ بالغ ارکان (21 برس یا اس سے بڑی عمر) کے لیے مندرجہ ذیل فوائد ہیں:

- 24 ماہ میں ایک مرتبہ تک محدود بصارت کا معائنہ، لینز، فریم، اور فیٹنگ (بعض مرتبہ اس کو معمول کی بصارت کی خدمات کہا جاتاہے)۔
- آنکھوں کی بیماریوں، آنکھ کے زخمی ہونے اور ہنگامی صورتحال کا طبی معائنہ (بعض اوقات اس کو بصارت کی معمول کے علاوہ خدمات کہا جاتا ہے)۔
- صرف چند عارضوں کی صورت میں ہی OHP کی جانب سے کانٹیکٹ لینسز کی ادائیگی کی جاتی ہے۔
- بالغ افراد کے لیے بغیر پیشگی اجازت کے چشموں کی تبدیلی شامل فوائد میں نہیں ہے۔ معمول کے بغیر بصارت کی خدمات کے لیے کسی ماہر کو دکھانے کے لیے ریفرل کی ضروت ہوتی ہے۔

غیر حاملہ بالغ ارکان (21 برس یا اس سے بڑی عمر) کے لیے مندرجہ ذیل فوائد ہیں:

- آنکھوں کی بیماریوں، آنکھ کے زخمی ہونے اور ہنگامی صورتحال کا طبی معائنہ (بعض اوقات اس کو بصارت کی معمول کے علاوہ خدمات کہا جاتا ہے)۔
- کانٹیکٹ یا آنکھ کے شفاف پردے کے ہٹائے جانے بعد 2 سال (24 ماہ) میں ایک مرتبہ بصارت کا محدود معائنہ۔
- کانٹیکٹ کے ہٹائے جانے کے 120 دنوں کے اندر صرف شامل کردہ لینسز، فریمز اور فٹنگز۔
- صرف چند عارضوں کی صورت میں ہی OHP کی جانب سے کانٹیکٹ لینسز کی ادائیگی کی جاتی ہے۔
- معمول کے بغیر بصارت کی خدمات کے لیے کسی ماہر کو دکھانے کے لیے ریفرل کی ضروت ہوتی ہے۔

میں نسخے پر لکھی گئی ادویات کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

اورگین کی اکثر فارمیسیز پر Trillium کی جانب سے ادویات شامل کی گئی ہیں۔ آپ کے ڈاکٹر نے آپ کو جو نسخہ دیا ہے وہ آپ کسی بھی ایسی فارمیسی پر لے جائیں جہاں آپ کو سہولت ہو۔ اگر آپ کو اوریگین سے باہر ادویات حاصل کرنے کی ضرورت ہو، تو نسخہ لکھنے والے اور فارمیسی دونوں کو ریاست اوریگین کے پاس رجسٹر ہونا لازمی ہے۔ اگر ہنگامی صورت ہے تو استثنیٰ کی درخواست کرنے کے لیے Trillium کو کال کریں۔ صرف چند مخصوص صورتوں میں ہی Trillium باہر کے علاقوں میں ادویات کے حصول کی منظوری دیتی ہے۔ اگر آپ اپنی ادویات کی ادائیگی کرتے ہیں، تو آپ بازادائیگی کی بھی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ صرف چند مخصوص صورتوں میں ہی Trillium باز ادائیگی کر سکتی ہے۔

Trillium کے پاس ایک دستورالعمل ہے، جس میں ان منظور شدہ ادویات کی فہرست ہے، جو Trillium کی جانب سے نسخہ پر تجویز کردہ ادویات میں شامل ہیں۔ آپ یہاں پر نسخہ میں شامل ادویات اور فارمیسی کی دیکھ بھال کے طریقہ کار کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں www.trilliumohp.com۔ فہرست میں شامل ادویات کو استعمال کیا جاتا ہے، کیوں کہ آپ کے عارضے کے علاج معالجے میں یہ مؤثر ہیں اور مفت میں دستیاب ہیں۔ Trillium ادویات کو شامل کرسکتی ہے یا نکال سکتی ہے یا ادویات کے شامل ہونے کی شرائط کو تبدیل کر سکتی ہے۔ اگر ہم فہرست میں سے کسی دوا کو نکالتے ہیں یا آپ جو دوا استعمال کر رہے ہیں اس کو محدود کرتے ہیں، تو اس حوالے سے ہم آپ کو پیشگی مطلع کر دیں گے۔ اگر آپ کا ڈاکٹر آپ کو کوئی ایسا دوا استعمال کرنے کا کہتا جو Trillium کی فہرست میں شامل نہیں ہے اور ڈاکٹر کی جانب سے Trillium کو یہ دوا شامل کرنے کی درخواست کی جاتی ہے، تو ہم اس درخواست پر غور کریں گے۔ درخواست کی منظوری یا عدم منظوری کے بارے میں آپ کو مطلع کر دیا جائے گا۔ اپنے انتخابات کے بارے میں بات کرنے کے لیے نسخہ پر ادویات لکھنے والے یا اپنے PCP سے بات کریں۔

کون سی ادویات شامل نہیں ہیں؟

- ایسی ادویات جن کے استعمال کی منظوری FDA کی جانب سے نہیں دی گئی ہے؛
- ایسی ادویات جو طبی طور پر ضروری نہیں ہیں؛
- ایسی ادویات جن پر تجربہ یا تحقیق ہو رہی ہے؛
- آپ کو حاملہ کرنے میں معاونت فراہم کرنے والی ادویات؛
- وزن کم کرنے کے لیے استعمال ہونے والی ادویات؛
- کاسمیٹکس یا بال بڑھانے کی ادویات۔

Trillium ہماری فہرست میں شامل بعض اوَور دی کاؤنٹر (OTC) ادویات، مثلاً اسپرین کی بھی ادائیگی کرتی ہے، بشرطیکہ ڈاکٹر نے آپ کو دوا نسخے پر لکھ کر دی ہو۔ یہ دیکھنے کے لیے کہ کون سی OTC ادویات شامل ہیں https://www.trilliumohp.com/members/oregon-health-plan/Benefits-and-Services.html یہاں پر دستورالعمل ملاحظہ کریں

ہم نسخہ پر لکھی تمام ادویات کو شامل نہیں کرتے۔ ایسی بہت ادویات جو لوگ ذہنی صحت کے لیے استعمال کرتے ہیں، ان کی ادائیگی براہِ راست اوریگین ہیلتھ اتھارٹی (OHA) کی جانب سے کی جاتی ہے۔ براہِ مہربانی فارمیسٹ کو اپنا اوریگین ہلتھ آئی ڈی کارڈ اور اپنا Trillium آئی ڈی کارڈ دونوں دکھائیں۔ فارمیسی کو معلوم ہوجائے گا اس کو بل کہاں بھیجنا ہے۔

میں اپنی ادویات کہاں سے حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟

آپ اپنی پسند کی کسی بھی فارمیسی کو استعمال کرسکتے ہیں جو آپ کے Trillium میڈیکل آئی ڈی کارڈ قبول کرے۔ اوریگن ہیلتھ آئی ڈی دکھانے کے لیے تیار رہیں۔ Trillium کے پاس کلاکماس، ملٹنوماہ اور وانشگٹن کاؤنٹی کے علاقوں میں اکثر فارمیسز کے انتظامات ہیں۔

آپ ڈاک کے ذریعے آرڈر کرنے والی فارمیسی سے بھی نسخہ پر ادویات حاصل کر سکتے ہیں۔ پوسٹل پرسکرپشن سروسز اور CVS کیئرمارک میل آرڈر فارمیسی دونوں ڈاک کے ذریعے آرڈر کی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ اگر آپ پاس انٹرنیٹ کی سہولت موجود ہے تو یہاں پر ڈاک کے آرڈر کی معلومات تلاش کر سکتے ہیں: https://www.trilliumohp.com/members/oregon-health-plan/Benefits-and-Services.html اگر انٹرنیٹ کی سہولت دستیاب نہیں ہے تو Trillium میمبر سروسز کو کال کریں۔

ادویات پر پابندیوں کی دیگر کورج

فہرست میں شامل بعض ادویات پر شمولیت کی اضافی شرائط عائد ہیں یا پابندیاں جن میں شامل ہیں:

- جینرک ادویات کا استعمال، جب دستیاب ہوں
- Trillium کی جانب سے پیشگی منظوری
- اسٹیپ تھیراپی۔ مختلف اور کم لاگت والی ادویات کا استعمال پہلے کرنا
- مقدار کا محدود کرنا

پیشگی اجازت اور ادویات کی استثنائی فہرست کے حوالے سے Trillium کے فیصلے صرف موزوں نگہداشت اور کورج کی بنیاد پر ہیں۔ Trillium کے عملے کو درخواستوں کا انکار کرنے پر کسی قسم کا انعام نہیں دیا جاتا اور نہ ہی ایسی کوئی مالیاتی ترغیب استعمال کی جاتی ہے جس سے خدمات کا انکار کرنے پر انعام ملتا ہو۔

ایسے ارکان جو Trillium کا بننے سے پہلے یا اسپتال اور نرسنگ کے مرکز ڈسچارج ہونے کے بعد ایسی ادویات استعمال کر رہے تھے جو فہرست میں شامل نہیں ہیں تو ایسے افراد کے لیے Trillium تین مرتبہ تک عبوری ادویات فراہم کرنے کی منظوری دے سکتی ہے۔ آپ یا آپ کا ڈاکٹر عبوری ادویات کی کورج میں مدد کے لیے Trillium سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اس صورت میں کیا ہوگا کہ اگر میرے پاس Medicare ہو؟

یہ معلومات آپ کے کنبہ میں شامل ہر اس فرد کے لیے ہے جس کے پاس Medicare اور Oregon Health Plan (OHP) کی کورج موجود ہے۔ ان کے فائدہ کو Medicare Part D کہا جاتا ہے۔ Part D ادویات کی کورج کے لیے Medicare کوپیمنٹس کو لازم قرار دیتاہے۔ ادویات کے فائدے پہنچانے والے اکثر منصوبے کوپیمنٹس سے رقم وصول کرتے ہیں۔ Trillium دیگر تمام شامل شدہ صحت کی خدمات کی ادائیگی کو جاری رکھے گا۔

نسخہ پر لکھی گئی ادویات کی معاونت۔ Oregon Prescription Drug Program

Oregon Prescription Drug Program ان نسخہ پر لکھی گئی ادویات کی قیمت کو کم کرنے میں مدد فراہم کرسکتا ہے جو آپ OHP کے فائدے کے پیکج میں شامل نہیں ہیں۔ یہ پروگرام اریگن کے تمام باشندوں کے لیے دستیاب ہے۔ فون کے ذریعے داخلہ لینے کے لیے کال کریں 1-800-913-4284 یا پھر Oregon Prescription Drug کی ویب سائیٹ کو وزٹ کریں: www.oregon.gov/OHA/pharmacy/OPDP/pages/applicationpage.aspx#What_is_O PDP

Patient Assistance Program (PAP)

ایسی ادویات جو شامل نہیں ہیں وہ آپ دوا بنانے والی کمپنی سے مفت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ PAP کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے آپ کے نسخہ پر لکھی گئی دوا بنانے والی کمپنی کی ویب سائیٹ کو وزٹ کریں۔

Covid-19 ٹیسٹ کٹس آپ کی مقامی فارمیسی کے ذریعے فائدہ ہیں

مَیں گھر پر COVID-19 کی ٹیسٹ کس طرح سے مفت حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ Trillium کمیونٹی ہیلتھ پلان کی کسی نیٹ ورک میں شامل فارمیسی پر جائیں تو آپ وہاں سے مفت میں اوَور دی کاؤنٹر (OTC)، FDA سے منظور شدہ، ایمرجنسی یوز اتھارائیزیشن (EUA) کی گھر پر COVID-19 کی ٹیسٹ حاصل کرسکتے/سکتی ہیں۔ ٹیسٹ کٹ کے لیے نسخہ پر تجویز ہونے کی شرط نہیں ہے۔

اہم: خود فارمیسی سے ٹیسٹ حاصل کریں۔ اسٹور کے نارمل رجسٹر پر ٹیسٹ کروا کر ادائیگی مت کریں۔اگر نارمل رجسٹر پر ٹیسٹ کروا کر اس کی ادائیگی کرتے ہیں تو پھر بازادائیگی کے لیے آپ کو نسخے کا دعویٰ جمع کروانا ہوگا۔

کیا فارمیسی کے ذریعے ٹیسٹ شامل نہیں ہیں؟

COVID کی ٹیسٹ کٹس جو شامل نہیں ان میں:

- وہ کٹس جو لیب میں بھیجنی ہوتی ہیں (جمع کرنے والی کٹس)
- ایسی کٹس جن پر "OTC" کی وضاحت درج نہیں ہے
- ایسی COVID کٹس جو ریاستہائے متحدہ امریکہ سے باہر خریدی گئی ہوں

میں نے اپنے پیسوں سے COVID-19 کی گھر پر استعمال ہونے والی ٹیسٹ خریدی تھی، کیا مجھے بازادائیگی کی جائے گی؟

جی ہاں۔ اگر آپ نے ہمارے نیٹ ورک سے باہر کسی فارمیسی (مثلاً ایمازان سے، کسی پرچون کی دوکان سے، ادویات کی دوکان وغیرہ سے) سے FDA سے منظور شدہ، OTC، EUA گھر پر COVID-19 کی ٹیسٹ خریدی ہے تو آپ کو ($12 فی ٹیسٹ تک) ٹیسٹ کی کٹس کی لاگت تک بازادائیگی مندرجہ ذیل ہوگی:

- FDA سے منظور شدہ EUA کی فہرست میں شامل گھر پر ٹیسٹ خریدی۔

- FDA سے منظور شدہ EUA کی فہرست ہماری ویب سائیٹ پر دیکھی جا سکتی ہے https://www.trilliumohp.com/coronavirus-disease--covid-19-.html، یا میمبر سروسز سے رابطہ کریں۔
- نسخے کے بغیر جو ٹیسٹ دستیاب ہیں ان میں منسوب کے کالم میں شامل "OTC" (برائے اوور دی کاؤنٹر گھر پر ٹیسٹ) بھی شامل ہوں گے۔
- ہر رکن کے لیے علیحدہ علیحدہ پرکرپشن کلیم ری امبرسمینٹ فارم پُر کر کے جمع کروائیں:
  - دعویٰ جمع کروانے کے حوالے سے مکمل رہنمائی کے لیے ہماری ویب سائیٹ وزٹ کریں https://www.trilliumohp.com/coronavirus-disease--covid-19-.html یا میمبر سروسز سے رابطہ کریں۔

اگر آپ نے 15 جنوری 2022 سے پہلے ڈاکٹر کے کہنے پر FDA سے منظور شدہ، EUA خریدی ہے، تو ایسی صورت میں ادائیگی کی بنیاد پر آپ کے دعوے فارم کے آنے پر Trillium کمیونٹی ہیلتھ پلان آپ کو بازادائیگی کرے گا۔

کیا Trillium کمیونٹی ہیلتھ پلان ان ٹیسٹس کی تعداد پر پابندی عائد کرے گا جو ایک میمبر مفت میں حاصل کر سکتاہے؟

جی ہاں۔ Trillium کمیونٹی ہیلتھ پلان 30 دنوں کے اندر کوَر شدہ فی میمبر کے لیے PCP کے احکامات یا پیشگی اجازت کے بغیر FDA سے منظور شدہ، OTC، EUA گھر پر COVID-19 کی ٹیسٹ کی 8 عدد خریداری کی اجازت دے گا۔ ایک لائسنس یافتہ صحت کی نگہداشت فراہم کنندہ کے احکامات پر لامحدود ٹیسٹ فرہم کی جائیں گی۔ ان پر 10 جنوری 2022 پر جاری ہونے والی وفاقی رہنمائی کے مطابق عمل کیا جائے گا۔

اگر مجھے سوالات کرنے ہوں تو میں کس سے ربطہ کروں؟

اگر آپ کو COVID-19 کی گھر پر ٹیسٹس کی کورج یا باز ادائیگی کے دعوے کے جمع کروانے کے بارے میں کوئی سوال کرنا ہو تو میمبر سروس کے اس نمبر پر کال کریں 1-877-600-5472؛ TTY: 711.

ہنگامی طبی صورتِ حال اور فوری نگہداشت کی خدمات

ہنگامی طبی صورتحال سے کیا مراد ہے؟

ہنگامی صورتحال سے مرد شدید زخمی ہوجانا یا پھر اچانک بیمار پڑ جانا ہے، بشمول ایسا شدید درد جو آپ کے خیال اگر آپ نے فوری مدد حاصل نہ کی تو موت کا باعث بن سکتا ہو یا پھر اس سے جسم کو بہت زیادہ نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اگر آپ حاملہ ہیں تو اس میں آپ کا پیٹ میں موجود بچہ بھی شامل ہے۔ ہنگامی اور فوری نگہداشت ہر وقت، دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 روز دستیاب ہے۔ ہنگامی صورتحال میں آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کہیں بھی، کسی بھی اسپتال یا پھر کسی دوسرے مرکز میں جاسکتے ہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ واقعی ہنگامی صورتحال کا شکار ہیں، تو 911 پر کال کریں یا پھر قریبی اسپتال کے ایمرجنسی روم (ER) میں جائیں۔ ہنگامی صورتحال میں نگہداشت حاصل کرنے کے لیے آپ کو اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔

ایک ہنگامی صورتحال ہو سکتی ہے:

- چھاتی میں درد؛
- سانس لینے میں دشواری؛
- زہر خورانی؛
- ایسا خون بہنا جو رک نہ رہا ہو؛
- ہڈی کا ٹوٹنا؛ یا،
- ذہنی صحت کی ہنگامی صورتحال۔

ایمبولینس کی خدمات

ہنگامی صورتحال میں ایمولینس کی خدمات بھی شامل ہیں۔

ایک ہنگامی صورتحال کے بعد میں کس طرح سے نگہداشت حاصل کرسکتا ہوں؟

ہنگامی صورتحال کو اس وقت تک شامل سمجھا جاتاہے جب تک کہ آپ مستحکم نہیں ہو جاتے۔ فالو اَپ نگہداشت کے لیے PCP کو کال کریں۔ آپ کے مستحکم ہونے پر فالو اَپ نگہداشت کو شامل تو کیا جاتا ہے لیکن اس کو ہنگامی صورتحال نہیں سمجھا جاتا۔

مستحکم ہوجانے کے بعد کی نگہداشت، وہ نگہداشت ہے جو آپ ہنگامی صورتحال کے بعد اور آپ کی صورتحال مستحکم ہو جانے کے بعد حاصل کرتے ہیں۔ اگر آپ ہنگامی صورتحال کی نگہداشت کسی ایسی اسپتال میں حاصل کرتے ہیں جو نیٹ ورک سے باہر ہے اور آپ کی صورتحال کے مستحکم ہونے کے بعد بھی آپ کو نگہداشت کی ضرورت ہے:

- تو آپ کو اپنی شامل نگہداشت کے حصول کے لیے لازمی طور پر نیٹ ورک میں شامل اسپتال میں آنا ہوگا، یا
- آپ کو اپنی شامل شدہ نگہداشت حاصل کرنے کے لیے پیشگی منظوری حاصل کرنی ہوگی۔

میں فوری نگہداشت کس طرح سے حاصل کرسکتا ہوں؟

دن اور رات میں کسی بھی وقت، حتیٰ کہ ویک اینڈز اور چھٹیوں میں بھی کوئی نہ کوئی آپ کی مدد کے لیے موجود ہو گا۔ اگر آپ کسی فوری مسئلہ کے سلسلے میں اپنے PCP کے دفتر تک نہیں پہنچ سکتے یا پھر وہ آپ کو جلدی نہیں دیکھ سکتے، تو آپ بغیر کسی اپائنٹمنٹ کے فوری نگہداشت کے لیے جا سکتے ہیں۔ فوری مسائل میں جو چیزیں شامل ہیں ان میں شدید انفیکشن، موچ آنا یا شدید درد وغیرہ شامل ہیں۔ اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہے تو براہِ مہربانی کلینک والوں کو بتائیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کی حالت فوری توجہ چاہتی ہے تو چاہے آپ نے ابھی تک اپنے PCP کو نہیں دیکھا، لیکن پھر بھی سب سے پہلے ان کو ہی کال کریں۔ آپ کے PCP کا نام آپ کے Trillium آئی ڈی کارڈ پر موجود ہے۔ آپ فوری فراہم کنندگان کو یہاں پر تلاش کر سکتے ہیں:
https://providersearch.trilliumhealthplan.com/

فوری نگہداشت کے مقامات

AFC Urgent Care
397 Warner Milne Road, Oregon City, OR 97045
503-305-6262

Eagleton Providers PC
17437 Boones Ferry Road, Suite 100
Lake Oswego, OR 97035
413-887-6030

Urgent Care Oregon, LLC
861 W Main Street, Molalla, OR 97038
503-873-8686

Uptown Providers PC
7033 NE Sandy Boulevard, Portland, OR 97213
503-306-6262

Uptown Providers PC
25 NW 23rd Place, Suite 11, Portland, OR 97210
503-766-2215

Uptown Providers PC
14284 SW Allen Boulevard, Beaverton, OR 97005
503-305-6262

اگر میں شہر سے باہر ہوں اورعلاج معالجے کی ضرورت پڑتی ہے تو؟

حالانکہ Trillium اپنے میمبران کو ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کہیں بھی کور فراہم کرتی ہے، تاہم میمبران کو آگاہی ہونی چاہیئے کہ اگر وہ اوریگین سے باہر سفر کر رہے ہیں تو ایسی صورت اگر ان کو ہنگامی صورت پیش آ جائے تو کیا ہو سکتاہے۔ حالانکہ Trillium نے کسی دوسری ریاست میں ایمرجنسی روم کی منظوری دے رکھی ہے، تاہم اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ایسے تمام فراہم کنندگان جو ہنگامی صورتحال کے دوران آپ کو نگہداشت فراہم کرتے ہیں وہ Trillium سے بل وصول کرنے کے خواہش مند بھی ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ان خدمات کا بل آپ سے بھی وصوہ کیا جا سکتا ہے۔ اسپتال میں جن لوگوں نے آپ کو علاج معالجہ فراہم کیا ہے ان کی جانب سے موصول ہونے والے بل کو نظر انداز مت کریں۔ اگر آپ کو دیگر بل وصول ہوتے ہیں، تو CCO ان کو حل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔

ایک ہنگامی صورتحال ہو سکتی ہے:

- چھاتی میں درد؛
- سانس لینے میں دشواری؛
- زہر خورانی؛
- ایسا خون بہنا جو رک نہ رہا ہو؛
- ہڈی کا ٹوٹنا؛ یا،
- ذہنی صحت کی ہنگامی صورتحال۔

براہِ مہربانی ایسی چیزوں کے لیے ایمرجنسی روم کا ستعمال مت کریں جن کا علاج معالجہ فوری نگہداشت کے دفتر میں ہو سکتا ہے۔ فوری مسائل میں جو چیزیں شامل ہیں ان میں شدید انفیکشن، موچ آنا یا شدید درد وغیرہ شامل ہیں۔

ریاست سے باہر ایمرجنسی روم میں وزٹ کے دوران اگر ممکن ہو تو یہ اقدامات اٹھائے جائیں:

- اس بات کی یقین دہانی کریں کہ جب آپ ریاست سے باہر سفر کریں تو Trillium کا آئی ڈی کارڈ آپ کے پاس موجود ہو۔
- جتنا جلد ممکن ہو سکے اپنا کارڈ پیش کریں اور ان سے معلوم کریں کہ آیا وہ Trillium (Medicaid) سے بل وصول کرنا چاہیں گے؛
- Trillium سے رابطہ کر کے صورتحال پر بات چیت کریں اور ان سے مشورہ کریں کہ آپ کیا کرنا چاہیئے۔
- اس وقت تک کسی کاغذ پر کوئی دستخط مت کریں جب تک کہ آپ کو علم نہ ہو جائے کہ فراہم کنندہ Trillium (Medicaid) سے بل وصول کرنا چاہتے ہیں؛
- اگر ممکن ہو تو آپ اپنے وہاں موجود ہوتے ہوئے Trillium کی فراہم کنندہ کے دفتر میں بات کروا دیں؛

ہنگامی صورتحال میں مندرجہ بالا اقدامات ہمیشہ ممکن نہیں ہوتے۔ تاہم اگر آپ کو لئے جانے اقدامات کے بارے میں آگاہی ہے اور آپ نے تیاری کی ہوئی ہے تو ہنگامی صورتحال کے دوران آپ اس ریاست میں فراہم کنندہ کے دفتر میں ہوتے ہوئے بلنگ کے مسائل کو حل کر سکتے ہیں۔ ان اقدامات کو اٹھانے سے آپ بل وصول کرنے کے اس اضافی ذہنی دباؤ سے بچ سکتے ہیں جو آپ کو ان خدمات کے لیے ملتے ہیں جو Trillium میں شامل ہیں، تاہم فراہم کنندہ CCO سے بل وصول نہیں کرے گا۔

اگر مجھے بل ملے تو ایسی صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

براہِ مہربانی میڈیکل بلوں کو نظر انداز مت کریں - ہمیں فوری طور پر کال کریں۔ کئی فراہم کنندے غیر ادا شدہ بل وصولی کرنے والے اداروں کو بھیج دیتے ہیں اور وہ ادائیگاں وصول کرنے کے لیے عدالت میں مقدمہ تک دائر کر دیتے ہیں۔ اگر ایک مرتبہ مسئلہ پیدا ہو جائے تو اس کو حل کرنا بہت زیادہ مشکل ہوتا ہے۔

OHP پر ہوتے ہوئے آپ نے جو خدمت حاصل کی تھی اس کا بل موصول ہونے پر جلد از جلد آپ کریں:

- فوری طور پر Trillium کی میمبر سروس کو کال کریں اور ان کو بتائیں کے فراہم کنندہ آپ سے OHP کی خدمت کا بل وصول کریں گے۔

ہم بل صاف کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔ مزید بل وصول ہونے کا انتظار مت کریں۔

- اگر اطلاق ہوتا ہو، آپ Trillium کو ایک خط بھیج کر اپیل کر سکتے ہیں کہ آپ کو اس بل سے اتفاق نہیں ہے کیوں کہ جس وقت آپ نے خدمت وصول کی تھی اس وقت آپ OHP میں تھے۔ اپنے ریکارڈ کے لیے لیٹر کی ایک نقل اپنے پاس رکھیں۔
- اس بات کی یقین دہانی کرنے کے لیے کہ ہم نے بل ادا کر دیا ہے آپ فال اَپ کرتے رہیں۔
- اگر آپ کو عدالتی کاغذات وصول ہوں تو فوری طور ہمیں کال کریں۔ آپ قانونی مشاورت اور مدد کے لیے اٹارنی یا پبلک بینی فٹ ہاٹ لائن کے اس نمبر 800-520-5292 پر کال کر سکتے ہیں۔ OHP پر ہوتے ہوئے اگر آپ کو غلط طریقے سے بل وصول ہوا ہے تو صارفین کے لیے ایسے قوانین موجود ہیں جن سے آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ OHP پر ہوتے ہوئے اگر آپ کو غلط طریقے سے بل وصول ہوا ہے تو صارفین کے لیے ایسے قوانین موجود ہیں جن سے آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر کسی سبب سے Trillium آپ کی خدمات کا بل ادا نہیں کرتی، تو آپ اس فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں یا پھر ہمیں جائزہ کا کہہ سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے "شکایات اور اپیلز" کا سیکشن ملاحظہ کریں۔

OHP ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کہیں بھی ہنگامی اور فوری نگہداشت کو کوَر کرتی ہے، تاہم ریاستہائے متحدہ امریکہ سے باہر نہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ OHP میکسیکو یا کینڈا میں حاصل کی گئی کسی نگہداشت کی ادائیگی نہیں کرے گی۔

آپ کی دانتوں کے فوائد اور خدمات

دانتوں کی خدمات کیا ہیں؟

دانتوں کی خدمات آپ کے فوائد کا حصہ ہیں۔ بچاؤ کی نگہداشت کے سلسلے میں دانتوں کا باقاعدہ معائنہ کروانا آپ کی مجموعی صحت اور دانتوں کی بیماریوں کی روک تھام کے لیے اہم ہے۔ اگر آپ کو اپنے دانتوں کی خدمات کے سلسلے میں مدد کی ضرورت ہے تو Trillium کو کال کریں۔ آپ کو جس نگہداشت کی ضرورت ہوگی ہم اس میں آپ کی مدد کریں گے۔

Trillium کے ارکان دانتوں کی نگہداشت کے مندرجہ ذیل منصوبوں میں سے کسی کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں:

- **Advantage Dental Services or**
- **Capitol Dental Care or**
- **Oregon Dental.**

میرے پاک کون سان ڈینٹل منصوبہ ہے؟

آپ ڈاک کے ذریعے جو اپنا Trillium میمبر آئی ڈی کارڈ موصول کریں گے، اس میں آپ کو آپ کی ڈینٹل پلان اسائنمینٹ یا ڈینٹل کیئر آرگنائیزیشن (DCO) ملے گی۔

Trillium Community Health Plan — Medical-Dental-Behavioral Health

Name: <John Smith>
Oregon Health Plan#: <123456789101112>
PCP Start Date: <12/05/2016>
Doctor (PCP): <Dr. Jane Doe>
RX: Envolve Rx
RXPCN: MCAIDADV
DCO: <DCO Name>
DCO Phone: <(555) 555-1234>
RXBIN: 004336
RXGRP: RX5481
Mental Health Crisis Hotline:
Multnomah Co.: 503-988-4888 | 800-716-9769
Washington Co.: 503-291-9111 | Clackamas Co.: 503-655-8585

جب آپ ڈینٹسٹ کے پاس جائیں تو براہِ مہربانی ان کو ہر مرتبہ اپنا Trillium میمبر آئی ڈی کارڈ اور اپنا اوریگین ہیلتھ آئی ڈی کارڈ دونوں دکھائیں۔ اگر آپ کا میمبر آئی ڈی کارڈ گم ہو جائے تو براہ مہربانی میمبر سروس کے اس نمبر پر کال کرکے نئے کارڈ کی درخواست کریں 1-877-600-5472، TTY 711۔

میں دانتوں کی نگہداشت کا منصوبہ کس طرح سے منتخب کروں؟

اگر آپ کو کوئی ڈینٹل پلان نہیں ملا یا پھر آپ اپنا ڈینٹل پلان تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی میمبر سروس کے اس نمبر پر رابطہ کریں 1-877-600-5472، TTY 711۔

میں اپنے دانتوں کے فوائد کو کس طرح سے استعمال کروں؟

جب آپ کو آپ کا کوئی ڈینٹل پلان مل جائے، تو آپ کو اپنے بنیادی نگہداشت کے ڈینٹسٹ (PCD) کے کلینک یا ڈینٹل دفتر کا انتخاب کرنا ہوتاہے۔ آپ کے دانتوں کی ضروریات کی نگہداشت کرنے کے لیے آپ کا PCD آپ کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔ دانتوں کی نگہداشت حاصل کرنے سے پہلے اپنے PCD کو کال کریں۔

بنیادی نگہداشت فراہم کرنے والے ڈینٹسٹ کا انتخاب کس طرح سے کروں؟

آپ ہماری ویب سائیٹ پر Trillium کی فائنڈ اے ڈینٹسٹ سے اپنے بنیادی نگہداشت کنندہ ڈینٹسٹ کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
https://www.trilliumohp.com/members/oregon-health-plan/for-members/benefit-information.html.html یا پھر آپ اپنے PCD کے دفتر میں کال کر سکتے ہیں اور وہ کسی PCD کے ساتھ آپ کی پہلی اپائنٹمنٹ کا انتظام کر سکتے ہیں۔

Advantage Dental Services
کسٹمرز سروس
ٹال فری 1-866-268-9631
TTY 711

Capitol Dental Care
1-503-585-5205 یا ٹال فری 1-800-525-6800
TTY 1-800-735-2900

Oregon Dental Service
1-503-243-2987 یا ٹال فری 1-800-342-0526
1-503-243-3958 TTY یا 1-800-466-6313

میں بنیادی نگہداشت فراہم کرنے والے ڈینٹسٹ کے ساتھ اپائنٹمنٹ کس طرح سے طے کروں؟

- دفتری اوقات کے دوران اپنے PCD کے دفتر میں کال کریں۔ آپ کو آپ کے ڈینٹل منصوبے کے فراہم کنندہ کی ڈائریکٹری میں یا پھر میمبر سروسز پر کال کرکے فون نمبر مل جائیں گے۔
- دفتر میں بتائیں کے آپ Trillium کے میمبر ہیں اور یہ کہ آپ ڈینٹسٹ کو کیوں دکھانا چاہتے ہیں۔
- اپائنٹمنٹ پر اپنا Trillium میمبر آئی ڈی کارڈ اور اپنا اوریگین ہیلتھ آئی ڈی کارڈ ساتھ لے جان مت بھولیں۔
- اگر آپ کو اپنی اپائنمنٹ پر سائن لینگوج یا کسی مترجم کی ضرورت ہے تو اپائنٹمنت طے کرتے وقت یہ بات کلینک کے عملے کو بتائیں۔

آپ کے دانتوں کی نگہداشت کو ہم آہنگ کرنے کے لیے آپ کا بنیادی فراہم کنندہڈینسٹ کرے گا:

- آپ کو بہتر خدمات فراہم کرنے کے لیے آپ کے ڈینٹل ریکارڈز کو ایک ہی جگہ پر رکھتا ہے۔
- دانتوں کی فوری اور ہنگامی نگہداشت تک دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 روز رسائی فراہم کرتا ہے؛
- جب بھی آپ کو دانتوں کی نگہداشت کی ضرورت ہوتی ہے تو پہلے آپ اس کو ہی کال کرتے ہیں؛ اور
- اگر آپ کو ضرورت ہو تو دانتوں کی خصوصی دیکھ بھال کا انتظام کرتا ہے۔

کیا مجھے اپنی اپائنٹمنٹ کے لیے سواری مل جائے گی؟

اگر آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ تک جانے کے لیے مدد کی ضرورت ہے تو براہِ مہربانی MTM کے ٹال فری نمبر پر کال کریں (TTY: 711) 877-583-1552۔ آپ کے ڈاکٹر ، ڈینٹسٹ یا کاؤنسلر کے پاس جانے کے لیے اگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے تو ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ سواری کی ادائیگی کرنے کے لیے آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

میں بنیادی نگہداشت فراہم کرنے والے ڈینٹسٹ کو کس طرح سے تبدیل کروں؟

آپ ہر سال دو مرتبہ اپنا PCD تبدیل کر سکتے ہیں۔ نیا PCD منتخب کرنے کے لیے،اپنے ڈینٹل پلان میں فراہم کنندہ کی ڈائریکٹری کا استعمال کریں۔

ایسی صورت میں کیا ہوگا کہ مجھے کسی ماہر یا دوسرے فراہم کنندہ کی ضرورت ہے؟

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو کسی ماہر یا دوسرے فراہم کنندے کو دکھانے کی ضرورت ہے تو پہلے اپنے PCD سے اپائنٹمنٹ طے کریں۔ یہ فیصلہ آپ کا PCD کرے گا کہ آپ کو کن خدمات اور ٹیسٹس کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اگر آپ کو کسی ماہر یا دوسرے فراہم کنندے کو دکھانے کی ضرورت ہے تو، آپ کا PCD آپ کو ریفر کرے گا۔ جب آپ کا PCD ضرورت محسوس کرے گا، تو ہر معاملے کے لحاظ سے ریفرل کئے جاتے ہیں۔ کسی ماہر یا دوسرے فراہم کنندے کے پاس اپائنٹمنٹ پر جانے سے پہلے آپ کے ڈینٹل پلان کو لازمی طور پر ریفرل کی منظوری دینی ہوگی۔

اہم: آپ کے PCD کی جانب سے ریفرل کے بغیر ماہر کے پاس جانے سے ہو سکتا ہے کہ آپ کا بل ادا نہ کیا جائے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو دستبرداری پر دستخط کرنے پڑ سکتے ہیں کہ آپ ہی بل ادا کرنا ہے

مجھے کون سے ڈینٹل فوائد حاصل ہیں؟

فوائد اور خدمات کا خلاصہ

فوائد		حاملہ خواتین اور 21 برس سے کم عمر میمبران	دیگر تمام بالغ افراد
ہنگامی خدمات	ہنگامی استحکام (خدمت کے علاقے کے اندر اور باہر) مثالیں: • شدید درد یا انفیکشن • خون بہنا یا سوجن • دانتوں یا مسوڑوں میں چوٹ لگنا	X	X
بچاؤ کی خدمات	معائنے	X	X
	صفائی کرنا	X	X
	فلورائڈ علاج معالجہ	X	X
	سیلینٹ	X	شامل نہیں
	بھرائی	X	X
	جزوی ڈینچرز	X	محدود کردہ
	مکمل ڈینچر	محدود کردہ	محدود کردہ
	کراؤن	محدود کردہ	شامل نہیں
منہ کا آپریشن اینڈوڈونکٹکس			
	کشید	X	X
	روٹ کینال تھیراپی	X	محدود کردہ

*فوائد میں ہو سکتا ہے کہ پیشگی اجازت کی شرائط اور تعداد کی پابندیاں ہوں۔

دانتوں کی ہنگامی اور فوری ڈینٹل نگہداشت کی خدمات

ہنگامی دانتوں کی صورتحال سے کیا مراد ہے؟

دن کے 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 روز ہنگامی ڈینٹل نگہداشت دستیاب ہے۔ ہنگامی صورتحال سے مراد کوئی سنجیدہ مسئلہ ہے جس کو فوری نگہداشت کی ضرورت ہے۔ یہ کوئی چوٹ یا اچانک شدید عارضہ ہو سکتا ہے۔ ہنگامی صورتحال کی بعض مثالیں:

- خراب انفیکشن؛
- خراب پھوڑے (آپ کے مسوڑوں پر کوئی پھوڑا ایک چھالا ہوتا ہے)؛
- دانت میں شدید درد (ایسا درد جس میں اوور دی کاؤنٹر ملنے والی دوا سے بھی کوئی فائدہ نہ ہو)؛ اور
- ایسا دانت جو نکل گیا ہو۔

اگر آپ سمجھیں کہ کوئی ہنگامی صورتحال ہے تو 911 کو کال کریں۔ اگر آپ کو ایمولینس کی خدمات کی ضرورت ہو تو 911 کو کال کریں، یہ ہنگامی صورتحال میں شامل ہیں۔

آپ کی صورتحال کو بہتری کی طرح لانے کے لیے آپ استحکام کے بعد کی نگہداشت کی خدمات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہنگامی خدمات والی اسپتالوں اور استحکام کے بعد والی نگہداشت کی خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں "میں ایک ڈاکٹر یا فراہم کنندہ کس طرح سے تلاش کروں؟"

فوری ڈینٹل نگہداشت کی خدمات سے کیا مراد ہے؟

فوری ڈینٹل نگہداشت سے مراد یہ ہے کہ دانتوں کو فوری نگہداشت کی ضرورت ہے، تاہم علاج معالجہ فوری طور پر نہیں ہوسکتا۔ فوری صورتحال کی چند مثالیں یہ ہیں:

- دانت میں درد؛
- مسوڑوں کی سوجن؛ اور
- دانتوں کی بھرائی کا اکھڑنا۔

دانتوں کی بعض خدمات کے لیے ڈینٹل پلان سے پیشگی منظوری کی ضرورت پڑ سکتی ہے، لیکن دانتوں کی ہنگامی اور فوری خدمات کے لیے پیشگی منظوری کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اگر میں شہر سے باہر ہوں اور مجھے دانتوں کی نگہداشت کی ہنگامی یا فوری ضرورت پڑ جائے تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

اگر آپ Trillium کے خدمت کے علاقے سے باہر سفر کر رہے ہیں اور آپ کو کوئی ہنگامی صورتحال پیش آگئی ہے، تو سب سے پہلے اپنے PCD (مندرجہ بالا ہدایات کی طرح) سے رابطہ کریں۔ آپ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں کے اندر کسی بھی اسپتال سے ہنگامی صورتحال کی نگہداشت کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو علاقے سے باہر لازمی طور پر ہنگامی ڈینٹل نگہداشت حاصل کرنی ہے، تو ڈینٹسٹ سے کہیں کہ وہ آپ کو ڈینٹل پلان بھیجے جس میں ہر آئٹم کا بل موجود ہو اور چارٹ نوٹس بھی بھیجے جس میں دانتوں کی ہنگامی صورتحال کی وضاحت کی گئی ہو۔

ایک ہنگامی صورتحال کے بعد میں کس طرح سے نگہداشت حاصل کرسکتا ہوں؟

جب آپ دانتوں کی ہنگامی صورتحال کے بعد ایک ڈینسٹ کو دکھائیں، براہِ مہربانی اپنے PCD کو کال کریں تاکہ اگر مزید نگہداشت کی ضرورت ہو تو وہ انتظام کر دے۔

ذہنی صحت اور کیمیائی موادوں پر انحصار کے فوائد

ذہنی صحت کی خدمات کیا ہیں؟

ان تمام افراد کے لیے ذہنی صحت کی خدمات دستیاب ہیں جن کو ڈپریشن، بے چینی، خاندانی مسائل، مشکل رویوں یا ذہنی صحت کے دیگر ایسے عارضوں کا سامنا ہے جن کے باعث وہ اپنی خواہش کے مطابق زندگی بسر نہیں کرسکتے۔ OHP میں ایسی کئی خدمات شامل ہیں جو آپ کے لیے معاون ہو سکتی ہیں۔

بچوں اور بالغوں کے لیے جو خدمات شامل ہیں ان میں روبرو کی تھیراپی، فیملی تھیراپی، گروپ تھیراپی، مراقبہ کرنا، کیس مینجمنٹ اور مہارتیں پیدا کرنا شامل ہیں۔ آپ تھیراپسٹ سے ملاقات کر سکتے ہیں اور وہ آپ کو مشورہ دے سکتے ہیں کہ کون سی خدمات آپ کے لیے معاون ہو سکتی ہیں۔ آپ کو جس مدد کی ضرورت ہے اس کو تلاش کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے ہم ہر وقت آپ سے بات کرکے خوشی محسوس کریں گے۔

آپ اور آپ کے جن پیاروں کی نگہداشت کی تلاش ہے، ہم ان کو کیس مینجمنٹ فراہم کر سکتے ہیں۔

اہم: نیٹ ورک میں موجود ایک فراہم کنندہ سے ذہنی صحت کی خدمات حاصل کرنے کے لیے آپ کو کسی ریفرل کی ضرورت نہیں ہے۔ نیٹ ورک میں موجود فراہم کنندگان کی فہرست کے لیے براہِ مہربانی Trillium پرووائیڈر ڈائریکٹری ملاحظہ کریں۔

بالغ افراد کے لیے ذہنی صحت کی خدمات

بالغ افراد ہمارے کئی خدمات فراہم کنندگان میں سے ذہنی صحت کے مسائل کے سلسلے میں کئی طرح کی سودمند خدمات کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ایسے افراد جو شدید ذہنی بیماری کے باعث اسپتال میں داخل رہے ہیں اور جن کی صحت کو خراب ہونے اور بحران کا بہت زیادہ خطرہ ہے، ایسے افراد کے لیے اسرٹو کمیونٹی کیئر یا ACT ماڈل کا علاج معالجہ معاون ہو سکتا ہے۔

ACT کی ٹیموں نے لوگوں کو ان کمیونٹیز میں رکھنے کا عزم کر رکھا ہے۔ جہاں ایسے افراد متعد پیشہ ورانہ نگہداشت کرنے والی ٹیموں، سود مند روزگار کے مواقعوں تک رسائی اور کیس میمنجمنٹ کے ذریعے اپنا معیارِ زندگی بہتر بنا سکتے ہیں۔

بچوں کے لیے ذہنی صحت کی خدمات

ذہنی صحت کے مسائل سے دوچار بچوں کو کئی طرح سے خدمات پیش کی جاتی ہیں۔ اداروں، گھروں اور اسکولوں میں آؤٹ پیشنٹ تھیراپیز کے ذریعے بچوں اور ان کے خاندان والوں کے لیے تھیراپی کا عمل آسان بنانے میں مدد ملتی ہے۔

بعض اوقات بچوں میں ذہنی صحت کے شدید مسائل ہوتے ہیں اور ان کو گھر، اسکول اور دیگر مقامات پر کامیابی حاصل کرنے کے لیے بہت زیادہ کوششیں کرنی پڑتی ہیں۔ بچوں اور ان کے خاندان والوں کے لیے ان کی مخصوص ضروریات کے لحاظ سے کئی طرح کی خدمات اور معاونت دستیاب ہیں۔ ان خدمات میں وسیع تر آؤٹ پیشنٹ خدمات، انٹینسو آؤٹ پیشنٹ خدمات اور معاونت کے پروگرام، ریپ اراؤنڈ پروگرام یا انٹینسو کیئر کوآرڈینشنس شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کو یہ سمجھنا ہو کہ آپ کے لیے کون سی خدمات بہتر ہیں، تو ہمیں کال کریں اور ہم مدد کریں گے۔

میں ذہنی صحت اور کیمیائی موادوں پر انحصار کے فوائد کو کس طرح سے استعمال کروں؟

میں کیمیائی موادوں (الکوحل یا منشیات) پر انحصار کا علاج معالجہ کیسے تلاش کروں؟

الکوحل اور منشیات کے مسائل نہ صرف اس فرد پر بلکہ اس کے خاندان والوں کے لیے بھی بہت زیادہ مشکل کا باعث بنتے ہیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کو مسئلہ ہے تو آپ مدد کے لیے کہ سکتے ہیں۔ Trillium پرووائیڈر ڈائریکٹری میں منشیات پر انحصار کا علاج معالجہ کرنے والے فراہم کنندگان کی فہرست موجود جن کو آپ کال کر سکتے ہیں۔ آپ Trillium کو بھی مدد کے لیے کال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو ذہنی صحت کی نگہداشت کی ضرورت ہے تو آپ کو چاہیئے کہ آپ فوری طور پر ذہنی صحت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کو ذہنی کی صحت کی خدمات کی فوری ضرورت ہو توآپ Trillium پرووائیڈر ڈائریکٹری میں موجود کسی بھی فراہم کنندہ یا Trillium کو کال کر سکتے ہیں۔

میں ذہنی صحت کا فراہم کنندہ کیسے تلاش کروں؟

Trillium کے بعض فراہم کنندگان نئے مریضوں کو قبول نہیں کر رہے ہیں۔ اگر آپ کو نئے مریض قبول کرنے والے فراہم کنندہ کی تلاش ہے یا کسی ایسے فراہم کنندہ کی تلاش ہے جو انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان بھی بولتا ہو تو، Trillium کو کال کریں۔ معمول کی اسپتال کی نگہداشت کے لیے آپ کو لازمی طور پر Trillium پرووائیڈر ڈائریکٹری کی فہرست میں موجود اسپتال میں سے انتخاب کرنا چاہیئے۔

اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ کی سہولت ہے تو فراہم کنندہ کو تلاش کر سکتے ہیں یا پھر یہاں سے پرووائیڈر ڈائریکٹری پرنٹ کریں:
-http://providersearch.trilliumhealthplan.com

TRILLIUM کو کال کریں اگر:

- آپ کو ذہنی صحت کے فراہم کنندہ کی ضرورت ہے یا آپ کو کسی ایسے فراہم کنندہ کی ضرورت ہے جو انگریزی کے علاوہ کوئی دوسری زبان بھی بولتا ہو۔
- آپ کسی ایسے ذہنی صحت کے فراہم کنندہ کو دکھانا چاہتے ہیں جو Trillium کی پرووائیڈر ڈائریکٹری میں نہیں ہے۔ آپ کو پہلے Trillium سے پیشگی منظوری حاصل کرنی ہوگی۔ اس طرح کی منظوری صرف خاص معاملات میں ہی دی جاتی ہے۔
- آپ کو اپنا ذہنی صحت کا فراہم کنندہ تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔
- آپ کو اپنی غیرشامل شدہ رویوں کی صحت کی خدمات کو ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر مجھے ذہنی صحت کا فراہم کنندہ تلاش کرنے کے سلسلے میں مدد کی ضرورت ہو تو؟

Trillium میمبران کو ذہنی صحت کے فراہم کنندگان میں سے انتخاب کرنا ہے جن کو وہ دکھاتے ہیں۔ اگر آپ کو ذہنی صحت کے فراہم کنندگان کے انتخاب میں مدد کی ضرورت ہے، تو Trillium کو کال کریں۔ اگر آپ نے کسی ایسے ذہنی صحت کے فراہم کنندہ کو دکھایا ہے جو Trillium پرووائیڈر ڈائریکٹری میں نہیں ہے یا پھر آپ کسی مختلف ذہنی صحت کے فراہم کنندہ کی جانب تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو، Trillium کو کال کریں۔

میں اپنے ذہنی صحت کے فراہم کنندہ کے پاس اپائنٹمنٹ کس طرح سے طے کروں گا؟

شروع کرنے کے لیے، آپ Trillium پرووائیڈر ڈائریکٹری کی فہرست میں شامل فراہم کنندہ کو کال کر سکتے ہیں یا فراہم کنندہ منتخب کرنے میں مدد کے لیے Trillium کو کال کریں۔ ایک مرتبہ جب آپ ذہنی صحت کے فراہم کنندہ کا انتخاب کر لیں، تو ان کو دکھانے کے لیے فوری طور پر اپائنٹمنٹ طے کر سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی اپائنٹمنٹ پر نہیں پہنچ سکتے تو جلد از جلد اپنے ذہنی صحت کے فراہم کنندہ کو کال کرکے مطلع کر دیں۔ اگر آپ اپنے ذہنی صحت کے فراہم کنندہ کو بتائے بغیر اپائنٹمنٹس پر نہیں پہنچے، تو وہ آپ کو کوئی نیا ذہنی صحت کا فراہم کنندہ منتخب کرنے کا بول سکتے ہیں۔

غیرشامل شدہ ذہنی صحت کی خدمات

رویوں کی صحت کی ایسی خدمات بھی ہیں کہ جن کی ادائیگی Trillium Community Health Plan کے ذریعے ادا نہیں کی جاتی، تاہم ان کی ادائیگی OHP کی جانب سے کی جاتی ہے۔ اگر آپ کو ان خدمات، مثلاً طویل مدتی نفسیاتی نگہداشت، کو ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے تو، براہِ مہربانی Trillium میمبر سروس پر کال کریں۔ کیئر کوآرڈینٹر سے بات کرنے کا کہیں۔

ایسی چند خدمات کی مثالیں جو OHP کی جانب سے شامل کی جاتی ہیں لیکن TRILLIUM کی جانب سے فراہم نہیں کی جاتیں:

- رویوں کی صحت کے عارضوں کی بعض مخصوص ادویات
- 21 برس سے کم عمر ارکان معالجاتی گروپ ہوم کی بازادائیگی
- 18 برس یا اس سے بڑی عمر کے میمبران کی طویل مدتی نفسیاتی نگہداشت
- 18 برس یا اس سے بڑی عمر کے میمبران کی بالغوں کے فوسٹر ہوم میں ذاتی نگہداشت

مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے 1-877-600-5472 یہاں پر Trillium میمبر سروسز سے رابطہ کریں۔

میں نسخے پر لکھی گئی ادویات کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

اورگین کی اکثر فارمیسیز پر Trillium کی جانب سے ادویات شامل کی گئی ہیں۔ آپ کے ڈاکٹر نے آپ کو جو نسخہ دیا ہے وہ آپ کسی بھی ایسی فارمیسی پر لے جائیں جہاں آپ کو سہولت ہو۔ اگر آپ کو اوریگین سے باہر ادویات حاصل کرنے کی ضرورت ہو، تو نسخہ لکھنے والے اور فارمیسی دونوں کو ریاست اوریگین کے پاس رجسٹر ہونا لازمی ہے۔ اگر ہنگامی صورت ہے تو استثنیٰ کی درخواست کرنے کے لیے Trillium کو کال کریں۔ صرف چند مخصوص صورتوں میں ہی Trillium باہر کے علاقوں میں ادویات کے حصول کی منظوری دیتی ہے۔ اگر آپ اپنی ادویات کی ادائیگی کرتے ہیں، تو آپ بازادائیگی کی بھی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ صرف چند مخصوص صورتوں میں ہی Trillium باز ادائیگی کر سکتی ہے۔

دستورالعمل سے باہر یا اوور دی کاؤنٹر ادویات کے سلسلے میں مدد کے لیے اپنے ڈاکٹر یا Trillium کو کال کریں۔

ہم نسخہ پر لکھی تمام ادویات کو شامل نہیں کرتے۔**ذہنی بیماریوں کی اکثر ادویات جو لوگ استعمال کرتے ہیں ان کی ادائیگی براہ راست اوریگین ہیلتھ اتھارٹی (OHA) کی جانب سے کی جاتی ہے۔ براہِ مہربانی فارمیسسٹ کو اپنا اوریگین ہلتھ آئی ڈی کارڈ اور اپنا Trillium آئی ڈی کارڈ دونوں دکھائیں۔ فارمیسی کو معلوم ہوجائے گا اس کو بل کہاں بھیجنا ہے۔**

ذہنی صحت کی ہنگامی صورت حال اور بحران کی خدمات

ذہنی صحت کی ہنگامی صورتحال سے کیا مراد ہے؟

ذہنی صحت کی ہنگامی صورتحال میں بے قابو ہونے کا احساس یا پھر بے قابو ہوجانا ہے یا پھر کوئی ایسی صورتحال ہے جس میں آپ کو یا کسی دوسرے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ فوری مدد حاصل کریں۔ حقیقی خطرہ پیدا ہونے کا انتظار مت کریں۔ کرائسس لائن کو کال کریں، 911 کو کال کریں یا ایمرجنسی روم (ER) میں جائیں۔ ہنگامی صورتحال میں ایمبولینس کی خدمات شامل ہیں۔ آپ 911 کو کال کرکے گشتی خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ کلاکاماس کاؤنٹی میں رہتے ہیں تو آپ 24 گھنٹے ہفتے کے 7 روز کرائسس لائن کے اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں 503-655-8585۔
- اگر آپ ملٹنوماہ کاؤنٹی میں رہتے ہیں تو آپ 24 گھنٹے ہفتے کے 7 روز کرائسس لائن کے اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں 503-988-4888۔
- اگر آپ واشنگٹن کاؤنٹی میں رہتے ہیں تو آپ 24 گھنٹے ہفتے کے 7 روز کرائسس لائن کے اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں 503-291-9111۔
- ہنگامی صورتحال میں اگر آپ محسوس کریں کہ آپ کی صورتحال محفوظ نہیں ہے تو کسی بھی وقت 911 پر کال کریں۔ آپ کی مدد کرنے کے لیے پولیس آپ کے دیئے گئے پتے پر پہنچ جائے گی اور قریبی بحرانی پروگرام سے رابطہ کرے گی۔

جس فرد کو بحرانی صورتحال کا سامنا ہے اگر اس کی عمر 18 برس سے کم ہے تو آپ یوتھ کرائسس لائن 541-689-3111، TTY 711 کو کال کریں، 911 کو کال کریں یا ایمرجنسی روم (ER) میں جائیں۔ گشتی بحرانی خدمات کے لیےاہل ذہنی صحت کے پیشہ ورانہ ماہر 24 (QMHP) گھنٹے ہفتے کے 7 روز دستیاب ہیں۔ اگر بحرانی کال کی بنیاد پر تشخیص کی گئی تو QMHP کی جانب سے روبرو معالجاتی ردِ عمل دیا جائے گا۔

گشتی بحرانی خدمات اور کرائسس ہاٹ لائن دونوں کا مقصد یہ ہے کہ گرفتار کرنے، ہنگامی شعبہ میں جانے یا کسی شدید نگہداشت کے مرکز میں جانے بجائے کمیونٹی کے اندر ہی استحکام کو فروغ دیا جائے۔ اگر آپ انٹینسو گھر پر رویوں کی صحت کا علاج معالجہ حاصل کر رہے ہیں تو بحرانی خدمات کا ردِ عمل 24 گھنٹے دستیاب ہے۔

ہنگامی صورتحال سے مرد شدید زخمی ہوجانا یا پھر اچانک بیمار پڑ جانا ہے، بشمول ایسا شدید درد جو آپ کے خیال اگر آپ نے فوری مدد حاصل نہ کی تو موت کا باعث بن سکتا ہو یا پھر اس سے جسم کو بہت زیادہ نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اگر آپ حاملہ ہیں تو اس میں آپ کا پیٹ میں موجود بچہ بھی شامل ہے۔ ہنگامی نگہداشت 24 گھنٹے، ہفتے کے ساتوں روز فراہم کی جاتی ہے۔ ہنگامی صورت میں آپ کہیں بھی کسی بھی اسپتال میں جا سکتے ہیں۔ ہنگامی خدمات والی اسپتالوں اور استحکام کے بعد والی نگہداشت کی خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں "میں ایک ڈاکٹر یا فراہم کنندہ کس طرح سے تلاش کروں؟"

اگر میں شہر سے باہر ہوں اورکوئی ہنگامی صورتحال پیدا ہو جائے تو؟

اگر آپ کو ذہنی صحت کی کوئی ہنگامی صورتحال پیش آگئی ہے اور آپ علاج معالجے کے لیے کلاکاماس، ملٹنوماہ یا واشنٹنگ کاؤنٹیوں میں واپس نہیں آسکتے، آپ قریبی اسپتال کے ایمرجنسی روم میں جاسکتے ہیں۔ آپ جب تک ریاستہائے

متحدہ امریکہ میں ہیں آپ کے ایمرجنسی روم کو شامل کیا جائے گا۔ غیر ہنگامی صورتحال کی نگہداشت کے لیے ایمرجنسی روم کو استعمال مت کریں۔

ایک ہنگامی صورتحال کے بعد میں کس طرح سے نگہداشت حاصل کرسکتا ہوں؟

ہنگامی صورتحال کو اس وقت تک شامل سمجھا جاتاہے جب تک کہ آپ مستحکم نہیں ہو جاتے۔ فالو اَپ نگہداشت کے لیے اپنے pcp یا ذہنی صحت کے فراہم کنندہ کو کال کریں۔ آپ کے مستحکم ہونے پر فالو اَپ نگہداشت کو شامل تو کیا جاتا ہے لیکن اس کو ہنگامی صورتحال نہیں سمجھا جاتا۔

کیا مجھے اپنی اپائنٹمنٹ کے لیے سواری مل جائے گی؟

اگر آپ کو اپنی اپائنٹمنٹ تک جانے کے لیے مدد کی ضرورت ہے تو براہِ مہربانی MTM کے ٹال فری نمبر 541-682-5566 یا 877 پر 711 کال کریں۔ آپ کے ڈاکٹر ، ڈینٹسٹ یا کاؤنسلر کے پاس جانے کے لیے اگر آپ کے پاس کوئی ذریعہ نہیں ہے تو ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ سواری کی ادائیگی کرنے کے لیے آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

شکایات اور اپیلیں

میں شکایات کس طرح سے کر سکتا ہوں؟

اگر آپ Trillium، اپنی صحت کی نگہداشت کی خدمات یا فراہم کنندے بہت زیادہ ناخوش ہیں، تو سوائے انکار کے آپ کسی بھی دوسرے معاملے میں شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ ہم آپ کے لیے چیزوں کو بہتر بنانے کی کوشش کریں گے۔ یہاں پر میمبر سروسز سے رابطہ کریں 1-877-600-5472؛ TTY: 711 یا ہمیں اس پتے پر خط بھیجیں: Trillium Community Health Plan, 555 International Way, Building B, Springfield, Oregon 97477.

آپ اوریگین ہیلتھ پلان کلائنٹ سروس یونٹ کو اس نمبر 1-800-273-0557 پر کال کرکے شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ آپ کا فراہم کنندہ یا کوئی دوسرا فرد بھی شکایت درج کروا سکتا ہے۔ ایسا کرنے کے لیے ان کے پاس تحریر اجازت ہونی چاہیئے۔

جس تاریخ پر ہمیں شکایت موصول ہوگی اس تاریخ سے 5 کاروباری دنوں کے اندر ہم آپ کا مسئلہ لازمی طور پر حل کر کے آپ کو کال کریں گے یا آپ کو لکھیں گے۔

اگر ہم 5 کاروباری دنوں کے اندر مسئلہ حل نہیں کر سکتے تو ہم 5 کاروباری دنوں کے اندر آپ کو ایک خطر ارسال کرکے اس کی وضاحت کریں گے کہ ہم ایسا کیوں نہیں کرسکتے۔ درخواست کے عمل کو مکمل کرنے میں ہمیں 30 دن تک کا وقت لگ سکتا ہے۔ جب تک آپ کہیں گے نہیں ہم آپ کی شکایت کے بارے میں کسی کو کچھ نہیں بتائیں گے۔ آپ کی شکایت دور کرنے میں اگر Trillium کو زیادہ دیر لگتی ہے تو آپ کو اپنی ترجیحی زبان میں اس حوالے سے مطلع کر دیا جائے گا۔

یاددہانی کے طور پر بتایا جاتا ہے کہ اگر آپ شکایت درج کرواتے ہیں، کسی تفتیش میں تعاون کرتے ہیں یا کسی ایسی چیز سے اتفاق کرنے سے انکار کرتے ہیں جو آپ کے خیال میں قانون کے خلاف ہے تو ایسی صورت میں Trillium اور آپ کا فراہم کنندہ آپ کے خلاف کوئی قدم نہیں اٹھا سکتے۔ آپ نے جو شکایت، اپیل یا سماعت کی درخواست جمع کروائی ہے Trillium آپ کو وہ واپس لینے کا نہیں کہہ سکتا۔

اگر کوئی خدمت فراہم کرنے سے انکار کردیا جائے تو میں ایک اپیل کس طرح سے کرسکتا ہوں؟

اگر کسی خدمت کا انکار کیا جاتاہے، اس کو کم کیا جاتاہے یا اس کو بند کیا جاتا ہے تو آپ کو نوٹس آف ایڈورس بینی فٹ ڈیٹرمینشن (NOABD) موصول ہوگا۔ ہم آپ کے فراہم کنندے کو بھی مطلع کر دیں گے۔ اس خط میں یہ وضاحت بھی کی جائے گی کہ اپیل کس طرح سے کی جائے (ہم سے اپنا فیصلہ تبدیل کرنے کا کہیں) آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپیل اور اسٹیٹ فیئر ہیئرنگ کے ذریعے ہم کو تبدیلی کا کہیں۔ آپ نوٹس آف ایڈورس بینی فٹ ڈیٹرمینشن کے خط کی تاریخ کے 60 دنوں کے اندر زبانی یا تحریری طور پر اپیل کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کی خدمات کا انکار کیا گیا ہے اور آپ کو انکار کا تحریر نوٹس نہیں ملا ہے یا آپ کا فراہم کنندہ آپ کو یہ بتاتا ہے کہ آپ کو اس خدمت کی ادائیگی کرنی پڑے گی جو شامل نہیں ہے تو آپ اس کو انکار کا نوٹس دکھانے کا کہہ سکتے ہیں۔ انکار کے نوٹس میں دکھایا جائے گا کہ خدمت شامل نہیں ہے۔ ایک مرتبہ اگر آپ کو ملے تو آپ Trillium کو اپیل کا کہہ سکتے ہیں۔

کیا میری جانب سے میرا فراہم کنندہ اپیل کا کہہ سکتا ہے؟

اگر آپ کو خدمات کا انکار کیا گیا ہے تو آپ کے فراہم کنندوں کو اس کی اجازت ہے کہ وہ آپ کی جانب سے اپیل جمع کروائیں۔ ہمیں زبانی یا تحریری اجازت کی ضرورت ہوگی۔

کسی فیصلے کے خلاف اپیل کس طرح سے کی جائے

ایک اپیل میں، Trillium کا ایک مختلف صحت کا نگہداشت فراہم کنندہ آپ کے معاملے جائزہ لے گا۔ ہمیں اپیل کا کہیں بذریعے:

- یہاں پر میمبر سروسز سے رابطہ کریں 1-877-600-5472؛ TTY: 711؛ اور زبانی اپیل کی درخواست کریں۔
- ہمیں ایک خط لکھنا؛ یا،
- ہمیں ایک اپیل اور سماعت کی درخواست جمع کروانا، OHP فارم نمبر 3302۔ یہ فارم آپ کو آپ کے نوٹس آف ایکشن کے ساتھ بھیجا گیا تھا۔ آپ ہمیں کال کر سکتے ہیں اورفارم کا کہہ سکتے ہیں۔

اگر آپ کو اس میں مدد کی ضرورت ہے تو آپ ہمیں کال کریں اور ہم ایک اپیل فارم آپ کو پُر کر کے دیں گے جس پر آپ دستخط کریں گے۔ آپ کسی دوست یا کیس مینجر وغیرہ سے بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ قانونی مشورے اور معاونت کے لیے پبلک بینی فٹ ہاٹ لائن 1-800-520-5292 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔ ہماری جانب سے آپ کو 16 دنوں کے اندر **نوٹس آف اپیل ریزولیوشن (NOAR)** مل جائےگا جس میں آپ کو مطلع کیا جائے گہ آیا جائزہ لینے والا ہمارے فیصلے سے اتفاق کرتا ہے یہ اتفق نہیں کرتا۔ اگر ہمیں جائزہ لینے کیے لیے مزید وقت درکار ہوا تو ہم آپ کو ایک خط ارسال کریں گے جس میں یہ بتایا جائے گا کہ ہمیں کیوں مزید 14 درکار ہیں۔ آپ بھی مزید وقت مانگ سکتے ہیں (14 دنوں تک)۔ اگر Trillium نوٹس اور معیاری یا توسیع شدہ اپیلوں کے طریقہ کار کے اوقات کی شرائط کے مطابق عمل کرنے میں ناکام رہے، تو یہی سمجھنا چاہیئے کہ آپ کے پاس اپیل کا طریقہ کار ختم ہو چکا ہے اور آپ اسٹیٹ فیئر ہیئرنگ شروع کر سکتے ہیں۔ Trillium شکایت یا اپیل کے طریقہ کار میں مزید وقت کی درخواست صرف اس صورت میں کرے گی جب ایسا کرنا میمبر کے بہترین مفاد میں ہوگا۔

اپیل کا انتظار کرتے ہوئے آپ وہ خدمت لینا جاری رکھیں گے جو ہماری بند کرنے کے اصل فیصلے سے پہلے چل رہی تھی۔ خدمت کو بند کرنے کے نوٹس آف ایکشن کے 10 دنوں کے اندر آپ ہم کو لازمی طور پر خدمت کو جاری رکھنے کا کہیں۔ اگر آپ خدمت کو جاری رکھتے ہیں اور جائزہ لینے والا اصل فیصلے سے اتفاق کرتا ہے، تو ایسی صورت میں آپ کو اصل نوٹس آف ایکشن کی مؤثر تاریخ کے بعد حاصل کی گئی خدمات کی لاگت ادا کرنی ہوگی۔

اگر آپ کو اپیل فارمز میں مدد کی ضرورت ہے تو OHP، Trillium میمبر سروسز کو کال کریں یا رابطہ کریں:

Legal Aid Services in Oregon,
Portland Regional Office
520 SW Sixth Avenue, Suite 700
Portland, OR 97204
503-224-4086 یا 1-800-228-6958 (ٹال فری)

اگر مجھے تیز رفتار سماعت درکار ہو تو؟

اگر آپ اور آپ کا فراہم کنندہ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کو صحت کے فوری مسائل درپیش ہیں اور آپ معمول کی اپیل کا انتظار نہیں کر سکتے، تو ہمیں بتائیں کہ آپ کو تیز رفتار سماعت کی ضرورت ہے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اپنے فراہم کنندہ کی جانب سے بیان کو بھی شامل کریں یا ان سے کہیں کہ وہ ہمیں کال کریں اور اس چیز کی وضاحت کریں کہ اپیل کو تیز کرنے کی ضرورت کیوں ہے۔ ایک کاروباری دن کے اندر ہم آپ کو کال کریں گے یا تحریر صورت میں مطلع کریں گے کہ ہمیں آپ کی جانب سے تیز رفتار اپیل کی درخواست موصول ہو گئی ہے۔ اگر ہم اتفاق کرتے ہیں کہ یہ فوری ہے تو ہم فیصلے کے 72 گھنٹوں کے اندر آپ کو کال کریں گے۔ اگر ہمیں جائزہ لینے کیے لیے مزید وقت درکار ہوا تو ہم آپ کو ایک خط ارسال کریں گے جس میں یہ بتایا جائے گا کہ ہمیں کیوں مزید 14 درکار ہیں۔ آپ 14 دن تک توسیع کی درخواست کر سکتے ہیں۔ Trillium آپ کو ڈاک کے ذریعے32 کاروباری دنوں کے اندر ایک تحریری خط ارسال کرے گی جس میں فیصلہ لکھا گیا ہوگا اوراگر تیز رفتار اپیل کا انکار کر دیا گیا ہے تو آپ اور آپ کے فراہم کنندہ کو بذریعہ فون اس کے بارے میں مطلع کر دیا جائے گا۔

اگر میری اپیل کا انکار کردیا جائے تو انتظامی سماعت کس طرح سے حاصل کی جائے؟

ایک اپیل کے بعد آپ اورگین ایڈمنسٹریٹو لا جج کے پاس اسٹیٹ افیئر کا کہ سکتے ہیں۔ نوٹس آف اپیل ریزولیوشن (NOAR) کی تاریخ کے بعد آپ کے پاس سماعت کا کہنے کے 120 دن ہوں گے۔ آپ کے NOAR لیٹر میں ایک فارم ہوگا جو آپ بھیج سکتے ہیں۔ آپ ہم کو اپیل اور ہیئرنگ ریکوئسٹ فارم بھیجنے کا بھی کہ سکتے ہیں یا OHP کلائنٹ سروسز کے اس نمبر 800-273-0557، TTY 711 پر کال کریں اور فارم نمبر 3302 کا پوچھیں۔

سماعت کے دوران آپ جج کو یہ بتا سکتے ہیں کہ آپ ہمارے فیصلے کیوں متفق نہیں ہیں اور یہ کہ خدمت کو کیوں شامل کیا جائے۔ آپ کو وکیل کی ضرورت نہیں ہے، لیکن آپ اپنے ساتھ کسی کو لے کر جاسکتے ہیں، جیسے آپ کا ڈاکٹر وغیرہ۔
اگر آپ وکیل کی خدمات حاصل کرتے ہیں تو آپ کو اس کی فیس ادا کرنی ہوگی۔ آپ پبلک بینی فٹس ہاٹ لائن (لیگل ایڈ سروسز آف اوریگین اور اورگین لا سینٹر کا پروگرام) کے اس نمبر **1-800-520-5292**، TTY 711 پر کال کر کرے مشورہ طلب کر سکتے ہیں اور ممکنہ نمائندگی کا کہ سکتے ہیں مفت قانون مدد آپ کو یہاں پر بھی مل سکتی ہے www.oregonlawhelp.org.

ایک سماعت کی تیاری میں عموماً 30 دنوں سے زیادہ کا وقت لگتا ہے۔ اپیل کا انتظار کرتے ہوئے آپ وہ خدمت لینا جاری رکھیں گے جو ہماری بند کرنے کے اصل فیصلے سے پہلے چل رہی تھی۔ خدمت کو بند کرنے کے NOAR کی تاریخ کے 10 دنوں کے اندر آپ ہم کو لازمی طور پر خدمت کو جاری رکھنے کا کہیں۔ اگر آپ خدمت کو جاری رکھتے ہیں اور جج اصل فیصلے سے اتفاق کرتا ہے، تو ایسی صورت میں آپ کو اصل NOAR کی مؤثر تاریخ کے بعد حاصل کی گئی خدمات کی لاگت ادا کرنی ہوگی۔

اگر مجھے تیز رفتار سماعت درکار ہو تو؟

اگر آپ اور آپ کا فراہم کنندہ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کو صحت کے فوری مسائل درپیش ہیں اور آپ معمول کی اپیل کا انتظار نہیں کر سکتے، تو ہمیں بتائیں کہ آپ کو تیز رفتار سماعت کی ضرورت ہے اور اپیل اور ہیئرنگ ریکوئسٹ فارم کو OHP ہیئرنگ یونٹ کو فیکس کر دیں۔ ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اپنے فراہم کنندہ کی جانب سے بیان کو بھی شامل کریں جس میں وضاحت کی گئی ہو کہ اپیل کو تیز کرنے کی ضرورت کیوں ہے۔ آپ کو 3 کاروباری دنوں کے اندر فیصلہ مل جائے گا۔ ہیئرنگ یونٹ کا فیکس نمبر یہ ہے 1-503-945-6035۔

اگر آپ کی تیز سماعت کی درخواست کا انکار کیا جاتا ہے، تو ہم اپنی جانب سے میمبر اور درخوست کرنے والے فراہم کنندے کو انکار کے بارے میں زبانی طور پر مطلع کرنے کی پوری کوشش کریں گے اور دو دنوں کے اندر ایک تحریری نوٹس کے ذریعے فالو اَپ کریں گے۔

کیا میری خدمات روک دی جائیں گی؟

اگر آپ OHP کی خدمات وصول کر رہے ہیں اور آپ سماعت کے حل ہونے تک ان خدمات کو جاری رکھنا چاہتے ہیں، تو آپ کو نوٹس آف ایکشن کا لیٹر موصول ہونے کے 10 کاروباری دنوں کے اندر فوائد کو جاری رکھنے کا کہنا ہوگا۔ اگر سماعت کا فیصلہ آپ کے حق میں نہیں آتا، تو ایسی صورت میں فیصلے کے انتظار میں جاری رہنے والی خدمات کی آپ کو ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے۔ شکایت، اپیل اور ایڈمنسٹریٹو ہیئرنگ کے عمل میں میمبر کی معلومات کو محفوظ رکھا جا تا ہے۔ یہاں پر میمبر سروسز کو کال کر سکتے ہیں 1-877-600-5472 یا TTY پر 711۔

اگر مجھے بل ملے تو ایسی صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیئے؟

چاہے آپ کو بل ادا نہیں بھی کرنا، لیکن پھر بھی براہِ مہربانی میڈیکل بلوں کو نظر انداز مت کریں- ہمیں فوری طور پر کال کریں۔ کئی فراہم کنندے غیر ادا شدہ بل وصولی کرنے والے اداروں کو بھیج دیتے ہیں اور وہ ادائیگاں وصول کرنے کے لیے عدالت میں مقدمہ تک دائر کر دیتے ہیں۔ اگر ایک مرتبہ مسئلہ پیدا ہو جائے تو اس کو حل کرنا بہت زیادہ مشکل ہوتا ہے۔

OHP پر ہوتے ہوئے آپ نے جو خدمت حاصل کی تھی اس کا بل موصول ہونے پر جلد از جلد آپ کریں:

1. فراہم کنندے کو کال کریں اور ان کو بتائیں کہ آپ OHP پرتھے اور ان سے کہیں کہ بل Trillium کو بھیجا جائے۔
2. فوری طور پر ہماری میمبر سروسز کو کال کریں 1-877-600-5472 یا TTY پر 711 اور بتائیں کہ فراہم کنندہ آپ سے OHP کی خدمت کا بل وصول کر رہا ہے۔ ہم بل صاف کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔ مزید بل وصول ہونے کا انتظار مت کریں۔
3. آپ ہم کو اور اپنے فراہم کنندے کو ایک لیٹر بھیج کر اپیل کر سکتے ہیں، جس میں آپ کہ سکتے ہیں کہ آپ بل سے اتفاق نہیں کرتے کیوں کہ خدمت کے وقت آپ OHP پر تھے۔ اپنے ریکارڈ کے لیے لیٹر کی ایک نقل اپنے پاس رکھیں۔
4. اس بات کی یقین دہانی کرنے کے لیے کہ ہم نے بل ادا کر دیا ہے آپ فال اَپ کرتے رہیں۔
5. اگر آپ کو بل کے حوالے سے عدالت کے کاغذات موصول ہوں، تو فوری طور پر ہمیں مطلع کریں۔ آپ قانونی مشاورت اور مدد کے لیے اٹارنی یا پبلک بینی فٹ ہاٹ لائن کے اس نمبر 1-800-520-5292 پر کال کر سکتے ہیں۔ OHP پر ہوتے ہوئے اگر آپ کو غلط طریقے سے بل وصول ہوا ہے تو صارفین کے لیے ایسے قوانین موجود ہیں جن سے آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو صحت کی نگہداشت کی خدمات کے سلسلے میں کوئی بل ملے اور آپ کو اس بارے میں علم نہ ہو کہ آپ کو یہ بل ادا کرنا چاہیئے یا نہیں تو فوری طور پر ان نمبروں پر میمبر سروسز کو کال کریں **1-877-600-5472** یا TTY پر 711۔

بعض مرتبہ، آپ کا فراہم کنندہ کاغذات کا کام درست انداز میں نہیں کرتا اور اسی سبب سے ادائیگی حاصل نہیں کر پاتا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپ کو ادائیگی کرنی پڑے۔ اگر آپ نے پہلے ہی خدمت حاصل کر لی ہے اور ہم آپ کے فراہم کنندے کو ادائیگی کرنے سے انکار کر دیں تو پھر بھی آپ کا فراہم کنندہ آپ سے بل وصول نہیں کر سکتا۔ آپ کو ہماری جانب سے ایک نوٹس موصول ہو سکتا ہے، جس میں ہم یہ کہ سکتے ہیں کہ ہم خدمت کی ادائیگی نہیں کریں گے۔ اس نوٹس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ادائیگی آپ کو کرنی ہے۔ فراہم کنندے کو چاہیئے کہ وہ قیمت وصول نہ کرے۔ اگر ہم یا آپ کا فراہم کنندہ آپ سے کہیں کہ خدمت OHP کی جانب سے شامل نہیں ہے، تو پھر بھی آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ ایک اپیل اور سماعت کے ذریعے اس فیصلے کو چیلنج کر دیں۔

لاگتوں کی ذمہ داری

Trillium کے ارکان کو صحت کی خدمات کی ادائیگی نہیں کرنی چاہیئے۔ کوئی بھی کانٹریکٹ پر فراہم کنندہ یا ایجنٹ، ٹرسٹی یا کانٹریٹنگ فراہم کنندہ کا کارندہ نہیں کر سکتا:

- میمبر سے بل وصول نہیں کر سکتا
- بل وصول کرنے والے ادارے کو میمبر کا بل بھیج نہیں سکتا
- Trillium کسی رقم کی مقروض ہے تو وہ اس کی وصولی کے لیے کسی میمبر کے خلاف سول ایکشن نہیں کرسکتے، جس کے لیے میمبر کانٹریکٹ پر فراہم کنندہ کے پاس جوابدہ نہیں ہے۔

اگر آپ کو بل وصول ہوتاہے، تو میمبر سروس پر کال کریں۔

OHP کے میمبران شامل خدمات کی ادائیگی نہیں کرتے۔ آپ کا صحت کا نگہداشت کنندہ آپ کو صرف اس صورت میں بل بھیج سکتا ہے کہ جب مندرجہ ذیل چیزیں درست ہوں:

- **طبی خدمت کوئی ایسی ہے کہ جو OHP کے پلان میں شامل نہیں ہے؛**
- آپ نے خدمت وصول کرنے سے پہلے، ایک درست ادائیگی کے معاہدے پر دستخط کئے تھے OHP فارم نمبر 3165 - OHP صحت کی خدمات کے لے صارف کی جانب سے ادائیگی کا معاہدہ (اس کو دستبرداری بھی کہا جاتا ہے)؛
- فارم میں خدمت پر آنے والی اندازاً لاگت دکھائی گئی تھی؛
- فارم میں کہا گیا تھا کہ OHP خدمت کو شامل نہیں کرتا؛ اور
- فارم میں کہا گیا تھا کہ آپ خود بل ادا کرنے پر اتفاق کرتے ہیں۔
- **فارمیسی کی خدمت کچھ اس طرح سے ہے کہ جو OHP پلان میں شامل نہیں ہے؛**
- ادویات وصول کرنے سے پہلے، آپ سے ایک درست ادائیگی کے معاہدے پر دستخط کرنے کا کہا جائے گا OHP فارم نمبر 3166 - OHP فارمیسی کی خدمات کے لے صارف کی جانب سے ادائیگی کا معاہدہ (اس کو دستبرداری بھی کہا جاتا ہے)؛
- فارم میں دوا کی لاگت دکھائی گئی ہے؛
- فارم میں کہا گیا تھا کہ OHP خدمت کو شامل نہیں کرتا؛ اورفارم میں کہا گیا تھا کہ آپ خود بل ادا کرنے پر اتفاق کرتے ہیں۔

OHP پر مجھے کس وقت اپنی صحت کی نگہداشت کی خدمات کی ادائیگی کرنی ہوگی؟

- اگر آپ کسی ایسے فراہم کنندہ کو دکھاتے ہیں جو OHP کو قبول نہیں کرتا یا جو ہمارے فراہم کنندہ نیٹ ورک کا حصّہ نہیں ہے تو ایسی صورت میں آپ کو خدمات کی ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے۔ طبی نگہداشت حاصل کرنے یا فارمیسی پر جانے سے پہلے اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ وہ ہمارے فراہم کنندہ نیٹ ورک میں شامل ہوں۔
- جس وقت آپ نے خدمت حاصل کی تھی، اس وقت اگر آپ OHP کے لیے اہل نہیں تھے تو آپ کو خدمات کی ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے۔
- آپ یا مالیاتی طور پر ذمہ دار نمائندے کو ان خدمات کی ادائیگی کرنے پڑے گی جو OHP میں شامل نہیں:
  - اگر آپ خدمت حاصل کرنے سے پہلے اس کی ادائیگی کے ایک تفصیلی معاہدہ پر دستخط کرتے ہیں۔
  - معاہدے میں تمام خدمات اور ان پر آنے والی لاگت کی فہرست موجود ہو۔
  - اس میں پیشگی منظوری کے تحت انکار کی گئی خدمات بھی شامل ہوں۔
- ادائیگی کا معاہدہ صرف اس صورت میں درست ہے کہ اگر خدمت کی فراہمی کا وقت آپ یا آپ کے نمائندے کی جانب سے دستخط کے 30 دنوں کے اندر ہو۔
- بیلنس بلنگ، یعنی فراہم کنندہ کی جانب سے وصول کی جانے والی رقم اور آپ کے بیمے کی جانب سے ادا کی جانے والی رقم کے درمیان فرق کا کسی بھی وقت اطلاق نہیں ہوگا۔

میں اسپتال میں تھا اور اس کی ادائیگی میرے پلان کی جانب سے کی گئی، لیکن اب میں اپنے فراہم کنندے سے بل وصول کر رہا ہوں۔ میں کیا کروں؟

جب آپ اسپتال یا ایمرجنسی روم میں جاتے ہیں تو ممکنہ ہے کہ آپ کا علاج معالجہ کوئی ایسا فراہم کنندہ کرے جو اسپتال میں کام نہ کرتا ہو۔ مثال کے طور پر ممکنہ ہے کہ ایمرجنسی روم میں ایسے ڈاکٹر بھی ہوں جن کی اپنی پریکٹس بھی ہو لیکن وہ ایمرجنسی روم میں بھی خدمات فراہم کرتے ہیں۔ وہ آپ کو علیحدہ بل بھیج سکتے ہیں۔ اگر کسی اسپتال میں آپ نے آپریشن کروایا ہے، تو ہو سکتا ہے کہ آپ کو اسپتال، سرجن، اور حتیٰ کہ لیب، ریڈیولاجسٹ اور اینستھیسیولاجسٹ علیحدہ علیحدہ بل بھیجیں۔ Trillium نے اگر اسپتال کا بل ادا کیا ہے اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ Trillium نے دیگر فراہم کنندوں کو بھی ادائیگی کی ہے۔ اسپتال میں جن لوگوں نے آپ کو علاج معالجہ فراہم کیا ہے ان کی جانب سے موصول ہونے والے بل کو نظر انداز مت کریں۔ اگر آپ کو دیگر بل موصول ہوں تو ہر فراہم کنندہ کو کال کریں اور ان سے کہیں کہ وہ Trillium سے بل وصول کریں۔ آپ کو چاہیئے کہ آپ "اگر مجھے بل ملے تو ایسی صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیئے؟" سیکشن میں موجود 1 سے 5 اقدامات اٹھائیں

میں اپنی زندگی کے خاتمے کے فیصلے دوسروں کو کس طرح سے بتاؤں؟

زندگی کے خاتمے کے فیصلے اور ایڈوانس ڈائریکٹوز (زندگی میں وصیت)

ایڈوانس ڈائریکٹو ایک قانونی فارم ہے جو آپ کر کرنے دیتا ہے:

1. اگر آپ کی کیفیت ایسی ہے کہ آپ کوئی اظہار نہیں کر سکتے تو آپ اپنے علاج معالجے کے حوالے سے اپنی اقدار، عقائد، اہداف اور خواہشات کے حوالے سے آگاہی فراہم کریں۔
2. اگر آپ اپنے فیصلے خود کرنے کے اہل نہں ہیں تو کسی ایسے شخص کا نام بتائیں جو آپ کی صحت کی نگہداشت کے فیصلے کر سکتا ہو۔ اس فرد کو آپ کی صحت کی نگہداشت کا نمائندہ کہا جائے گا اور ان کو یہ کردار ادا کرنے کے حوالے سے لازمی طور پر اتفاق کرنا ہوگا۔

بعض فراہم کنندگان ہو سکتا ہے کہ ایڈوانس ڈائریکٹو کے مطابق عمل نہ کریں۔ اپنے فراہم کنندگان سے معلوم کرلیں کہ آیا وہ عمل کرتے ہیں یا نہیں۔ 18 برس اور اس سے بڑی عمر کے افراد اپنی نگہداشت کے فیصلے خود کر سکتے ہیں، بشمول علاج معالجے سے انکار کا فیصلہ۔ اس بات کا امکان موجود ہے کہ کسی دن آپ اتنے شدید بیمار پڑ جائیں یا زخمی ہو جائیں کہ آپ اپنے فراہم کنندگان کو یہ نہ بتا پائیں کہ آپ کو مخصوص علاج معالجہ کروانا ہے یا نہیں۔ اگر آپ نے ایڈوانس ڈائریکٹو لکھ لی ہے، لِونگ ول کو کال کر لی ہے تو آپ کے فراہم کنندگان آپ کی ہدایات پر عمل کر سکتے ہیں۔ آپ کے پاس اگر ایڈوانس ڈائریکٹو نہیں ہے، تو آپ کے فراہم کنندگان آپ کے خاندان والوں سے معلوم کر سکتے ہیں کہ ان کو کیا کرنا ہے۔ اگر آپ کے خاندان والے فیصلہ نہیں کر پاتے یا نہیں کرتے تو ایسی صورت میں فراہم کنندگان آپ کا وہ معیاری طبی علاج معالجہ کریں گے جو آپ کی بیماری میں کیا جاتا ہوگا۔

اگر آپ مخصوص قسم کا علاج معالجہ کروانا نہیں چاہتے، مثلاً سانس چلانے والی مشین کا استعمال یا پھر غذا پہنچانے والی ٹیوب کا استعمال تو آپ یہ چیزیں ایڈوانس ڈائریکٹو میں لکھ سکتے ہیں۔ یہ آپ کو آپ کی نگہداشت کے بارے میں اس وقت فیصلہ کرنے کا اختیار دیتی ہے جس وقت آپ کو نگہداشت کی ضرورت ہوتی ہے - ایسی صورت میں کہ جب آپ خود سے ہدایات دینے کے قابل نہیں ہوتے، مثلاً کوما میں۔ اگر آپ جاگ رہے ہیں چوکس ہیں تو آپ کے فراہم کنندے ہمیشہ آپ کی خواہش کے مطابق عمل کریں گے۔

آپ کو اکثر اسپتالوں اور کئی فراہم کنندگان سے ایڈوانس ڈائریکٹو فارم مل سکتے ہیں۔ آپ کو یہاں سے آن لائن بھی مل سکتا ہے https://www.oregon.gov/oha/PH/ABOUT/Pages/AdvanceDirectiveAdoptionCommittee.aspx

اگر آپ ایڈوانس ڈائریکٹو لکھتے ہیں تو اپنے فراہم کنندگان اور اپنے خاندان والوں کو اس کے بارے میں آگاہی فراہم کر کے اس کی نقول بھی دے دیں۔ اگر ان کے پاس یہ نقول ہوں گی تو وہ صرف آپ کی ہدایات پر ہی عمل ہی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کا ارادہ بدل جائے تو آپ جب چاہیں اپنے ایڈوانس ڈائریکٹو کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ اپنے ایڈوانس ڈائریکٹو کو منسوخ کرنے کے لیے ان سے نقول واپس لے کر پھاڑ دیں یا ان کے اوپر جلی حروف میں منسوخ لکھ کر اپنے دستخط کرکے تاریخ ڈال دیں۔ سوالات یا مزید معلومات کے لیے اوریگن ہیلتھ ڈسیشنز سے ان نمبروں پر رابطہ کریں 1-503-692-0894، ٹال فری 1-800-422-4805 یا TTY پر 711۔

Trillium اخلاقی یا مذہبی بنیادوں پر کئے گئے فیصلوں کو کوَرج فراہم نہیں کرتی۔ آپ یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ بعض ڈاکٹر یا اسپتال اپنے اخلاقی یا مذہبی عقائد کے باعث عمل نہیں کر سکتے۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو ڈاکٹر یا اسپتال کو چاہیئے کہ وہ آپ کو بتا دیں تا کہ آپ یہ فیصلہ کر پائیں کہ آپ کو اپنی نگہداشت کے لیے کوئی مختلف ڈاکٹر یا اسپتال چاہیئے یا نہیں۔

اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ Trillium نے ایڈوانس ڈائریکٹوز کی شرائط کے مطابق عمل نہیں کیا ہے (یعنی ایڈوانس ڈائریکٹوز کے بارے میں ایک پلان کو جو اپنے ارکان کو مطلع کرنا ہے)، تو آپ OHA کے پاس شکایت کر سکتے ہیں https://www.oregon.gov/oha/ph/providerpartnerresources/healthcareprovidersfacilities/healthcarehealthcareregulationqualityimprovement/pages/complaint.aspxf

OHA: 1-800-699-9075

آپ اپنی شکایت یہاں بھی بھیج سکتے ہیں:

Health Care Regulation and Quality Improvement
NE Oregon St, #465, Portland, OR 97232 800
ای میل: Mailbox.hclc@state.or.us
فیکس: 971-673-0556
فون: 971-673-0540؛ TTY: 711

آپ Trillium کے پاس بھی شکایت درج کروا سکتے ہیں۔ یہاں پر میمبر سروسز سے رابطہ کریں 1-877-600-5472؛ TTY: 711 یا پھر ہمارے پتے پر ایک خط ارسال کریں: 555 International Way, Building B, Springfield, OR 97477

ذہنی صحت کے علاج معالجے کا اقرار نامہ

اگر آپ کو ذہنی صحت کا بحران درپیش ہے یا کسی سبب سے آپ اپنی ذہنی صحت کے علاج معالجے کے حوالے سے کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے تو ایسی صورت اوریگن کے پاس ایک فارم ہے جس پر آپ ذہنی صحت کی نگہداشت کے حوالے اپنی خواہشات لکھ سکتے ہیں۔ اس فارم کو ذہنی صحت کے علاج معالجے کا اقرار نام کہا جاتا ہے۔ آپ اسا کو اس وقت پُر کر سکتے ہیں جب آپ اپنی نگہداشت کے فیصلے کرنے کے اہل ہوں۔ ذہنی صحت کے علاج معالجے کا اقرار نامہ یہ بتاتا ہے کہ اگر کبھی کوئی ایسی صورت پیش آجائے کہ آپ اپنی خواہشات کا اظہار نہ کر پائیں تو اس صورت میں آپ کس قسم کا علاج معالجہ کروانا چاہیں گے۔ صرف عدالت اور دو ڈاکٹر ہی اس بات کا فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا آپ اپنی ذہنی صحت کے علاج معالجے کے حوالے سے فیصلہ کرنے کے اہل نہیں ہیں۔

یہ فارم آپ کو اس حوالے سے انتخابات کرنے دیتا ہے کہ آپ کس قسم کی نگہداشت چاہتے اور کس قسم کی نگہداشت نہیں چاہتے ہیں۔ اس میں آپ اپنی نگہداشت کے فیصلوں کے حوالے کسی بالغ فرد کا نام تجویز کرنے کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ جس شخص کا نام تجویز کریں گے اس کو لازمی طور پر آپ کی جانب سے بولنے اور آپ کی خواہشات کے مطابق عمل کرنے پر رضامندی کا اظہار کرنا ہوگا۔ اگر آپ کی خواہشات تحریری صورت میں نہیں ہیں، تو یہ شخص فیصلہ کرے گا کہ آپ کی کیا چاہت ہو سکتی ہے۔

اقرار نامے کا فارم صرف تین (3) برسوں کے لیے ہی کار گر ہوگا۔ ان تین (3) برسوں کے دوران اگر آپ فیصلہ کرنے کا اہل نہ ہوں گے، تو آپ کا اقرار نامہ اس وقت تک کار گر رہے گا جب تک کہ آپ دوبارہ فیصلے نہ کرنے لگیں۔ جب آپ اپنی نگہداشت کے فیصلے کرنے کے اہل ہو جائیں تو آپ اقرار نامے کو تبدیل یا منسوخ کر سکتے ہیں۔ آپ کو یہ فارم لازمی طور پر اپنے بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ ڈاکٹر اور اس شخص کو دینا ہوگا جس کو آپ نے اپنے فیصلے کرنے کے لیے نامزد کیا ہے۔

ذہنی صحت کے علاج معالجے کا اقرار نامے کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے، ریاست اوریگن کی ویب سائیٹ پر وزٹ کریں: http://cms.oregon.gov/oha/amh/forms/declaration.pdf.

اگر آپ کا فراہم کنندہ آپ کے ذہنی صحت کے علاج معالجے کا اقرار نامے میں موجود خواہشات کے مطابق عمل نہ کرے تو آپ شکایت کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے فارم یہاں پر ہے https://www.oregon.gov/oha/PH/PROVIDERPARTNERRESOURCES/HEALTHCAREPROVIDERSFACILITIES/HEALTHCAREHEALTHCAREREGULATIONQUALITYIMPROVEMENT/Pages/complaint.aspx

اپنی شکایت بھیجیں:

Health Care Regulation and Quality Improvement
800 NE Oregon St, #465
Portland, OR 97232

ای میل: Mailbox.hcls@state.or.us
فیکس: 971-673-0556
فون: 971-673-0540؛ TTY: 711

کیا میری ذاتی معلومات صیغہ راز میں ہے؟

آپ کے ریکارڈ رازداری میں ہیں

تمام مریضوں کی معلومات صیغہ راز میں ہے۔ اس میں وہ تمام چیزیں شامل ہیں جو آپ کے میڈیکل ریکارڈ میں موجود ہیں اور جو چیزیں آپ نے ہمیں، اپنے ڈاکٹر یا کلینکل عملے کو دی ہیں۔ ہم سوائے ہنگامی صورتحال یا پھر جس کی ریاست یا وفاق کے قوانین کے تحت اجازت ہو، یہ معلومات کسی کے ساتھ شیئر نہیں کرتے۔

ہنگامی صورت میں بھی صرف اتنی معلومات ہی شیئر کی جاتی ہے جتنی ضرورت ہوتی ہے۔ ریاست یا وفاق کا عملہ یہ دیکھنے کے لیے آپ کے ریکارڈ کا جائزہ لے سکتا ہے کہ آیا ہم آپ کو بہتر نگہداشت فراہم کر رہے ہیں یا نہیں۔ آپ کا ڈاکٹر یا کلنک آپ کے پہلے یا بعد میں کسی دورے کے دوران آپ سے معلومات کے اجراء پر دستخط کرنے کا کہ سکتا ہے۔ یہ فارم بتائے گا کہ کون سی معلومات شیئر کی جا سکتی ہے، معلومات کون وصول کرے گا اور ان کو اس کی ضرورت کیوں ہے۔ فارم پر تاریخ بھی ہوتی ہے جس میں یہ دکھایا جاتا ہے کہ شیئر کرنے کا یہ عمل کب بند ہو جائے گا۔

ہم صرف آپ کے علاج معالجے، طریقہ کار اور ادائیگی کے اسباب کا ریکارڈ ہی شیئر کرتے ہیں۔ آپ اس کو محدود کر سکتے ہیں کہ آپ کا ریکارڈ کون دیکھ سکتا ہے۔ اگر کوئی ایسا شخص ہے کہ جو آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا ریکارڈ نہ دیکھے، تو براہِ مہربانی آپ ہمیں تحریری صورت میں بتائیں۔ اگر آپ کہیں گے تو ہم ان تمام افراد کی فہرست آپ کو دیں گے جن کے ساتھ ہم نے آپ کا ریکارڈ شیئر کیا ہے۔

ایک قانون جس کا نام ہیلتھ انشورنس پورٹیبلٹی اینڈ اکاؤنٹیبلٹی ایکٹ (HIPAA) ہے وہ آپ کے میڈیکل ریکارڈ کو تحفظ فراہم کرتا ہے اور اس کو صیغہ راز میں رکھتا ہے۔ اس کو رازداری بھی کہا جاتا ہے۔ ہمارے پاس ایک کاغذ ہے جس کو نوٹس آف پرائیویسی پریکٹس کہا جاتا ہے، اس میں تفصیل سے وضاحت کی گئی ہے کہ ہم اپنے میمبران کی ذاتی معلومات کس طرح سے استعمال کرتے ہیں۔ اگر آپ کہیں گے تو ہم یہ آپ کو بھیج دیں گے۔ میمبر سروس کو کال کریں اور ان سے نوٹس آف پرائیویسی پریکٹس کے بارے میں معلوم کریں۔

مَیں اپنی محفوظ رکھی گئی صحت کی معلومات (PHI) کا کس طرح سے جائزہ لے سکتا/سکتی ہوں، اس کو درست کرسکتا/سکتی ہوں یا دوسروں کے ساتھ اس کو شیئر کرنے سے کس طرح سے محدود کرسکتا/سکتی ہوں؟

آپ TRILLIUM سے رابطہ کر سکتے ہیں کہ:

- آپ اپنا ریکارڈ دیکھنے یا اس کی ایک نقل حاصل کرنے کا کہ سکتے ہیں۔
- آپ کی معلوم جس طرح سے استعمال ہوتی ہے یا اس کو شیئر کیا جاتا ہے اس کو محدود کرنے کا کہ سکتے ہیں
- آپ اپنی مجازیت منسوخ کرنے کا کہ سکتے ہیں۔
- آپ اپنے ریکارڈ کو درست یا تبدیل کرنے کا کہ سکتے ہیں۔
- آپ کے بارے میں جتنی مرتبہ Trillium نے معلومات شیئر کی آپ ان کی فہرست کا کہ سکتے ہیں۔

آپ اپنے میڈیکل ریکارڈ کی ایک نقل حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کے فراہم کنندے کے پاس آپ کا اکثر میڈیکل ریکارڈ ہوتا ہے، لہٰذا آپ ان کو بھی ایک نقل کا کہ سکتے ہیں۔ وہ آپ سے نقول کی معقول فیس بھی طلب کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس جو آپ کا ریکارڈ ہے آپ اس کی ایک نقل کا بھی کہ سکتے ہیں۔ ہم آپ سے نقول کی معقول فیس بھی طلب کر سکتے ہیں۔

آپ اپنے ذہنی صحت کے ریکارڈ کی نقل کو اس وقت تک اپنے پاس رکھ سکتے ہیں جب تک کہ فراہم کنندہ یہ نہیں سمجھتا کہ اس سے سنجیدہ نوعیت کے مسائل جنم لے سکتے ہیں۔

اگر آپ کا فراہم کنندہ کہے کہ آپ اپنا ریکارڈ نہیں دیکھ سکتے تو ایسی صورت میں Trillium آپ کو اپنے ریکارڈ کو دکھانے، اس کی نقل حاصل کرنے یا اس کو تبدیل کرنے کی درخواست کا انکار کر سکتی ہے۔ اگر آپ کی درخواست کا انکار کیا جاتا ہے تو آپ کو ایک خط موصول ہوگا جس میں آپ کو بتایا جائے گا کہ آپ کی درخواست کا انکار کیوں کیا گیا ہے اور یہ انکار کا جائزہ لینے کا کس طرح سے کہ سکتے ہیں۔

آپ کو یہ معلومات بھی فراہم کی جائے گی کہ Trillium یا یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز، آفس فار سول رائیٹس کے پاس شکایت کس طرح سے دائر کر سکتے ہیں۔

میں رازداری کی شکایت کس طرح سے کرسکتا ہوں یا رازداری کے مسئلہ کے بارے میں کس طرح سے مطلع کرسکتا ہوں؟

اگر آپ رازداری کی شکایت دائر کرنا چاہتے ہیں یا آپ کے بارے میں معلومات کو استعمال کرنے یا اس کو شیئر کرنے کے حوالے سے کسی مسئلہ کے بارے میں Trillium کو اطلاع دینا چاہتے ہیں تو آپ Trillium یا یو ایس ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز، آفس فار سول رائیٹس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ شکایات کرتے ہیں تو ان سے آپ کے فوائد پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ اگر آپ شکایت درج کرواتے ہیں، کسی تفتیش میں تعاون کرتے ہیں یا کسی ایسی چیز سے اتفاق کرنے سے انکار کرتے ہیں جو آپ کے خیال میں قانون کے خلاف ہے تو ایسی صورت میں Trillium آپ کے خلاف کوئی بھی بدلے کی کاروائی نہیں کرسکتی۔

آپ رازدری کی شکایت جمع کروا سکتے ہیں بذریعہ ڈاک:

Office for Civil Rights
Department of Health and Human Services
2201 Sixth Avenue
Mail Stop RX-11 Seattle, WA 98121

بذریعہ فون: 1-206-615-2290
ٹال فری: 1-800-368-1019
TTY: 1-800-537-7697
یا، بذریعہ فیکس: 1-206-615-2297

نوٹس آف پرائیویسی پریکٹس

صحت کی نگہداشت کی خدمات فراہم کرنے کے لیے Trillium کے عملے کو آپ کے بارے میں لازمی طور پر معلومات جمع کرنی ہوگی۔ ہمیں اس بات کا علم ہے کہ ہم آپ اور آپ کی صحت کے بارے میں جو معلومات جمع کرتے ہیں وہ نجی ہے۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اس معلومات کو وفاقی اور ریاستی قوانین کے تحت تحفظ فراہم کریں۔ ہم اس معلومات کو پروٹیکٹڈ ہیلتھ انفارمیشن (PHI) کہتے ہیں۔

نوٹس آف پرائویسی پریکٹس آپ کو بتاتا ہے کہ Trillium کس طرح سے آپ کے بارے میں معلومات کو استعمال یا شیئر کرتا ہے۔ ہر طرح کے صورتحال کی وضاحت نہیں کی جاتی۔ آپ کے بارے میں جو معلومات ہم جمع کرتے اور اپنے پاس رکھتے ہیں اس کے حوالے سے ہم پر لازم ہے کہ ہم آپ کو نوٹس آف پرائیویسی پریکٹس دیں۔ اس وقت لاگو نوٹس کی شرائط پر عمل کرنا ہمارے لیے لازمی ہے۔

مستقبل میں Trillium اپنے نوٹس آف پرائیویسی پریکٹس کو تبدیل کر سکتی ہے۔ Trillium کے پاس پہلے سے جو معلومات موجود ہے، یا مستقبل میں Trillium جو معلومات حاصل کرے گی اس پر تبدیلی کا اطلاق ہوگا۔ قانون کی شرائط کے مطابق نئے نوٹس کی ایک نقل Trillium کو ڈاک کے ذریعے ارسال کی جائے گی۔

آپ جب بھی Trillium تشریف لائیں یا ان سے رابطہ کریں تو آپ موجودہ نوٹس آف پرائیویسی پریکٹس کی نقل طلب کر سکتے ہیں۔ آپ یہاں سے آن لائن بھی حاصل کر سکتے ہیں http://www.trilliumohp.com.

علاج معالجے کے لیے آپ کی مجازیت کے بغیر Trillium کس طرح سے آپ کی معلومات کو استعمال یا شیئر کر سکتی ہے

ہم آپ کی صحت کی نگہداشت میں شامل صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندوں کے ساتھ آپ کی معلومات استعمال یا شیئر کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کے علاج معالجے کا منصوبہ تیار کرنے یا اس پر عمل کرنے کے لیے معلومات شیئر کی جا سکتی ہے۔

ادائیگی کے لیےہم

ادائیگی وصول کرنے یا آپ نے صحت کی نگہداشت کی جو خدمات وصول کی ہیں ان کی ادائیگی کرنے کے لیے معلومات کو استعمال یا شیئر کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کو جو صحت کی نگہداشت فراہم کی گئی ہے OHP سے اس کا بل وصول کرنے کے لیے ہم PHI فراہم کر سکتے ہیں۔

صحت کی نگہداشت کے طریقہ کار کے لیے

ہم آپ کے پروگرام اور سرگرمیوں کی دیکھ بھال کرنے کے لیے معلومات کو استعمال یا شیئر کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کو جو خدمات فراہم کی جا رہی ہیں ان کے معیار کا جائزہ لینے کے لیے ہم PHI کو استعمال کر سکتے ہیں۔

ذہنی صحت کے علاج معالجے کے لیے

علاج معالجے کی سرگرمیوں کے سلسلے میں ہم OHP کی جانب سے دیکھ بھال کئے جانے والے نگہداشت کے دیگر منصوبوں کے ساتھ آپ کی معلومات شیئر کر سکتے ہیں یا اس کا تبادلہ کر سکتے ہیں۔

صحتِ عامہ کی سرگرمیوں کے لیے

Trillium بھی OHA کے پاس ایک کانٹریکٹر ہے، عوامی صحت کا یہ ادارہ اہم ریکارڈ کو رکھتا اور اس کو اپڈیٹ کرتاہے، جیسا کہ پیدائشیں اور اموات وغیرہ اور ساتھ ہی یہ بعض بیماریوں کے کی بھی جانچ کرتا ہے۔

صحت کی سرگرمیوں کی نگرانی کے لیے

Trillium صحت کی نگہداشت فراہم کنندوں کا معائنہ کرنے یا ان کی تفتیش کرنے کے لیے بھی آپ کی معلومات کو استعمال یا شیئر کر سکتی ہے۔

قانون اور قانون کے نفاذ کے تقاضوں کے مطابق۔

Trillium اس وقت معلومات کو استعمال اور شیئر کرے گی جب ایسا کرنا وفاقی یا ریاستی قانون یا عدالتی حکم کا تقاضا یا اجازت ہوگی۔

استحصال کی اطلاعات اور تفتیش کے لیے

Trillium پر یہ قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ استحصال کی اطلاعات وصول کرے اور ان کی تفتیش کرے۔

حکومتی پروگراموں کے لیے

حکومتی پروگراموں کے تحت Trillium عوامی مفادات کے لیے معلومات کو استعمال اور شیئر کر سکتی ہے۔ مثال کے طور پر، Trillium سپلی مینٹل سکیورٹی انکم (SSI) کے فوائد کا تعین کرنے کے لیے معلومات کو شیئر کر سکتی ہے۔

نقصان سے بچنے کے لیے

کسی فرد یا عام لوگوں کے صحت اور تحفظ کو پہنچنے والے کسی سنجیدہ نوعیت کے خطرے سے بچنے کے لیے Trillium قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ PHI شیئر کر سکتی ہے۔

تحقیق کے لیے

Trillium مطالعات اور رپورٹیں تیار کرنے کے لیے معلومات استعمال کر سکتی ہے۔ ان رپورٹوں میں کسی مخصوص فرد کی نشاندہی نہیں کی جاتی۔

آپ کی طبی نگہداشت میں شامل خاندانی افراد، دوستوں اور دیگر افراد کے لیے افشا کرنا

Trillium آپ کی طبی نگہداشت میں شامل آپ کے خاندان کے افراد یا دیگر افراد کے ساتھ معلومات شیئر کر سکتی ہے۔ آپ کو اس معلومات کو شیئر کرنے پر اعتراض کرنے کا حق حاصل ہے۔

دیگر استعمال اور افشا کے لیے آپ کی تحریری اجازت درکار ہوتی ہے

دیگر صورتوں میں معلومات کو استعمال کرنے یا اس کو افشا کرنے کے لیے Trillium آپ سے تحریری اجازت حاصل کرے گی۔ آپ جب چاہیں اس جازت کو تحریری طور پر منسوخ کر سکتے ہیں۔ آپ کے اجازت نامے سے جو استعمال یا افشا پہلے سے ہو چکے ہیں Trillium OHP ان کو واپس نہیں لے سکتی۔

PHI کو تحفظ فراہم کرنے والے دیگر قوانین

آپ کے بارے میں معلومات کے استعمال اور افشا کے حوالے سے Trillium کے کئی پروگراموں کے پاس دیگر قوانین بھی ہیں۔ مثال کے طور پر، کیمیائی موادوں پر آپ کے انحصار کے علاج معالجے کے ریکارڈ کو استعمال اور شیئر کرنے کے لیے آپ کو لازمی طور پر Trillium کو تحریری اجازت دینی ہوگی۔

PHI کے رازداری کے حقوق کیا ہیں؟

آپ کے بارے میں Trillium جو صحت کی معلومات اپنے پاس رکھتی ہے اس کے حوالے سے آپ کے مندرج ذیل حقوق ہیں۔

اکثر صورتوں میں آپ کو اپنے میڈیکل ریکارڈ کو دیکھنے اور اس کی نقول حاصل کرنے کا حق حاصل ہے، آپ کو اپنے میڈیکل ریکارڈ کو دیکھنے اور اس کی نقول حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو یہ درخواست لازمی طور پر تحریر صورت میں دینی ہوگی۔ ہو سکتا ہے کہ آپ سے آپ کے ریکارڈ کی نقل بنانے پر آنے والی لاگت کی فیس وصول کی جائے۔ اگر آپ اپنے ریکارڈ کی نقول حاصل کرنا چاہتے ہیں تو Trillium کو کال کریں۔

آپ کے ریکارڈ کو درست کرنے یا اپڈیٹ کرنے کی درخواست کا حق

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ کوئی غلطی تو آپ اپنے ریکارڈ میں غائب معلومات کو شامل کرنے یا تبدیل کرنے کا Trillium کو کہہ سکتے ہیں۔ آپ کو درخواست

لازمی طور پر تحریری صورت میں کرنی ہوگی اور اپنی درخواست کا کوئی سبب بھی فراہم کرنا ہوگا۔

افشا کی فہرست حاصل کرنے کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ گزشتہ چھ برسوں کے دوران Trillium نے جن لوگوں کو آپ کا ریکارڈ دیا ہے آپ ان کے ناموں کی فہرست حاصل کرنے کا کہیں۔ آپ کو یہ درخواست لازمی طور پر تحریر صورت میں دینی ہوگی۔ اس فہرست میں اس وقت کی معلومات شامل نہیں ہوگی جس کو علاج معالجے، ادائیگی یا صحت کی نگہداشت کے طریقہ کار کے لیے شیئر کیا گیا تھا۔ اس فہرست میں اس معلومات کو شامل نہیں کیا جائے گا جو براہِ راست آپ کو یا آپ کے خاندان والوں کو فراہم کی گئی تھی، یا وہ معلومات جو آپ کی اجازت سے بھیجی گئی تھی۔

PHI کے استعمال یا افشا کو محدود کرنے کی درخواست کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کے بارے میں PHI جس طرح سے استعمال یا شیئر ہوتی ہے اس کو محدود کرنے کا کہیں۔ آپ کو لازمی طور پر Trillium کو تحریری صورت میں درخواست دینی ہوگی کہ آپ کون سی معلومات محدود کرنا چاہتے ہیں اور یہ کہ آپ کن لوگوں کے لیے اس کو محدود کرنا چاہتے ہیں۔ آپ زبانی یا تحریری صورت میں ان پابندیوں کے خاتمے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

اجازت کو منسوخ کرنے کا حق

اگر آپ کو معلومات استعمال یا شیئر کرنے کے اجازت نامے پر دستخط کرنے کا کہا گیا ہے، تو آپ جب چاہیں اس اجازت نامے کو منسوخ کر سکتے ہیں۔ آپ کو یہ درخواست لازمی طور پر تحریر صورت میں دینی ہوگی۔ اس سے اس معلومات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا جو پہلے سے شیئر کی جا چکی ہے۔

ہم آپ کے ساتھ کس طرح سے ابلاغ کریں اس کے انتخاب کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ Trillium کہیں کہ وہ کسی مخوص طریقے سے یا کسی مخصوص مقام پر آپ کے ساتھ معلومات شیئر کریں۔ مثال کے طور پر، آپ Trillium کو کہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کو معلومات آپ کے گھر کے پتے کے بجائے آپ کے کام کی جگہ کے پتے پر ارسال کرے آپ کو یہ درخواست لازمی طور پر تحریری صورت میں کرنی ہوگی۔ آپ کو یہ وضاحت کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ یہ درخواست کس بنیاد پر کر رہے ہیں۔

شکایت درج کروانے کا حق

Trillium کی جانب سے جس طرح سے آپ کی معلومات استعمال اور شیئر کی جاتی ہے اگر آپ اس سے متفق نہیں ہیں تو آپ کو شکایت درج کروانے کا حق حاصل ہے۔

اس نوٹس کی کاغذی نقل حاصل کرنے کا حق

آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ جب چاہیں اس کی ایک کاغذی نقل حاصل کرنے کا کہ سکتے ہیں

میں مبینہ دھوکہ دہی، زیاں اور استحصال کے بارے میں کس طرح سے مطلع کروں؟

ہم نے تمام قابلِ اطلاق قوانین کی تعمیل کرتے ہوئے، دھوکہ دہی، زیاں اور استحصال کے روکتھام کا عزم کر رکھا ہے، ان قوانین میں بغیر کسی حد بندی کے ریاست کا فالس کلیمز ایکٹ اور وفاقی فالس کلیمز ایکٹ بھی شامل ہیں،

فراہم کنندہ کے دھوکہ کی مثالوں میں شامل ہیں:

- ان خدمات کا بل وصول کرنا جو نہیں دی گئی تھیں یا ان چیزوں کا بل وصول کرنا جو میمبران کو فراہم نہیں کی گئی تھیں۔

فراہم کنندہ کی جانب سے زیاں کی مثالوں میں شامل ہیں:

- فراہم کنندگان غیرضروری تشخیص ٹیسٹیں کروا رہے ہیں۔
- کسی مخصوص عارضے کا علاج معالجہ کروانے کے لیے ضرورت سے زیادہ ادویات نسخے پر لکھ رہے ہیں۔

فراہم کنندہ کی جانب سے استحصال کی مثالوں میں شامل ہیں:

- فارمیسیاں انجانے میں برانڈ کے نام والی ادویات کا بل وصول کر رہی ہیں جب کہ حقیقت میں جینرک ادویات دی گئی تھیں
- فراہم کنندگان انجانے میں غیرضروری طور پر طبی خدمات کا بل وصول کر رہے ہیں۔

میمبر کی جانب سے دھوکہ دہی کی مثالوں میں شامل ہیں:

- میمبر کے میمبر آئی ڈی کارڈ کو استعمال کرتے ہوئے کوئی دوسرا شخص خدمات یا میڈیکل کی چیزیں حاصل کر رہا ہے۔

میمبر کی جانب سے زیاں کی مثالوں میں شامل ہیں:

- فارمیسی سے نسخہ پر لکھی گئی اشیاء نہ اٹھانا

میمبر کی جانب سے استحصال دہی کی مثالوں میں شامل ہیں:

- غیر ضروری طبی خدمات حاصل کرنا

آپ کی صحت کی نگہداشت کو منسلک کرتے ہوئے

ایک میمبر کی حیثیت میں آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ دھوکہ دہی، زیاں اور استحصال کے بارے میں گمنام ہو کر مطلع کریں اور قابلِ اطلاق وسل بلوئر قوانین تحت تحفظ حاصل کریں۔ Trillium مبینہ دھوکہ دہی، زیاں اور استحصال کی اطلاع موزوں اداروں کو دے گی۔ ہمیں دھوکہ یا استحصال کے بارے میں ہمیں بتانے کے لیے فون ہاٹ لائن دستیاب ہے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ غلطی، دھوکہ دہی، زیاں یا استحصال ہوا ہے تو ہمیں جلد از جلد مطلع کریں۔ ہمیں بتانے سے دیگر میمبران کے متاثر ہونے کی روکتھام میں مدد ملے گی۔ ہمیں بتانے سے آپ کی صحت کی نگہداشت کے فوائد کو تحفظ فراہم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ اگر آپ کو اپنی فوائد کی وضاحت کے بارے میں معلومات پر شکوک وشبہات ہیں یا آپ سمجھتے ہیں کہ ان میں غلطیاں ہیں یا دھوکہ دہی، یا زیاں ہے تو براہِ مہربنی ہم سے رابطہ کریں۔

بذریعہ فون

رازداری سے دھوکہ دہی، زیاں اور استحصال کی ہاٹ لائن، ٹال فری 1-866-685-8664

میمبر سروسز

ٹال فری 711 TTY 1-877-600-5472

روبرو

13221 SW 68th Pkwy #200, Tigard, OR 97223

بذریعہ ڈاک

Trillium Community Health Plan, P.O. Box 11740 Eugene, Oregon 97440-3940

جس چیز کے بارے میں آپ سمجھتے ہیں کہ وہ دھوکہ دہی، زیاں اور استحصال ہے اس کے بارے میں آپ مطلع کر سکتے ہیں:

Office of the Inspector General

ٹال فری 1-800-HHS-TIPS یا 1-800-447-8477، TTY 1-800-377-4950

فراہم کنندے کی جانب سے دھوکہ دہی یا استحصال کی صورت میں کہاں اطلاع دینی ہے

Medicaid Fraud Control Unit (MFCU) Oregon Department of Justice

100 SW Market Street, Portland, OR 97201

فون: 971-673-1880، فیکس: 971-673-1890

OHA Program Integrity Audit Unit (PIAU)

3406 Cherry Ave. NE, Salem, OR 97303-4924

فیکس: 503-378-2577، ہاٹ لائن: 1-888-FRAUD01 (888-372-8301)

ویب سائیٹ: https://www.oregon.gov/oha/FOD/PIAU/Pages/Index.aspx

میمبر کی جانب سے کسی دھوکہ دہی یا استحصال کے معاملے کے بارے میں کہاں مطلع کرنا ہے

DHS/OHA Fraud Investigation

PO Box 14150, Salem, OR 97309

ہاٹ لائن: 1-888-FRAUD01 (888-372-8301)، فیکس: Attn 503-373-1525: ہاٹ لائن

ویب سائیٹ: https://www.oregon.gov/dhs/ABUSE/Pages/fraud-reporting.aspx

محتسب

محتسب ایک سرکاری اہلکار ہوتا ہے جو لوگوں اور اداروں کے درمیان ایک غیرجانبدار وسیلے کے طور ذمہ داری انجام دیتا ہے۔

اوریگین میں محتسب ہے یہاں پر:

500 Summer St NE Salem, Oregon 97301

فیکس 503-947-2341

آپ اس کال فری نمبر پر کال کرکے OHA محتسب سے معاونت طلب کر سکتے ہیں 1-877-642-0450 (TTY 711)۔

آپ کے ڈیجیٹل ہیلتھ ریکارڈ کی دیکھ بھال کے لیے نئے آپشنس

جولائی 1، 2021 پر انٹراوپریبلٹی اینڈ پیشنٹ ایکسس رول (CMS 915 F) نامی ایک نئے وفاقی قانون کے باعث، شدید ضرورت کے وقت میمبران کے لیے اب اپنی صحت کا ریکارڈ حاصل کرنا نہایت آسان ہو گیا ہے۔ اب آپ کے پاس اپنے موبائل ڈوائس پر اپنی صحت کی ریکارڈ تک مکمل رسائی ہے، جس سے آپ اپنی صحت کی بہتر انداز میں دیکھ بھال کر سکتے ہیں اور یہ بھی معلوم کر سکتے ہیں کہ آپ ک لیے کون سے وسائل دستیاب ہیں۔

تصور کریں:

- آپ کی طبیعت خراب ہے اور آپ ایک نئے ڈاکٹر کو دکھانے گئے ہیں اور آپ کا ڈاکٹر گزشتہ پانچ برس کی آپ کی ہیلتھ ہسٹری دیکھ سکتا ہے۔
- آپ فراہم کنندہ یا اسپیشلسٹ تلاش کرنے کے لیے اپ ٹو ڈیٹ پرووائیڈر ڈائریکٹری استعمال کر سکتے ہیں۔
- وہ فراہم کنندہ یا اسپیشلسٹ آپ کی تشخیص کرنے اور اس بات کی یقین دہانی کرنے کے لیے کہ آپ بہترین نگہداشت حاصل کریں آپ کی ہیلتھ ہسٹری استعمال کر سکتا ہے۔
- آپ اپنے کمپیوٹر پر ہی دیکھ سکتے ہیں کہ آیا دعوے کی ادائیگی ہو چکی ہے، انکار کیا گیا ہے یا ابھی تک اس پر عملدرآمد ہو رہا ہے۔
- اگر آپ چاہیں تو آپ اپنے صحت کے منصوبے تبدیل کرنے کے ساتھ اپنی ہیلتھ ہسٹری بھی اپنے ساتھ لے کر جا سکتے ہیں۔*

**2022 میں، میمبران یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ جب وہ صحت کے منصوبے تبدیل کریں تو ان کی صحت کا ریکارڈ بھی ان کے ساتھ جائے۔*

نئے قوانین کے باعث ** کے بارے میں معلومات تلاش کرنا آسان ہے:

- دعوے (ادا ہو گئے یا انکار کئے گئے)
- آپ کی کلینکل معلومات کے مخصوص حصے
- فارمیسی دوا کی کورج
- صحت کی نگہداشت فراہم کنندے

***جنوری 1، 2016 پر یا اس کے بعد آپ خدمت کی تاریخوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔*

مزید معلومات کے لیے، اپنا آن لائن میمبر اکاؤنٹ وزٹ کریں۔

جو الفاظ معلوم ہونے چاہیئیں

عمل: (1) درخواست کردہ خدمت کا انکار یا محدود اجازت، بشمول خدمت کی قسم اور سطح؛ (2) پچھلی اجازت شدہ خدمت میں کمی، تعطل یا خاتمہ؛ (3) کسی خدمت کی ادائیگی کا مکمل یا اس کے کسی حصے کا انکار؛ (4) ریاست کی تعریف کے مطابق، خدمت کی بروقت فراہمی میں ناکامی؛ (5) 438.408(b) میں فراہم کردہ وقت کی حد کے اندر CCO کی جانب سے عمل کرنے میں ناکامی؛ یا (6) دیہی علاقوں میں مقیم صرف ایک CCO والے، اوریگین ہیلتھ پلان میں داخل کسی فرد کو 438.52(b)(ii) کے تحت نیٹ ورک سے باہر خدمات حاصل کرنے کے حق کی درخواست کا انکار کردینا

شدید ان پیشنٹ نفسیاتی نگہداشت: وہ نگہداشت جو آپ اسپتال میں حاصل کرتے ہیں۔ اس طرح کی نگہداشت کی لازمی طور پر منظوری ہونی چاہیئے۔

ایڈوانس ڈائریکٹو: ایک ایسا دستاویز جو زندگی کے خاتمے کے حوالے سے علاج معلاجے کے سلسلے میں آپ کی خواہشات کی وضاحت کرتا ہے

اپیل: جب آپ اپنے پلان کو کہتے ہیں کہ وہ آپ کے ڈاکٹر کی جانب سے کہی گئی کسی خدمت کے ایسے فیصلے کو تبدیل کرے جس سے آپ اتفاق نہیں کرتے۔ آپ ایک خط لکھ کر یا پھر ایک فارم کو پُر کر کے اس چیز کی وضاحت کر سکتے ہیں کہ پلان کو اپنا فیصلہ کیوں تبدیل کرنا چاہیئے۔ اس کو اپیل دائر کرنا کہا جاتا ہے۔

اپائنٹمنٹ: فراہم کنندہ کے پاس وزٹ کرنا۔

رویوں کی صحت:اس میں ذہنی صحت اور موادوں کے استعمال کے عارضے کا علاج معالجہ شامل ہے

نگہداشت کا پلان: کیئر مینجمنٹ، کیئر کوآرڈی نیشن یا انٹیگرسو کیئر کوآرڈی نیشن سروسز میں شامل میمبران کا پلان۔ نگہداشت کا پلان مکمل شخصیت کی نگہداشت کی معاونت میں مدد۔ یہ میمبر کی ذاتی اہداف، صحت اور تحفظ کے حصول کے لیے مطلوبہ معاونت، نتائج، سرگرمیوں اور وسائل کا خاکہ پیش کرتا ہے۔ منصوبہ مشترکہ تعاون والا، مربوط اور مختلف شعبوں کو باہمی طور پر ملانے پر توجہ مرکوز رکھتا ہے۔ شاندار صحت اور تندرستی کے نتائج کے حصول کے لیے یہ طبی، سماجی، کلچر، نشوونما، رویوں، تعلیمی، روحانی اور مالیاتی ضروریات کو دیکھ سکتا ہے

کیس مینجمنٹ: دیگر اداروں سے آپ کو مؤثر نگہداشت حاصل کرنے میں معاونت کی خدمات۔

چوائس پروگرام: چوائس پروگرام ذہنی عارضوں کے شکار بالغ افراد کو کم سے کم پابندیوں کے ساتھ زندگی گزارنے میں معاونت فراہم کرتا ہے۔ جس میں مقامی احتساب، مربوط نگہداشت، کمیونٹی کے لحاظ سے بنائی گئی خدمات اور عبوری خدمات شامل ہیں۔

مشاورت: آپ کی نگہداشت میں شامل ایک فراہم کنندہ کی جانب سے دوسرے کو فراہم کیا جانے والا مشورہ۔

Trillium ایک کوآرڈی نیٹر کیئر آرگنائیزیشن(CCO) ہے: CCO کمیونٹی کی بنیاد پر ایک تنظیم ہے جو تمام اقسام کے صحت کے نگہداشت فراہم کنندگان ایک ساتھ مل کر لوگوں، خاندانوں اور کمیونٹی کو معاونت فراہم کرتی ہے۔

کوپے: رقم جو ایک شخص کو ہر صحت کی خدمت کے لیے اپنی جیب سے ادا کرنے پڑتی ہے۔ اوریگین ہیلتھ پلان میمبران کے پاس کو پے نہیں ہوتا۔ نجی صحت کے بیمے اور Medicare کے پاس بعض مرتبہ کے پیز ہوتے ہیں۔

پائیدار طبی سازوسامان (DME): چیزیں جیسے ویل چیئرز، والکرز یا اسپتال کے بیڈز۔ یہ پائیدار ہیں، کیوں کہ یہ طویل مدت تک چلتے ہیں۔ یہ طبی سپلائیز کی طرح ختم نہیں ہو جاتے۔

ہنگامی طبی عارضہ: کوئی ایسی بیماری یا چوٹ جس کے باعث فوری نگہداشت کی ضرورت ہو۔ ایسا خون بہنا جو بند نہ ہو رہا ہو، شدید درد یا ٹوٹی ہوئی ہڈیاں۔ اس میں کوئی ایسی چیز بھی ہو سکتی ہے کہ جس میں آپ کے جسم کا کوئی حصہ درست انداز میں کام کرنا بند کر دے۔ ایک ہنگامی ذہنی صحت سے مراد آپے سے باہر ہوجانے کا احساس ہے، یا خود کو یا دوسرے لوگوں کو نقصان پہنچانے والا احساس ہے۔

ہنگامی ٹرانسپورٹیشن (سواریاں): طبی نگہداشت کے حصول کے لیے ایمبولینس یا لائف فلائٹ کا استعمال۔ سواری یا پرواز کے دوران ایک ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشن (EMT) نگہداشت فراہم کرتاہے۔

ER اور ED: ایمرجنسی روم اور ایمرجنسی دپارٹمنٹ، اسپتال کی وہ جگہ ہیں جہاں آپ طبی یا ذہنی صحت کی ہنگامی صورتحال کے لیے نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں۔

ہنگامی خدمات: ایسی نگہداشت جو اچانک پیدا ہونے والی سنجیدہ نوعیت کی طبی یا ذہنی صحت کی صورتحال کو بہتر بنائے یا اس کو مستحکم کرے

اخراج کردہ خدمات: ایسی چیزیں جن کی ادائیگی صحت کا پلان نہیں کرتا۔ ایسی خدمات جو آپ کی شباہت کو اچھا بناتی ہوں، جیسا کہ کاسمیٹکس سرجری اور ایسی چیزیں جو خود بخود ٹھیک ہو جاتی ہوں مثلاً نزلہ زکام وغیرہ تو ان کو خارج کیا جاتاہے۔

شکایت: پلان، فراہم کنندہ یا کلینک کے بارے میں شکایت۔ قانون کہتا ہے کہ CCOs کو لازمی طور پر ہر شکایت پر ردِ عمل دینا چاہیئے۔

بحالی کی خدمات اور آلات: صحت کی نگہداشت کی ایسی خدمات جو آپ کو روزمرہ کی زندگی کے کاموں اور مہارتیں سکھانے، ان کو برقرار رکھنے یا بہتر بنانے میں معاونت فراہم کریں۔

صحت کا بیمہ: ایک ایسا پروگرام جو صحت کی نگہداشت کی ادائیگی کرتا ہے۔ پروگرام میں آپ کے سائن اَپ کرنے کے بعد، ایک کمپنی یا حکومتی ادارہ شامل شدہ صحت کی خدمات کی ادائیگی کرتے ہیں۔ بیمے کے بعض پروگرام ماہانہ ادائیگیاں وصول کرتے ہیں، جن کو پریمیئم کہا جاتاہے۔

صحت کے خطرے کی تشخیص/اسکریننگ کیا ہے: سوالات کی ایک ایسی فہرست جو ہمیں آپ کی صحت کی مخصوص ضروریات کو بہتر انداز میں سمجھنے میں مدد کرتے ہے۔

گھر پر صحت کی نگہداشت: وہ خدمات جو آپ آپریشن، بیماری یا چوٹ لگنے کے بعد بہتر زندگی بسر کرنے کے لیے گھر پر وصول کرتے ہیں۔ ان میں جو خدمات شامل ہیں ان میں سے بعض ادویات، کھانا اور نہانا وغیرہ شام

ایمبولینس کی خدمات: مرنے والے فرد اور اس کے خاندان والوں کو پرسکون کرنے کی خدمات۔ اسپتال میں لچک ہوتی ہے اور اس میں درد کا علاج معالجہ، کاؤنسلنگ اور فقفے کی نگہداشت شامل ہو سکتی ہیں۔

اسپتال کے ان پیشنٹ اور اوٹ پیشنٹ کی نگہداشت: اسپتال کی ان پیشنٹ نگہداشت یہ ہے کہ جب کوئی مریض ایک اسپتال میں داخلو اور کم از کم 3 راتوں کے لیے قیام کرے۔ آؤٹ پیشنٹ نگہداشت سے مراد یہ ہے کہ آپ اس پتال میں کوئی آپریشن یا علاج معالجہ کروائیں اور اس کے بعد وہاں سے چلے جائیں۔

انٹینسو کیئر کوآرڈی نیشن سروسز (ICC) کیا ہیں: اعلیٰ سطح کی کیئر کوآرڈی نیشن خدمات۔ پیچیدہ عوارض یا ضروریات میں ICC معاونت کرتی ہے۔ کوئی بھی میمبر جس کو ضرورت ہو وہ اپنے آپ کو ریفر کر سکتا ہے۔ ایک کیس مینجر آپ سے رابطہ کرے گا۔

ابتدائی خطرے کی اسکریننگ: ایک مختصر اسکریننگ فارم جس سے ہمیں اس بات کی نشاندہی کرنے میں مدد ملے گی کہ ہم یہ دیکھ پائیں کہ ہم کس طرح سے مدد کر سکتے ہیں۔

مترجم کی خدمات: ایسے افراد جو وہ زبان نہیں بولتے جو فراہم کنندہ کی ہے یا پھر سماعت کی معذوری کا شکار افراد کے لیے زبان یا سائن لینگوج کے مترجمین۔

لائسنس یافتہ میڈیکل پریکٹیشنر: کوئی ایسا فرد جو ادویات لکھنے کے لیے سند یافتہ ہے

محدود خدمات: ذہنی صحت کی خدمات جو صرف جزوی طور پر شامل ہیں۔ اگر آپ کو علم ہے کہ خدمات محدود ہیں اور کسی بھی طرح سے نگہداشت کو قبول کرتے ہیں تو ایسی صورت میں آپ کو ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے۔ اس میں وہ خدمات بھی شامل ہیں جو خرابی کی نشاندہ کرنے سے بھی آگے کی ہیں۔

طبی طور ضروری: کسی طبی عارضے یا اس کی علامات کو روکنے، تشخیص کرنے یا ان کا علاج معالجہ کرنے لیے ضروری خدمات اور سازوسامان۔ اس میں وہ خدمات بھی شامل ہیں جو طبی شعبہ میں معیاری علاج معالجے کے طور پر قبول کی جاتی ہیں۔

طبی صحت کا پلان: صحت کا پلان جو اوریگین ہیلتھ اتھارٹی (OHA) کے ساتھ کانٹریکٹ کرتا ہے۔ یہ پلان طبی، جراحتی، بچاؤ کی اور کیمیائی موادوں پر انحصار کی خدمات فراہم کرتا ہے۔

ادویات کی دیکھ بھال: آپ کی ادویات کا آرڈر کرنا اور ان کی نگرانی کرنا، لیکن آپ کی ادویات کی قیمت کو شامل نہ کرنا۔

ذہنی صحت ڈائریکٹو: ایک دستاویز جس میں اس علاج معالجے کی وضاحت کی گئی وہ جو آپ اس وقت چاہیں جب آپ کسی ذہنی بیماری کے باعث معذور (اچھے فیصلے کرنے کے قابل نہ ہوں) ہوجائیں۔

نیٹ ورک: طبی، ذہنی صحت، ڈینٹل، فارمیسی اور سازوسامان کے فراہم کنندگان جن کے ساتھ ایک کوآرڈی نیٹر کیئر آرگنائیزیشن (CCO) کانٹریکٹ کرتی ہے۔

نیٹ ورک فراہم کنندہ: کسی بھی CCO کے نیٹ ورک میں شامل کوئی فراہم کنندہ۔ اگر کوئی میمبر نیٹ ورک فراہم کنندہ کو دکھاتا ہے، تو اس کی ادائیگی پلان کی جانب سے کی جتی ہے۔ کچھ نیٹ ورک ماہرین میمبران کے لیے اپنے بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ (PCP) سے ریفرل حاصل کرنے کی شرط بھی عائد کرتے ہیں۔

غیرن نیٹ ورک فراہم کنندہ: ایسا فراہم کنندہ جس نے CCO سے کانٹریکٹ پر دستخط نہیں کئے ہیں، اور ہوسکتا ہے کہ وہ اپنی خدمات کے بدلے میں CCO کی جاانب سے ادائیگی کو مکمل ادائیگی کے طور پر قبول نہ کریں۔

محتسب: ایک غیرجانبدار فرد کہ جو صحت کے پلان کا حصّہ نہیں ہے اور میمبران کی شکایات حل کرنے میں معاونت فراہم کرتا ہے۔

نیٹ ورک سے باہر فراہم کنندہ: ایسا فراہم کنندہ جس نے CCO سے کانٹریکٹ پر دستخط نہیں کئے ہیں، اور ہوسکتا ہے کہ وہ اپنی خدمات کے بدلے میں CCO کی جاانب سے ادائیگی کو مکمل ادائیگی کے طور پر قبول نہ کریں۔

جسمانی صحت: آپ کے جسم سے متعلق صحت۔

ڈاکٹر کی خدمات: وہ خدمات جو آپ اپنے ڈاکٹر سے حاصل کرتے ہیں۔

پلان: ایک طبی، ڈینٹل، ذہنی صحت کا ادارہ یا CCO جو اپنے ارکان کی صحت کی نگہداشت کی خدمات کی ادائیگی کرتا ہے۔

پریمیئم: مخصوص رقم جو بیمہ پالیسی کے لیے ادا کی جاتی ہے۔

پیشگی اجازت (پیشگی مجازیت یا PA): ایک دستاویز جو کہتا ہے کہ خدمات کی ادائیگی آپ کا پلان کرے گا۔ کچھ پلان اور خدمات میں خدمات کے حصول سے پہلے PA حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس طرح کی نگہداشت عموماً ڈاکٹر انجام دیتے ہیں۔

نسخے پر لکھی گئی ادویات: وہ دوا جو آپ کا ڈاکٹر کہتاہے کہ آپ استعمال کریں۔

نسخہ پر لکھی گئی دوا کی کوَرج: صحت کا بیمہ یا پلان جو نسخہ پر لکھی ہوئی ادویات کی ادائیگی میں مدد کرتا ہے۔

بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ (PCP): اس کو "PCP" بھی کہتے ہیں، یہ ایک طبی پیشہ ورانہ ماہر ہوتا ہے جو آپ کی صحت کی نگہداشت کرتا ہے۔ عموماً یہ وہ شخص ہو تا ہے جس کو آپ صحت کے مسائل یا نگہداشت کی ضرورت کے وقت سب سے پہلے کال کرتے ہیں۔ آپ کا PCP کوئی ڈاکٹر، نرس پریکٹشنر، ڈاکٹر کا معاون، مالشی معالج یا بعض مرتبہ قدرتی طریقے سے علاج معالجہ کرنے والا نیچروپیتھ بھی ہوسکتا ہے۔

بنیادی نگہداشت کا ڈاکٹر: بنیادی نگہداشت کا ڈاکٹر یا PCP ایک فزیشن یا میڈیکل ڈاکٹر ہوتا ہے جو کسی فرد میں غیرتشخیص شدہ صحت کے خدشات کے علاوہ مختلف طرح کے طبی عارضوں کی جاری نگہداشت کے لیے پہلا رابطہ ہوتا ہے۔

بنیادی نگہداشت ڈینٹسٹ: وہ ڈینٹسٹ جس کے پاس آپ اپنے دانتوں اور مسوڑوں کی نگہداشت کے لیے عموماً جاتے ہیں۔

فراہم کنندہ: ایسا کوئی فرد یا ادارہ جو صحت کی نگہداشت کی خدمات فراہم کرتا ہو۔

بحالی کی خدمات: عموماً آپریشن، چوٹ لگنے یا منشایت کے استعمال کے بعد طاقت بحال کرنے، کام کرنے یا رویوں کو بہتر بنانے کے خصوصی خدمات

خود سے ریفرل: یعنی آپ کو نگہداشت حاصل کرنے کے لیے اپنے بنیادی علاج معالجہ کرنے والے ڈاکٹر سے اجازت حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

ماہر نرسنگ نگہداشت: زخم کی نگہداشت، تھیراپی یا آپ کی ادویات لینے میں ایک نرس کی مدد۔ آپ اسپتال، نرسنگ ہوم یا گھر پر صحت کی نگہداشت کی مدد سے اپنے ذاتی گھر میں بھی ماہر نرسنگ نگہداشت حاصل کر سکتے ہیں۔

اسپیشلسٹ: ایک طبی پیشہ ورانہ ماہر جس کو جسم کے مخصوص اعضا یا کسی خاص قسم کی بیماری کی نگہداشت فراہم کرنے میں خصوصی تربیت حاصل ہے۔

اسٹیٹ فیئر ہیئرنگ: کسی فائدہ کا انکار کرنے، اس میں کمی لانے یا اس کو بند کرنے کے اقدام کے حوالے سے OHA کی سماعت۔ ایک OHP میمبر یا میمبر کا نمائندہ سماعت کے لیے کہ سکتا ہے۔

فوری نگہداشت: ایسی نگہداشت جو آپ کو کسی سنگین درد، کسی زخم یا بیماری کو خراب ہونے سے بچانے یا جسم کے کسی حصے کے کام کرنے کو بند کر دینے کو روکنے کے لیے اسی دن درکار ہو۔

نوٹس

نوٹس